ماہنامہ
مارچ 2025ء
طلوعِ اسلام
لاہور
اشاعت کا اکیاسی واں سال

قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر

لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ (الحدیث)

حضرت محمد ﷺ کے بعد نبوت کا ہر دعویٰ باطل ہے

علامہ اقبالؒ کے ایماء اور قائداعظمؒ کی خواہش پر 1938ء سے شائع ہونے والا ماہنامہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پرویز صاحب کے علمی اسلوب تحقیق کی تائید

قرآنی نظریات کی روشنی میں مغرب کے غلط تصورات کی تردید میں محترم پرویز اور ہمارے ہاں کے مفکرین نے بہت کچھ لکھا ہے۔ ان میں سے ڈاکٹر علامہ اقبالؒ، ڈاکٹر رفیع الدین احمد اور ڈاکٹر برہان احمد فاروقی کی تصنیفات سے چند اقتباسات پیش کئے جا رہے ہیں۔ جب بھی قارئین ان اقتباسات کی روشنی میں محترم پرویز صاحب کی تصنیفات کا جائزہ لیں گے تو وہ ان تمام خوبیوں کو بشمول دیگر خوبیوں کے ان میں پائیں گے۔ اس موضوع پر محترم پرویز صاحب کا موقف جاننے کے لئے خصوصی طور پر ان کی تصانیف ''انسان نے کیا سوچا'' اور ''اسلام کیا ہے'' ملاحظہ فرمائی جاسکتی ہیں۔

(1) ڈاکٹر علامہ اقبالؒ کا موقف:

1- عقل اور وحی میں تصادم نہیں بلکہ دونوں لازم وملزوم ہیں۔

2- قرآن سے راہنمائی حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ:

(الف) اپنے زمانوں کے تقاضوں اور اپنے دور کی فکری کاوشوں سے متعارف ہوں۔

(ب) قرآن کریم کو عربی زبان اور تصریفِ آیات کی رو سے سمجھنا چاہئے اور اس پر خارجی عناصر کو اثرانداز نہیں ہونے دینا چاہئے۔

(2) ڈاکٹر محمد رفیع الدین کا موقف:

مغرب کے غلط فلسفیانہ تصورات کی تردید قرآنی نظریات سے کرتے ہوئے مصنف کے لئے ضروری ہے کہ:

1- وہ روحِ قرآن کے ساتھ پوری پوری واقفیت پیدا کریں جس کے بغیر قرآنی اور غیر قرآنی تصورات میں تمیز کرنا مشکل ہوگا۔

2- وہ مغرب کے غلط تصورات کے اصل ماخذ اور ان کے متبعین کے طرز خیال وعمل سے پوری پوری واقفیت پیدا کریں۔

3- وہ علم کے تمام شعبوں سے یعنی مادی، حیاتیاتی اور نفسیاتی علوم اور فلسفہ سے جو ان علوم کو جمع کر کے ایک مکمل نظریہ کائنات ترتیب دیتا ہے، اس حد تک واقف ہوں کہ ان کی ساری وسعت میں جہاں کہیں کوئی اسلامی تصور موجود ہو اسے پہچان کر لے سکیں اور استخراج اور استنباط سے مزید صحیح اسلامی تصورات کو اخذ کر سکیں۔

بقیہ صفحہ نمبر 66 پر

ماہنامہ
طلوعِ اسلام
لاہور
مارچ 2025ء

جلد 78 شمارہ نمبر 03

اس شمارے میں

عنوان	مصنف	صفحہ نمبر
لمعات: 23 مارچ	ادارہ	4
ہماری نمازیں اور روزے بے نتیجہ کیوں ہیں؟	علامہ پرویز علیہ الرحمہ	8
ایک شذرہ	جمیل احمد عدیل	14
ہلالِ عید ہماری ہنسی اُڑاتا ہے	علامہ پرویز علیہ الرحمہ	18
قیامِ پاکستان کے بعد پہلی عید کی کہانی پرویزؒ صاحب کی زبانی	محمد سلیم اختر خاں	37
مکتوبِ پرویزؒ بنام خالد گل صاحب	ادارہ	38
کیا قائداعظم پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانا چاہتے تھے؟	علامہ پرویز علیہ الرحمہ	40
قرآن اور سنت	محمد انور خان، اسلام آباد	49
اقبال کا شاہین ہو کہ پرویز کا سلیم	نفیسہ فریاد چاہل	51

چیئرمین: خورشید انور

مجلسِ ادارت
ڈاکٹر انعام الحق، ڈاکٹر اعجاز رسول
اقبال ادریس ایڈووکیٹ

مدیر انتظامی: محمد سلیم اختر

قانونی مشیر: ملک محمد سلیم ایڈووکیٹ

ادارہ کا مضمون نگار کی تحریر سے کُلّی اتفاق ضروری نہیں۔

زرِتعاون: 50 روپے فی پرچہ
پاکستان: 600 روپے سالانہ
رجسٹرڈ ڈاک: 1000 روپے سالانہ

ENGLISH SECTION

The Sunrise of Humanity (*Tulu-e Aftaab* طلوع آفتاب)
Meraj-e Insaaniyat (The Pinnacle of Humanity)
by G. A. Parwez (Translate by: Mansoor Alam) 57

ادارہ طلوعِ اسلام B-25 گلبرگ 2، لاہور 54660، (پاکستان)
Phone: 042-35714546
Cell: +92 310-4800818
idarati@gmail.com www.facebook.com/Talueislam

Bank Account Idara Tolu-e-Islam
National Bank of Pakistan, Main Market Branch Gulberg Lahore

For Domestic Transactions
Bank A/C No: 0465004073177672

For International Transactions
IBAN:PK36NBPA0465004073177672
Swift Code: NBPAPKKAA02L

ادارہ طلوعِ اسلام (رجسٹرڈ) کی مطبوعات سے حاصل شدہ جملہ آمدن قرآنی فکر عام کرنے پر صَرف کی جاتی ہے

ناشر: عرفان راٹھور اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز سے چھپوا کر B-25، گلبرگ II لاہور سے شائع کیا

طلوعِ اسلام

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں
جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں
کوئی اندازہ کرسکتا ہے اُس کے زورِ بازو کا!
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں
ولایت، پادشاہی، علم اشیا کی جہاں گیری
یہ سب کیا ہیں، فقط اک نکتۂ ایماں کی تفسیریں
براہیمی نظر پیدا مگر مشکل سے ہوتی ہے
ہوس چھپ چھپ کے سینوں میں بنالیتی ہے تصویریں
تمیزِ بندہ و آقا فسادِ آدمیّت ہے
حذر اے چیرہ دستاں! سخت ہیں فطرت کی تعزیریں
حقیقت ایک ہے ہر شے کی، خاکی ہو کہ نوری ہو
لہو خورشید کا ٹپکے اگر ذرّے کا دل چیریں
یقیں محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم
جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

چہ باید مرد را طبع بلندے، مشرب نابے
دلِ گرمے، نگاہِ پاک بینے، جانِ بیتابے

(بانگِ درا۔ علامہ اقبالؒ)

(جاری ہے)

ادارہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

23 مارچ

یوں تو ہر دن اللہ ہی کا ہوتا ہے لیکن بعض دنوں میں اس قسم کے عظیم الشان انقلاب واقع ہوتے ہیں کہ قرآن انہیں ''ایام اللہ'' کہہ کر پکارتا ہے۔ اسی طرح قوموں کی زندگی میں بعض دن ایسے آتے ہیں جن میں ان کا کاروان حیات ایک نیا موڑ مڑتا ہے اور اس سے ان کی قسمت کا پانسہ پلٹ جاتا ہے۔ اس قسم کے دن قوموں کی زندگی میں یادگار بن جاتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں درخشندہ حروف میں لکھے جاتے ہیں مسلمانانِ ہندو پاکستان کی حیات ملی میں گذشتہ پچیس سال کے عرصہ میں کئی دن ایسے آئے ہیں جن کی یاد کو تاریخ اپنی آغوش میں محفوظ رکھے گی۔ ان میں سب سے پہلا یادگار دن 29 دسمبر 1930ء کا تھا جب الہٰ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں، حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے اپنا وہ خطبۂ صدارت ارزانی فرمایا جس نے فی الحقیقت اس قوم کے مستقبل کے دھارے کا رخ بدل دیا۔ اس سے پہلے مسلمانانِ ہند ایک راہ گم کردہ قافلے کی طرح پریشان وسرگرداں، ادھر ادھر مارے مارے پھرتے تھے۔ ان کے پاؤں اٹھتے تھے لیکن نہ سراغ راہ ان کے سامنے تھا نہ نشان منزل۔ وہ ہر دور سے نظر آنے والے غبار کی طرف لپک کر بڑھتے تھے کہ شاید اس میں وہ ''شہ سوارِ اشہبِ دوراں'' ہو جو انہیں صحیح وسلامت منزل مقصود تک لے جائے لیکن اس کے بعد مایوس ہو کر بیٹھ جاتے تھے کہ وہ غبار، بگولے کے رقص سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اس تشتت وانتشار اور یاس وحزن کے عالم میں اس حکیم الامت نے جسے قرآنی بصیرت نے دیدۂ انجم عطا فرمایا تھا، ان پراگندہ افرادِ کارواں کو پکارا اور نہایت حکمت وتدبر اور شفقت ومحبت سے انہیں بتایا کہ ان کی منزل مقصود کیا ہے اور اس تک پہنچنے کا صحیح راستہ کونسا۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنے مخاطبین سے کہا کہ

> آپ نے مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت کے لئے اس شخص کو منتخب کیا ہے جو اسلام کے مستقبل سے مایوس نہیں۔ اسے پورا پورا یقین ہے کہ اسلام میں وہ قوت موجود ہے جو انسان کو اس کی تنگ نظری سے نجات دلا سکتی ہے جسے جغرافیائی حدود نے پیدا کر دیا ہے۔ جس کا ایمان یہ ہے کہ ایک فرد یا مملکت کی زندگی میں مذہب کی قوت بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اور جو (اس حقیقت پر علیٰ وجہ البصیرت) یقین رکھتا ہے کہ اسلام اپنی تقدیر آپ ہے۔ اس لئے دنیا کا کوئی حادثہ اسے تباہ نہیں کر سکتا۔

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ یہ تمہاری غلط نگہی ہے جو تم نے سمجھ رکھا ہے کہ مسلمانوں کی قومیت وطن کی حدود سے متشکل ہوتی ہے۔ ان کی قومیت کا مدار اسلام پر ہے۔

جس نے جذبات اور وفا شعاریوں کے وہ بنیادی اصول عطا کئے ہیں جو رفتہ رفتہ پراگندہ افراد اور منتشر گروہوں میں یک جہتی اور یک نگہی پیدا کر کے انہیں آخرالامر ایک متعین قوم میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

قومیت کی ان نئی بنیادوں کی وضاحت کے بعد، وہ مسلمانانِ ہند کے مستقبل کو سامنے لائے اور کہا کہ

میں چاہتا ہوں کہ پنجاب۔صوبہ سرحد۔سندھ اور بلوچستان کو ایک دوسرے میں مدغم کر کے ایک مملکت بنالیا جائے۔

انہوں نے اپنی اس آواز کے اظہار تک ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ایمان و ایقان کی ایک ایسی آواز کے ساتھ جو دل کی گہرائیوں سے ابھرا کرتی ہے، پورے حتم و یقین سے فرمایا کہ

حکومت برطانیہ کے دائرہ کے اندر رہ کر ہو یا آزادانہ طور پر۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک مستحکم اور متحدہ مملکت کا قیام ان کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔

یہ تھا نشانِ منزل (یعنی ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک متحدہ مملکت کا قیام) اور وہ تھا سراغِ راہ (یعنی وطنی، نسلی، لسانی نسبتوں سے بلند ہو کر، محض اسلام کی بنیادوں پر مسلم قومیت کی تشکیل) جو ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو اس پراگندہ فکر اور افسردہ خاطر قوم کے سامنے رکھا گیا۔ یہ دن، فی الحقیقت مسلمانانِ ہندوستان کی زندگی میں، ہمیشہ زندہ و تابندہ رہنے والا دن تھا۔

چونکہ ہر انقلابی آواز کی طرح یہ آواز بھی اپنے زمانے سے بہت آگے تھی اس لئے کسی نے اسے سنجیدگی سے درخورِ اعتنا نہ سمجھا۔ لیکن زمانے کے تقاضے قوم کو کشاں کشاں اسی طرف لئے جا رہے تھے۔ انہی تقاضوں نے ان میں قائداعظمؒ جیسی شخصیت کو ابھار دیا۔ انہوں نے سب سے پہلے، قومیت کے اس ''جدید'' تصور کے ماتحت، مسلمانانِ ہند کو ایک جداگانہ ملت کی حیثیت سے منظم کیا اور اس کے بعد ان میں اس منزل کے شعور کو بیدار کیا جس کا نشان اقبال نے ۱۹۳۰ء میں دیا تھا۔ چنانچہ چند ہی سال کی کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس قوم نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو، اسی حکیم الامتؒ کے مرقد کے سرہانے کھڑے ہو کر اپنے اس عزم کا اعلان کیا کہ ہم ہندوستان میں اپنی جداگانہ مملکت کو قائم کر کے رہیں گے۔ یہ دن اس قوم کی کتابِ زندگی میں ستاروں کی روشنائی میں لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس عزم کے بعد، اس منزل تک پہنچنے کے لئے مسلسل جدوجہد جاری رہی تا آنکہ انہیں نہ صرف شمال مغربی بلکہ اس کے ساتھ ہی شمال مشرقی ہند میں بھی ایسا خطۂ زمین مل گیا جس میں یہ اپنے تصورات کے مطابق اپنی آزاد مملکت قائم کر سکتے تھے۔ یہ انقلابِ عظیم 14 اگست 1947ء کو واقع ہوا۔ یہ دن ان کی حیاتِ ملی میں ہزاروں مسرتوں اور لاکھوں شادمانیوں کا پیامبر تھا اور بلاشائبۂ تشکیک، قرطاسِ ارض پر سورج کی کرنوں سے مرصع کاری اور زرنگاری کا مستحق۔ اس طرح سترہ سال کے قلیل

عرصہ میں (جو قوموں کی زندگی میں پلک جھپکنے سے زیادہ کا عرصہ نہیں کہلا سکتا) ایک ''شاعر کا خواب'' خواب یوسف کی طرح حقیقت ثابتہ بن کر سامنے آ گیا۔

لیکن جہاں ایک طرف' اس قوم کی قسمت کے ستارے یوں ایک ایک کر کے بیدار ہوتے جا رہے تھے' تاریکی کا ایک گوشہ بھی اس کے ساتھ چلا آ رہا تھا کہ اقبالؒ نے پاکستان کا تصور دیا لیکن قبل اس کے کہ یہ حقیقت منتظر' لباس مجاز میں سامنے آ جائے' وہ ہم سے رخصت ہو گیا۔ پھر جناحؒ نے وہ خطۂ ارض حاصل کر لیا جس میں اس جدید مملکت کو متشکل ہونا تھا لیکن قبل اس کے کہ اس کی بنیادیں اس نقشے کے مطابق استوار ہوں۔ وہ بھی ہمیں الوداع کہہ گیا۔ اب قوم کے برسر اقتدار طبقہ کی حالت ان رئیس زادوں کی سی ہو گئی جنہیں بیٹھے بٹھائے ایک ریاست ورثہ میں مل جائے۔ اور عوام کی حالت ان یتیموں کی سی جن کا کوئی والی وارث ہی نہ رہے۔ چنانچہ اس عرصہ میں' اوپر کے طبقے نے اس مفت میں ملی ہوئی ریاست کا جو کچھ حشر کیا اور نیچے کے طبقے کے ساتھ جو کچھ بیتی اس کے متعلق اس سے زیادہ اور کیا کہا جائے کہ

فَلْيَضْحَكُوا قَلِيلًا وَّلْيَبْكُوا كَثِيرًا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿۸۲﴾ (9:82)

انہوں نے جو کچھ اپنے ہاتھوں سے کیا ہے' انہیں چاہئے کہ اسے دیکھ کر روئیں بہت زیادہ اور ہنسیں بہت کم۔

اقبال نے تخلیق پاکستان کی اہمیت یہ بتائی تھی کہ

ہندوستان میں' بہ حیثیت ایک ثقافتی قوت کے' اسلام کی زندگی کا دارومدار اس پر ہے کہ اسے ایک خاص خطہ میں مرکوز کر دیا جائے۔

اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ ''یہ خطۂ زمین بیرونی حملہ آوروں کی مدافعت کا ذریعہ بن جائے گا خواہ وہ حملے توپ و تفنگ کے ہوں اور خواہ نظریات و تصورات کے۔'' اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ

اس سے اسلام کو اس کا موقع مل سکے گا کہ وہ اپنے آپ کو ان اثرات سے پاک اور صاف کر لے جنہوں نے اسے عربی ملوکیت کے زمانے میں ملوث کر دیا تھا۔ یہ اپنی تعلیم' اپنی ثقافت اور اپنے قوانین کو ایک طرف حقیقی اسلام سے اور دوسری طرف دور حاضرہ کے تقاضوں سے قریب تر کر سکے گا۔

یہ تھے وہ فوائد جو اسلام کو اس صورت میں حاصل ہونا تھے جب شمال مغربی خطہ ایک واحد مملکت بن جاتا۔ اب جبکہ ہم نے شمال مغربی خطہ کو ایک مملکت بنا لیا ہے' ہمارے پیش نظر ان مقاصد کا حصول ہونا چاہئے۔ یعنی ہم اس خطۂ زمین میں ایسا معاشرہ قائم کریں جو حقیقی اسلام (یعنی قرآن) کے اصولوں پر متشکل ہو اور ان اصولوں کی روشنی میں ہم ایسے جزئی قوانین مرتب کریں جو دور حاضر کے تقاضوں کو کما حقہٗ پورا کر سکیں۔ اسی سے اسلام ان غیر اسلامی عناصر سے منزہ ہو سکے گا جو ہمارے دور ملوکیت کی یادگار ہیں اور جنہیں ہم غلط فہمی سے ہزار برس سے (حقیقی اسلام سمجھ کر) سینے سے لگائے پھر رہے ہیں اور اسی سے ہمارا دین ایک زندہ قوت بن کر دنیا میں ہماری حفاظت اور صیانت کا ذمہ دار بن جائے گا۔ اس لئے کہ (اقبال کے الفاظ

میں) تاریخ کے نازک ادوار میں، اسلام نے مسلمانوں کو بچایا ہے۔ مسلمانوں نے اسلام کو نہیں بچایا۔''

اقبالؔ نے اپنے مذکورۂ بالا خطبہ میں یہ بھی بتایا تھا کہ ہمارے زوال کی دو علتیں بالکل نمایاں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہم میں صحیح ٹائپ کے لیڈر نہیں۔

> لیڈر سے میری مراد ایسے افراد ہیں جو اپنی خداداد بصیرت یا تجربہ کی بنا پر، اسلام کی روح اور اس کی غایت سے پوری طرح واقف ہوں اور دوسری طرف عصر حاضر کے تقاضوں کا بھی صحیح صحیح احساس رکھتے ہوں۔ اس قسم کے افراد درحقیقت قوم کے لئے ''خدائی قوت'' کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ خدا کی طرف سے بنے بنائے ملتے ہیں۔ آرڈر دے کر بنوائے نہیں جاسکتے۔

دوسری علت انہوں نے یہ بتائی تھی کہ ہماری قوم میں ''ملی شعور'' کی کمی ہوتی جارہی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے ذاتی مفاد کے پیچھے پڑا رہتا ہے اور ملت کے تعمیری کاموں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ہاں اس وقت کوئی لیڈر بھی ان خصوصیات کا حامل نہیں جس کی طرف اقبال نے اشارہ کیا ہے۔ جو لوگ فضا میں خلا کی وجہ سے مذہبی پیشوائیت کی مسندوں پر متمکن ہو گئے ہیں اور زمامِ اقتدار اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں انہیں نہ اس کا علم ہے کہ اسلام کی روح اور غایت کیا ہے اور نہ ہی اس کا شعور کہ عصر حاضر کے تقاضے کیا۔ لیکن اس کمی کو اس طرح پورا کیا جاسکتا ہے کہ ہم باہمی مشاورت سے اپنے تمام معاملات میں قرآن سے راہنمائی حاصل کریں اور اس کی روشنی میں عصر حاضر کے پیش کردہ مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ ہوسکتا ہے کہ اس کوشش میں ہم کسی جگہ غلطی بھی کر جائیں۔ لیکن غلطیوں سے کبھی گھبرانا نہیں چاہئے۔ مزید تجربہ غلطیوں کی اصلاح خود بخود کر دیا کرتا ہے۔ باقی رہی قوم میں ملی شعور کی بیداری، سو اس کی واحد صورت وہی ہے جسے قرآن نے بطور اصل الاصول پیش کیا ہے۔ یعنی انفرادی مفاد کو کم از کم کر کے ملی مفاد کو زیادہ سے زیادہ کر دیا جائے۔ بالفاظ دیگر، رزق کے سرچشموں کو انفرادی ملکیت سے نکال کر ملت کی اجتماعی تحویل میں دے دیا جائے تاکہ وہ انہیں تمام افرادِ ملت کی نشوونما کے کاموں میں صرف کر سکے۔ قرآن نے اقوام کی تخلیق اور نشاۃ ثانیہ کا ایک اہم اصول بتایا ہے اور وہ یہ کہ پوری کی پوری قوم ایک فرد واحد کی حیثیت سے زندگی بسر کرے۔ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ (31:28) اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ رزق کے سرچشموں میں افراد کا الگ الگ مفاد نہ رہے بلکہ پوری ملت کا مفاد مشترکہ ہو اور اس کے بعد کسی کے دل میں قطعاً یہ خیال نہ پیدا ہو کہ وہ سندھی ہے یا پنجابی۔ بلوچی ہے یا سرحدی۔ اگر اسلام لانے کے بعد بھی، امتیازاتِ رنگ و بو کے یہ بت ہمارے دلوں میں قائم رہے تو سمجھ لیجئے کہ ہمارے دلوں میں ایمان نے گھر نہیں کیا۔ ہم بدستور مشرک کے مشرک ہیں۔

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝۳ (76:3)

علامہ غلام احمد پرویز علیہ الرحمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہماری نمازیں اور روزے بے نتیجہ کیوں ہیں؟

سلیم! میرے مضامین پڑھ کر جو خیالات تمہارے دل میں پیدا ہوئے وہ بالکل فطری ہیں اور ہر اس شخص کے دل میں پیدا ہونے چاہئیں جو قرآن کریم کا خالی الذہن ہو کر مطالعہ کرتا ہے اور جس کی نگاہ ان حقائق کی متلاشی ہوتی ہے جنہیں خدا نے اس کتاب مبین میں بے نقاب کر کے رکھ دیا ہے اور جو قوموں کی تباہی و بربادی اور فوز و فلاح کے لئے غیر متبدل اور اٹل قوانین ہیں۔ تم میرے مسلک سے واقف ہو۔ میں قرآن کو مسلمانوں ہی کی نہیں بلکہ تمام نوع انساں کی انفرادی اور اجتماعی مشکلات کا واحد حل اور زندگی کے مصائب و آلام کا حتمی علاج سمجھتا ہوں اور میرا یہ عقیدہ محض خوش فہمی پر مبنی نہیں بلکہ میں علیٰ وجہ البصیرت اس کا یقین رکھتا ہوں، ایسا یقین جو وجہ طمانیت قلب اور باعث تسکین روح ہوا کرتا ہے، نہ کہ توہم پرستی کا پیدا کردہ فریب نفس جسے یقین اور اطمینان کا نام دے دیا جاتا ہے۔

تم پوچھتے ہو، اور ایسا پوچھنے میں تم بالکل حق بجانب ہو، کہ جب مسلمانوں کی ایک کثیر جماعت آج نمازیں بھی پڑھتی ہے، روزے بھی رکھتی ہے، زکوٰۃ بھی دیتی ہے، حج کا فریضہ بھی ادا کرتی ہے، تو ان اعمال کا وہ نتیجہ مرتب کیوں نہیں ہوتا جو عہد محمد ﷺ رسول اللہ والذین معہٗ (حضور نبیٔ اکرم ﷺ اور صحابہؓ کے عہد) میں ہوتا تھا۔ چونکہ تم فلسفیانہ موشگافیوں اور منطقیانہ اصطلاحات میں الجھنے کے عادی نہیں، اور نہ ہی یہ طریق ان حقائق کو سمجھنے کے لئے چنداں مفید ہوتا ہے، اس لئے تمہیں کھلے کھلے الفاظ میں بتانا چاہتا ہوں کہ آج ہمارے یہ ''اعمالِ حسنہ'' کیوں بے نتیجہ رہتے ہیں۔

سلیم! ذرا غور کرو کہ جاڑے کا موسم ہے۔ سخت سردی کا دن۔ شام کے قریب، جبکہ آفتاب کی شعاعوں میں تمازت باقی نہیں رہی، رحمت کی بیوی اپنے خوردسال بچوں کو لے کر اپنی تنگ و تاریک کوٹھڑی میں بیٹھی ہے۔ رحمت کی بیوی کو تم جانتے ہو؟ تم بچپن میں ان کے ہاں کھیلنے جایا کرتے تھے۔ عمر کا تقاضا تھا کہ اس کے چہرے پر شگفتگی و شادابی ہوتی۔ لیکن مسلسل فاقوں نے اسے ایسی افسردگی اور پژمردگی میں بدل دیا تھا کہ وہ ایک اجڑا ہوا بہشت معلوم ہوتا تھا جس پر سوائے نورِ عصمت کے (جو ہر ایسی پاک دامن بی بی کے چہرے پر ہونا چاہئے) رونق اور زندگی، تازگی اور بشاشت کا کوئی نشان تک باقی نہ تھا۔ ہاں! وہ

اپنے بچوں کو لے کر چولہے کے قریب آ بیٹھی۔ خشک ٹہنیاں' سوکھے ہوئے پتے' خس و خاشاک' دوپہر کو اکٹھا کر لائی تھی۔ انہیں سلگا دیا تا کہ بچے آگ تاپتے رہیں۔ لیکن بچوں کو تو سردی سے زیادہ بھوک ستا رہی تھی۔ اس نے ان کے پیہم معصوم تقاضوں سے مجبور ہو کر ہنڈیا میں خالی پانی ڈال کر چولہے پر چڑھا دیا اور یوں' ان ننھے بچوں کو نہیں! خود اپنے آپ کو فریب دے لیا۔ ہر آہٹ پر کان اور ہر جنبش پر نگاہ تھی۔ بچے اور ان کی ماں رہ رہ کر گلی کی طرف حسرت بھری نگاہوں سے دیکھتے تھے۔ سورج ڈوب گیا تو گلی کے دوسرے کنارے سے رحمت آتا دکھائی دیا۔ ننگے پاؤں' پنڈلیاں گرد و غبار سے اٹی ہوئی' گھٹنوں تک پرانا تہمد' پھٹا ہوا گاڑھے کا کرتا جس کی آستینیں بوسیدہ ہونے کی وجہ سے کہنیوں تک چڑھا رکھی تھیں۔ بس' اس شدت کے جاڑے میں یہی کل کائنات' چہرے پر زردی چھائی ہوئی' ہونٹوں پر پپڑیاں جمی ہوئیں' گھر کی طرف قدم اٹھاتا' لیکن قدم بمشکل اٹھتا۔ دروازے کے قریب آیا تو بیوی نے خاموشی سے بسم اللہ کہہ کر استقبال کیا۔ دونوں بچے ٹانگوں سے لپٹ گئے۔ بیوی نے ایک حسرت بھری نگاہ میاں کے افسردہ چہرے پر ڈالی۔ اس کی غم آلود آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے تھے۔ اس نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا کہ مجھے تو آج بھی کہیں مزدری نہیں ملی۔ دن بھر ادھر ادھر پھرتا' لوگوں کی منتیں خوشامدیں کرتا رہا لیکن کوئی کام نہ مل سکا۔

عین اس وقت سامنے کی مسجد میں خواجہ صاحب کی طرف سے دو ہزار روپے کا گراں بہا قالین بچھایا جا رہا تھا اور نمازی اسلام کی شوکت و عظمت پر ایک دوسرے کو مبارک باد اور خواجہ صاحب کو جنت کی بشارتیں دے رہے تھے۔

☆☆☆

سلیم! تم عنایت اللہ کو جانتے ہو نا! وہ تمہارے ساتھ پڑھا کرتا تھا۔ کس قدر ذہین اور کیسا شریف بچہ تھا؟ لیکن بچپن میں باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ اس کی ماں دن بھر محنت مزدوری کرتی اور بچہ کی پرورش کا سامان مہیا کرتی۔ لیکن جب مزدوری مردوں کو نہ مل سکے تو عورتوں کو مزدوری کہاں سے ملے؟ میں نے اپنی کھڑکی سے دیکھا کہ صبح مدرسے جاتے وقت ماں نے بچہ کو چھاتی سے لگایا۔ آنکھوں میں آنسو امنڈ آئے۔ لیکن دل کو کڑا کر کے بیٹے کو تسلی دی کہ مدرسے سے ہو آؤ۔ بس تمہارے آنے پر روٹی تیار ملے گی۔ میں ابھی پکاتی ہوں۔ جاؤ میرا بیٹا! خدا حافظ!

سلیم! اگر ہمت ہو تو اس ماں کے دل کی گہرائیوں میں اتر کر دیکھو کہ بیٹے کو یوں بھوکا مدرسے بھیجتے وقت اس کے سینے میں کس قیامت کے جذبات غم و حزن کا طوفان برپا ہوگا۔ وہ غربت و فلاکت کا مجسمہ چپکے سے مدرسے چلا گیا۔ شام کو آیا۔ ماں گھر پر نہ تھی۔ شاید دانستہ باہر چلی گئی ہوگی کہ بھوکے بیٹے کو کس طرح دیکھ سکے؟ عنایت اللہ نے اندر آ کر سب سے پہلے روٹی والے رومال کو کھولا تو اس میں کچھ نہ تھا۔ خاموش باہر چلا گیا۔ گلی میں سے گزر رہا تھا کہ سامنے خان صاحب کے مکان میں سینکڑوں مسلمانوں کا اجتماع تھا۔ متنوع پھل' قسم قسم کی مٹھائیاں میزوں پر چنی رکھی تھیں کہ آج خان صاحب کے بچے کی پہلی افطاری کی تقریب تھی۔ یہ دو وقت کا بھوکا یتیم' انہیں دیکھتا ہوا چلا گیا کہ چوک میں کچھ بوجھا مل جائے تو ایک پیسے کے چنے لے سکے۔

سلیم! تم نے مائی بھولی کو دیکھا ہے؟ وہ اندھی بڑھیا جو پاگل ہو رہی ہے۔ لیکن تم نے اس کے بیٹے کو شاید نہیں دیکھا۔ اٹھارہ سال کا نوجوان بیٹا۔ اس کا باپ مدت ہوئی چالی پر سے گر کر مر گیا تھا۔ عمارت بنوانے والے نے دوسرے دن اور مزدور کام پر لگا لیا اور کسی کو خبر تک بھی نہ ہوئی کہ کس کا سہاگ لٹ گیا اور کون یتیم ہو گیا۔ اس بچہ کو مائی بھولی نے بڑی مشقت سے چرخہ کات کات کر پالا تھا۔ جس سال بڑے زور کا انفلوئنزا پھیلا تھا' وہ لڑکا بھی بیمار ہو گیا۔ محلہ میں ایک حکیم جی تھے۔ وہ غریبوں کو نسخہ مفت لکھ دیا کرتے تھے۔ بھولی وہاں سے نسخہ تو لکھوا لائی لیکن اٹھنی کے پیسے پاس نہ تھے کہ دوائی خرید سکے۔ سلیم! باور کرو کہ اس نے محلے کے ایک ایک گھر میں جا کر منتیں کیں کہ کہیں سے کچھ پیسے قرض مل جائیں۔ لیکن کسی نے کچھ نہ دیا۔ نسخہ ہاتھ میں تھا اور سامنے جوان بیٹا جان توڑ رہا تھا۔ بچارا تڑپ تڑپ کر مر گیا۔ یہ اس دن کا واقعہ ہے جس دن حاجیوں کی اسپیشل ٹرین روانہ ہوئی تھی اور سینکڑوں روپوں کے پھول اسٹیشن پر بکھرے پڑے تھے۔

☆☆☆

اور تم نے رضیہ بچاری کا پیغام تو اگلے دنوں خود اپنے کانوں سے سن لیا تھا۔ ذرا اندازہ لگاؤ کہ اسے جوان بھائی کے مرنے کی اطلاع ملتی ہے لیکن اس کے پاس اتنے کپڑے نہیں کہ تن ڈھانپ کر گھر کی چار دیواری سے باہر نکل سکے۔ جب اس نے کپڑے بھی مستعار مانگے تھے تو ظاہر ہے کہ بچاری کے پاس زادِ راہ کیا ہوگا۔ اس نے گاؤں کے چوکیدار کو کہلا بھیجا کہ وہ اس کے ساتھ جائے لیکن جب اسے معلوم تھا کہ رضیہ کے پاس کچھ نہیں تو وہ بلا اجرت کیسے ساتھ چلا جاتا؟ گاؤں میں دور نزدیک کے رشتہ دار بھی تھے لیکن کسے فرصت تھی کہ اس کی مصیبت میں اس کے ساتھ ہو لے؟ سارا گاؤں فتو خاں نمبردار کے لڑکے کی شادی کی تیاری میں مصروف تھا۔ غریب اکیلی' چلچلاتی دھوپ میں پیدل روانہ ہو گئی کہ مرنے والے کا منہ تو دیکھ لے۔ (یہ وہی رضیہ تھی جس نے بچپن میں اپنے مرحوم باپ کی معیت میں جو (''شمس العلماء'' تھے' دو حج کئے تھے)۔ اور یہ اس گاؤں کا واقعہ ہے جس کے مسلمان مذہبی معاملات میں اپنے کٹر پن میں مشہور ہیں۔ لیکن وہ ''مذہبی معاملات'' کیا ہیں؟ ذرا سن لو۔ مقلد اور غیر مقلد کے جھگڑے تو وہاں شروع سے چلے آتے تھے۔ اس دفعہ جو میں وہاں گیا ہوں تو ایک اور جھگڑا سننے میں آیا۔ خود مقلدوں کے ہاں بھی دو پارٹیاں بن رہی تھیں اور آپس میں سر پھٹول تک نوبت پہنچ گئی تھی۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ ایک ''عظیم الشان'' مسئلہ کے اختلاف کی وجہ سے یہ تنازعہ پیدا ہوا ہے۔ کہیں سے ایک مولوی صاحب تشریف لائے۔ یہ مولوی صاحب بقول ایک گروہ کے بہت ''بھاری'' مولوی تھے۔ تین تین کوس تک ان کی آواز جاتی تھی۔ انہوں نے مسئلہ بیان کیا کہ مسجد کی شان رسولؐ اللہ کی شان سے بڑی ہے۔ کیونکہ رسولؐ اللہ خود مسجد میں چل کر آتے تھے اور مسجد کبھی ان کے پاس چل کر نہیں جاتی تھی۔ گاؤں کے مولوی صاحب کو اس سے اختلاف تھا۔ وہ رسولؐ اللہ کی شان کو مسجد کی شان سے بڑا سمجھتے تھے۔ پھر کیا تھا' دو پارٹیاں بن گئیں۔ باہمی جھگڑے ہوئے' لڑائیاں ہوئیں' مقدمہ بازی تک نوبت پہنچی۔ قریب سال بھر ہو

گیا یہ آگ آگے ہی آگے بڑھتی جارہی ہے اور ہر فریق اس مساعی حسنہ کو ''جہادِ عظیم'' قرار دے رہا ہے۔ اسی باہمی تشتت و انتشار کا نتیجہ ہے کہ کھیت ویران ہورہے ہیں۔ فصلیں تباہ ہوچکی ہیں۔ زمین کا بیشتر حصہ سکھوں کے قبضے میں چلا گیا ہے۔ بقایا رہن رکھا ہوا ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد تم دیکھو گے کہ سکھ تمام گاؤں کے مالک بن جائیں گے اور یہ ''دین دار'' مسلمان ان کے مزارعہ ہوجائیں گے۔ اس پر مولوی صاحب انہیں مبارک باد دیں گے کہ انہوں نے یہاں کی زمین بیچ کر بہشت میں مکان خرید لیا۔ اس لئے یہ سودا خسارے کا نہیں۔

تم کہو گے کہ یہ تو جہلا کی باتیں ہیں۔ لیکن تمہیں وہ خطبہء جمعہ بھی تو یاد ہوگا جو شہر کی جامع مسجد میں شعبان المعظم کے مبارک مہینے کی تقریب پر تم نے خود سنا تھا۔ جناب خطیب نے' جو خدا کے فضل سے دیوبند کے فارغ التحصیل مولوی صاحب ہیں اور جن کے پاس اپنے بیان کی تائید میں سینکڑوں حوالے بھی موجود تھے' یہی فرمایا تھا نا کہ ''شب برات'' ایک ایسی رات ہے جس میں اللہ تعالیٰ پکار پکار کہتا ہے کہ میرے بندے مجھ سے جو جی میں آئے مانگیں۔ میں ہر ایک کی طلب کو پورا کروں گا۔ لہٰذا جس شخص نے اس رات میں پچاس نفل پڑھ کر مغفرت کی دعا مانگ لی اس کی نجات کا اللہ تعالیٰ خود ذمہ ہے''۔ اس کے بعد تمہیں یاد ہوگا کہ مولوی صاحب کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور انہوں نے فرمایا تھا کہ رحمت خداوندی کے اس بحر ذخار میں ہر ایک کا حصہ برابر ہوگا۔ لیکن ایک سوختہ بخت اس سے محروم رہ جائے گا۔ لوگوں کی آنکھیں اوپر کو اٹھیں کہ معلوم کریں کہ وہ کون بدنصیب ہوگا جو ابر رحمت کی ایسی گہر باری سے فیض یاب نہ ہوسکے گا؟ مولوی صاحب نے فرمایا کہ ہاں ایک' اور صرف ایک شخص اس رحمت سے محروم رہ جائے گا۔ یعنی وہ جس کا پاجامہ اس کے ٹخنوں سے نیچے ہوگا۔ یہ تو سلیم! ''جہلا'' کی باتیں نہ تھیں اور نہ ہی مولوی صاحب یہ کچھ اپنی طرف سے بیان کررہے تھے۔ انہیں یہ سب کچھ ''عین اسلام'' کہہ کر پڑھایا گیا تھا اور وہ اسی کو ''عین اسلام'' سمجھ کر آگے پہنچا رہے تھے! ہاں! تو میں تمہیں رضیہ بی بی کی بپتا کی داستان سنا رہا تھا اور ایک رضیہ ہی پر کیا موقوف ہے۔ ذرا اپنے گردوپیش نظر دوڑاؤ اور دیکھو کہ اس قسم کے کتنے واقعات ہر روز تمہارے سامنے سے گذر جاتے ہیں۔ سوعزیزم! جس سوسائٹی کا نظام یہ ہو اس کے متعلق یہ سوال اٹھانا کہ ان کی نمازیں اور ان کے روزے' ان کی زکوٰۃ اور ان کے حج یعنی ان کے ''اعمال حسنہ'' وہ نتائج کیوں نہیں پیدا کرتی جو ہونے چاہئیں تھے' کچھ تعجب انگیز نہیں۔ سلیم! میں پھر کہتا ہوں اور تم اسے غور سے سمجھنے کی کوشش کرو کہ اسلام ایک نظام زندگی ہے۔ دنیا کے مذاہب جن میں انسانی تصرفات ہوچکے ہیں' مذہب کو محض انفرادی نجات کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ لیکن اسلام ایک ایسا معاشرہ (سوسائٹی) قائم کرنا چاہتا ہے جو نوع انسان کی ربوبیت (پرورش) کا ذمہ لے۔ اس مقصد عظیم کے لئے اسلام ہر عبد مومن کو اس کارگہء حیات کی عظیم الشان مشینری کا اہم اور کارآمد پرزہ قرار دیتا ہے جس کی ہر حرکت اور جنبش کا اثر تمام مشینری پر پڑتا ہے۔ اگر ہر پرزہ اپنی اپنی جگہ صالح (محکم اور درست) ہے تو اس کا فطری نتیجہ یہ ہے کہ مشینری بھی ایک ضبط و ربط کے ماتحت چلے اور اس کا جیتا جاگتا نتیجہ گھڑی کے ڈائل کی طرح سامنے آجائے۔ لیکن اگر یہ پرزے الگ الگ پڑے رہیں تو خواہ ان میں سے ہر ایک پرزہ الماس و یاقوت کا کیوں نہ

ہو مشینری بیکار ہو جائے گی۔ آج ہماری مشینری بیکار ہو رہی ہے اور یہ نتیجہ ہے اس عملی رہبانیت کا جو مسلمانوں کے عقائد و اعمال میں سرایت کر چکی ہے۔ سلیم! غور سے قرآن کریم کا مطالعہ کرو تو تم پر یہ حقیقت بے نقاب ہو جائے گی کہ کسی قوم پر ذلت و مسکنت اور افلاس و نکبت کا چھا جانا اور پھر اس قوم کا اس حالت پر مطمئن ہو جانا' خدا کا غضب ہے' اللہ کا عذاب ہے۔ اور یہ تو تم سمجھتے ہی ہو کہ ایک مغضوب علیہ قوم محض بے روح نمازوں اور رسمی روزوں کے بل بوتے پر اپنے آپ کو منعم علیہ قرار نہیں دے سکتی۔ جب اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ ایمان اور عمل صالح سے استخلاف فی الارض کی زندگی عطا کرے گا تو ظاہر ہے کہ جس ایمان و عمل کا نتیجہ شوکت و عظمت' تمکن و استخلاف نہیں (یا وہ اس حالت کی طرف رفتہ رفتہ نہیں لئے جا رہے) وہ ایمان' ایمان اور وہ عمل' عمل صالح نہیں ہو سکتا۔ اس کے سوا تم کسی اور نتیجے تک پہنچ ہی نہیں سکتے' کیونکہ اللہ کے وعدے تو بہر حال سچے ہیں اور اس کا قانون اٹل۔ سلیم! ذرا انسانیت کے معراج کبریٰ' یعنی دور رسالتؐ کی تاریخ پر نگاہ ڈالو۔ وہ کون سا خاص پروگرام تھا جسے کانفرنسوں اور انجمنوں نے مرتب کر کے قوم کے سامنے رکھا تھا؟ یہی نماز' روزہ' حج' زکوٰۃ ہی تو تھا جس نے چند سال کے عرصے میں نہ صرف اس قوم کی تمدنی' اخلاقی اور معاشرتی حالت ہی میں انقلاب پیدا کر دیا' بلکہ ان کی معاشی اور اقتصادی زندگی کی بھی کایا پلٹ دی اور کھجوروں کے ستو کھا کر گزارہ کرنے والی قوم' قیصر و کسریٰ کی سلطنتوں کی وارث بن گئی۔ ان ہی سیدھے سادے اعمال نے ان کے اندر وہ انقلاب پیدا کر دیا جو ایک مرد مومن کی نگاہ میں تقدیریں بدل دینے والی قوت پیدا کر دیتا ہے۔ یہ اس لئے کہ یہ تمام اعمال درحقیقت مختلف اجزاء تھے اس پروگرام کے جس کا عنوان (یعنی مقصود آخر) قرآن کے پہلے چار الفاظ پر مشتمل ہے۔ یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (1:1) وجہء ستائش اللہ کا وہ پروگرام (نظام) ہے جو دنیا میں خدا کی ربوبیت عامہ (نوع انسان کی پرورش و تربیت) کا مظہر ہے۔ لہٰذا' جو اعمال اس نظام کے قیام کا ذریعہ نہیں بنتے وہ بے روح رسموں سے زیادہ کچھ نہیں ہوتے۔

☆☆☆

سلیم! ایک مرتبہ اس حقیقت کو پھر سمجھ لو کہ میرا مقصد یہ نہیں کہ اعمال اسلامی کا ماحصل محض اسی دنیا کی فلاح و کامیابی' غلبہ و تسلط ہے۔ ہرگز نہیں۔ اگر ایسا ہو تو پھر خدا کی بادشاہت اور فرعون کی حکومت میں فرق کیا ہوا؟ میں جو کچھ کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اعمال اسلامی کا لازمی اور فطری نتیجہ اس دنیا میں حکومت و سطوت اور شوکت و عظمت کی زندگی بھی ہے اور اس کے بعد کی دنیا میں سرخروئی اور آبرومندی کی زندگی بھی۔ اگر ہمارے اعمال اس دنیا میں شوکت و عظمت پیدا نہیں کرتے تو ہمیں سمجھ لینا چاہئے کہ ہمارے اعمال اسلام کی میزان میں پورے نہیں اترتے۔

☆☆☆

سلیم! تم پوچھتے ہو کہ بال آخر یہ عذاب کی زندگی ہم پر مسلط کیوں ہو گئی۔ حیران ہوں کہ تم اب تک اتنی سی بات بھی نہ سمجھ سکے۔ اس سے تم متفق ہو گے کہ قرآن کا مقصد لوگوں کو تمام خود ساختہ سلاسل و اغلال سے آزاد کر کے ان سے صرف

قانون خداوندی کی اطاعت کرانا تھا۔لیکن سلیم! تم ذرا اپنی تاریخ کے اوراق الٹ کر دیکھو کہ جس انسانی استبداد کو مٹانے کے لئے اسلام آیا تھا' کن کن شاہراہوں سے وہی استبداد امت پر مسلط کیا گیا۔اور قیامت یہ کہ اس استبداد کا تسلط بیشتر مذہب کی آڑ میں ہوا اور ہر وہ طوق جسے اتار پھینکنے کے لئے قرآن آیا تھا اسے عین اسلامی بنا کر مسلمانوں کے گلے میں ڈال دیا گیا۔تم سمجھتے ہو کہ خدا کی میزان میں یہ جرم کچھ ایسا کم وزنی تھا کہ یونہی معاف کر دیا جاتا؟ امم گذشتہ جن جرائم کی پاداش میں ذلت و مسکنت کے عذاب میں گرفتار ہوئی تھیں' کیا وہ اسی قسم کے جرائم نہ تھے؟ کیا تم سمجھتے ہو کہ فطرت کسی کی سوتیلی ماں ہے کہ وہ ایک بچے کے ساتھ ایک قسم کا اور دوسرے کے ساتھ دوسری قسم کا سلوک کرے گی۔اس کے قانون اٹل ہیں اور ان کا ہر ایک پر یکساں طور سے اطلاق ہوتا ہے۔پہلوں نے یہی کچھ کیا تو ان پر عذاب آیا۔جب مسلمانوں نے بھی وہی کچھ کیا تو ان پر عذاب کیوں نہ آتا؟ ان پر تو بلکہ اور بھی زیادہ سختی سے عذاب آنا چاہئے تھا کہ ان کے پاس قانون خداوندی کا ضابطہ اپنی اصلی اور مکمل شکل میں راہ نمائی کے لئے موجود تھا' لیکن انہوں نے اسے پس پشت ڈال دیا۔کیا اس کی سزا اس سے کچھ مختلف ہونی چاہئے؟ انہیں وراثت کتاب کے لئے منتخب کیا گیا۔نوع انسان کے لئے بہترین امت قرار دیا گیا۔لیکن سب ایمان وعمل کے بدلے میں' نہ صرف نام رکھوانے کے عوض۔اس کے باوجود تم پوچھتے ہو کہ اس قوم پر خدا کا عذاب کیوں مسلط ہوا؟ سلیم! اخوت' مساوات' حریت' وحدت انسانی' جماعتی زندگی' مرکزیت' اطاعت' فرد کا ملت کے لئے سب کچھ کرنا اور ملت کا افراد کی ربوبیت کا سامان فراہم کرنا۔یہ تھیں نظام حقیقی کی خصوصیات۔تم دیکھتے ہو کہ مسلمان اس منشاء الٰہی کو کب سے بھولے ہوئے ہیں۔چھوڑ دو ابتدائی دور ہمایوں کے مختصر سے زمانے کو اور اس کے بعد قرآن کریم کی کسوٹی سے پرکھتے جاؤ امت مسلمہ کے ایک ایک عمل کو۔حقیقت تمہارے سامنے بے نقاب ہو جائے گی۔

لیکن بایں ہمہ' عزیزم! ہمارے لئے مایوسی کی کوئی وجہ نہیں۔جس قرآن کی رو سے ایک مرتبہ وہ نظام قائم ہوا تھا وہی قرآن آج بھی ہمارے پاس موجود ہے۔اگر آج بھی مسلمان اس نکتہ کو سمجھ لیں تو پھر دیکھو ان کی نمازیں اور ان کے روزے کس طرح وہی نتائج پیدا کرتے ہیں جن کے دیکھنے کے تم اور ہر دردمند مسلمان متمنی ہے۔وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ۝۹۶ (96:7) ''اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور قوانین خداوندی کی نگہداشت کرتے تو ہم ان پر زمین و آسمان کی برکات کے دروازے کھول دیتے۔لیکن انہوں نے قوانین خداوندی کی صداقت کو جھٹلایا۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے قانون مکافات نے انہیں ان کے اعمال کی وجہ سے پکڑ لیا۔'' اس ایمان وتقویٰ کی حقیقت تمہیں قرآن کریم سے ملے گی' بشرطیکہ تم اسے' تمام غیر قرآنی تصورات کو ذہن سے نکال کر سمجھنے کی کوشش کرو۔اس لئے کہ ؎

کھویا گیا جو مطلب ہفتاد و دو ملت میں
سمجھے گا نہ تو جب تک بے رنگ نہ ہو ادراک (اقبال)

والسلام (نومبر 1939ء) (ماخوذ ''سلیم کے نام'' مطبوعہ طلوعِ اسلام ٹرسٹ)

جمیل احمد عدیل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ایک شذرہ

علامہ جی اے پرویز عظیم مفکر جنہوں نے قرآن مجید کے معارف بیان کرنے کے لیے اپنی زندگی پیہم وقف کیے رکھی ۔۔۔آسمانی متن میں بار بار ابھرنے والے تعارض کے نقش سویدا کو جس طرح انھوں نے الگ کیا ہے، اس کی نظیر نہیں ملتی ۔۔۔ وگرنہ اب جو استفسارات کی یورش پوری توانائی کے ساتھ سامنے آ رہی ہے، عقلی تعبیرات کی پناہیں تراشنے والے صاحبان بے بس سے دکھائی دیتے ہیں ۔۔۔ پورا زور صرف کرتے ہیں لیکن ان کے بیانیے superficiality کے مظہر ہی بنتے ہیں ۔۔۔ممکنہ تنقیدات کے وسیع منظر نامے کو مدنگاہ رکھ کر تفسیر کرنا بے حد دشوار امر ہے ۔۔۔اسی لیے اکثر منقول عبارتوں ہی سے مواد کا وزن پورا کر دیا جاتا رہا ہے ۔۔۔عہد موجود جن قضایا کو سوال بناتا ہے، اسے ایڈریس کرنے کا ملکہ پرویز صاحب میں سب سے بڑھ کر تھا، پھر پوری جرات کے ساتھ انھوں نے اپنے narratives قارئین کے روبرو رکھے وگرنہ متعدد rationalists مصلحتوں کے شکار بھی دکھائی دیتے ہیں، وہ priesthood کا پریشر برداشت نہیں کر سکے ۔۔۔اس طرح نیم دروں نیم بروں کے پیشکار نظر آتے ہیں ۔۔۔لغات کے در بند کر کے روایت کو حظیرہ بنانے میں بہر حال ایک سہولت اور تحفظ تو میسر آتا ہے اور اسی سائبان تلے امان طلب کرنے والوں نے جانتے ہوئے بھی تحقیق کے معروضی تقاضوں سے اغماض برتا ۔۔۔ پرویز صاحب کا اختصاص یہ ہے کہ انھوں نے etymological perspectives کی لطافتوں کو اساس بناتے ہوئے معانی کی ان طرفوں کو جزو شعور بنایا جن میں اپیل کی مقدار بہت زیادہ ہے ۔۔۔یوں نہیں کہ پرویز صاحب سے علمی اختلاف کی کوئی گنجائش سرے سے ہی موجود نہیں، ان کے موقف کے برعکس نقطہء نظر کے امکانات بدستور اپنی ہونیت کا اثبات کرتے رہیں گے لیکن تاسف اس بات پر ہوتا ہے کہ ان کے خلاف علمی فکری بنیادوں پر بہت ہی کم کم مقدمہ قائم کرنے کی مساعی ہوئیں، ساری جنگ سماجی محاذ پر لڑی گئی ۔۔۔ بلاشبہ یہ وہ مجرب نسخہ ہے جس کے حصے میں بالعموم شکست نہیں آتی ۔۔۔رائے عامہ کی ساخت اکثر اسی کے زیر اثر وجود پذیر ہوتی رہی ہے اور وہ دہائیوں بل کہ صدیوں تلک موثر رہنے کا چمتکار دکھلانے میں بامراد ٹھیرتی ہے ۔۔۔ پرویز صاحب بھی مذکورہ propagation کا بہت زیادہ نشانہ بنے،

یوں ان کا غیر معمولی اور نہایت وقیع علمی کام ویسے سامنے نہ آسکا، جس کا وہ حق دار تھا۔۔۔ مستقبل میں روایتی دھرم کا رقبہ مسلسل سمٹے گا، یہ طے ہے کہ defacto سطح پر دوسرے طرز حیات تیزی سے اپنی جگہ بنا رہے ہیں۔۔۔ لیکن کبھی انسانیت نے دین کی مانگیں اپنی ذوات میں محسوس کیں اور مادیت کی obvious دین یعنی اس لازمی vacuum نے وجود کے بحران کو نشان زد کیا تو اس اذیت کی پہچان ذات کی نشوونما کا مطالبہ کرے گی، فرد کے لیے اس سے گریز ممکن نہیں رہے گا۔۔۔ واضح رہے اس صورت حال میں رسمی اور ادو وظائف اور تقشّف کی ماورائیت کارگر نہیں رہے گی کہ سائنسی ترقی اور کائناتی حقائق کو منہا کر دکھانے کا شعبدہ کسی خطیب، کسی راہب، کسی پیشوا، کسی صاحب خانقاہ، کسی پیر حرم کے لیے ممکن نہ ہوگا کہ اب جگنو کی روشنی کو دن کی روشنی میں پرکھنے کی ذہن سازی ہو چکی، اساطیری صداقتوں کی چھان پھٹک کے لیے منہاج تیار ہو چکے، اب قصے کہانیوں سے سچائیوں کو blurr کرنے کی کاریگری دم توڑ رہی ہے۔۔۔ اب بصیرت کی تفریق پر کسی بھی پرکشش عنوان سے خطابت اپنا جادو نہیں جگا سکے گی۔۔۔ درحقیقت وقت کی گزران اتنا بڑا سچ ہے کہ فرد کے لیے مفر کی کوئی صورت ہی باقی نہیں رہتی۔۔۔ جو بلٹ بیرل سے نکل چکی، اس کی واپسی گمان ہی میں ہوسکتی ہے۔۔۔ گزران کو کون بدلے گا؟ کون بدل سکتا ہے؟ کہ یہ قانون فطرت ہی کے خلاف ہے۔۔۔ بس اسی کو پرویز صاحب نے خدا کے قانون سے تعبیر کیا ہے۔۔۔ اب اگر دین کی اور مراجعت ہوئی تو وہ اللہ کے قوانین کو تسلیم کر کے ہی ہو پائے گی۔۔۔ پرویز صاحب کے سارے کام کا crux ہی یہ ہے کہ کائناتی قوانین صرف اور صرف خدا کے وضع کردہ ہیں۔۔۔ یہ امکان ضرور ہے کہ اپنے وقت کا کوئی عالی دماغ بھی کسی قانون کی تفہیم میں ٹھوکر کھا جائے مگر اس کی غلطی سے قانون کی اصل ماہیت تبدیل نہیں ہو جائے گی۔۔۔ یوں اصل کی اصل کنہ تک رسائی کی متواتر جہد ہی کسی صاحب عقل وبصیرت کی تمنا ہونی / رہنی ناگزیر ہے۔۔۔ فکر کا یہ نادر پہلو روایتی مذہب کی رد تشکیل پر مامور ہے۔۔۔ اجمال کا تقاضا اپنی جگہ مگر اس مقام پر دو مزید جہتیں اشاراتی نکات میں بیان ہونا چاہیں گی۔ ایک تو یہ کہ پرویز صاحب سرمایا دارانہ نظام کے مضمرات پر مدت مدید تر جیحا مرکوز رہے کہ اس سسٹم کے اصل مقاصد واہداف کیا ہیں۔ ان ہی کے بیان کردہ اصول تصریف کی روشنی میں ان کی تصانیف کا جائزہ لیا جائے تو وہ اپنی اس فکر کا اعادہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ سرمایا داری افراد واقوام کے لیے مآل کار تو سم قاتل ثابت ہوگی مگر اس کی جاری ہلاکت خیزی استمراری نوعیت بھی رکھتی ہے۔ مطلب یہ کہ بظاہر یہ گلشن کا کاروبار منفعت بخش ہے اور اس سے جڑی ترقی بھی چکا چوند کی حامل ہے لیکن دنیا میں موجود اقتصادی تعدی اسی کا مسموم ثمر ہے۔ انہوں نے اپنی نگارشات اور گفتگوؤں کے ذریعے متنوع پیرائیوں میں واضح کیا ہے کہ قارون (سرمایا دار) اکیلا عامل نہیں۔ اسے فرعون (حاکم/سلطان) اور ہامان (مذہبی پیشوا) کی بھرپور عملی تائید بھی میسر ہے۔ یوں تو فوز وفلاح پر دنیا کے ہر انسان کا خلقی حق ہے، اس لیے سب کو سوچنے کی ضرورت ہے لیکن خاص طور پر مذہبی ریاستوں میں مقیم باشندوں کو جاننا چاہیے کہ معیشت کے تناظر میں ان کے بنیادی انسانی حقوق تلف کرنے والے عناصر کون ہیں؟ ارضی وسائل کے سرچشموں پر کون قابض ہیں؟ اس استحصال کے عقب میں کون کون سے طریق واردات بروئے کار

لائے جاتے رہے ہیں؟ جب وہ صاف ذہن کے ساتھ تدبر کریں گے تو ساری صورت حال ان پر کھل جائے گی کہ نعمائے حیات کو روک لینے والے ہاتھوں کے پیچھے یہی مثلث فعال ہے۔ پرویز صاحب نے اس کا حل نظام ربوبیتؑ کی صورت پیش کیا ہے۔ اب یہ نظام ربوبیت ہے کیا؟ تو امر واقع یہ ہے کہ اس کا مکمل تجربہ ابھی کسی خطے میں سامنے نہیں لایا جا سکا۔ ہاں! اس کے اساسی خدوخال اپنے جزوی اطلاق کا نمونہ ضرور پیش کرتے رہے ہیں۔ یہ سلسلہ آگے بڑھنے کا حیران کن پوٹینشل رکھتا تھا مگر پھر گاڑی کا کانٹا بدل دیا گیا، یعنی ملوکیت کے ٹریک پر رواں ہو جانے کے سبب راستے اور منزلیں ہی اور ہو گئیں۔ بہر رنگ قرآنی تعلیمات کی رو سے انھی اپلائیڈ صورتوں کو مرکزہ مانتے ہوئے اس مفکر نے بڑی ہی کاوش کے ساتھ جو تھیوری وضع کی ہے وہ نظام ربوبیت سے معنون ملتی ہے۔ جس میں طبقاتی فروق کو مٹانے یا minimize کرنے کی خاطر جس جذبۂ محرکہ کو نیوکلیس بنایا گیا ہے وہ سوشلزم سے یکسر مختلف ہے۔ معاش سے وابستہ مقتضیات کو نشان زد کرنے کے لیے انہوں نے قرآنی قصص سے پہلی بار مدد لی ہے۔ یوں جن نئی تعبیرات سے مضبوط منطقی متن بنائے ہیں وہ مندرجات ان کے خلاق ذہن پر برہان ناطق قرار پائیں گے۔ یہاں صرف ایک اشارا! حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی والا واقعہ جس تفسیر میں ڈھلا ہے وہ اپنی اثر پذیری سے قاری کو اپنے حصار میں لے لیتا ہے۔ اس ضمن میں دوسری جہت عقیدۂ آخرت کے سرنامے سے مضمون ہوئی ہے۔ پرویز صاحب آخرت کا ہرگز انکار نہیں کرتے مگر وہ اسے غیر مبہم اسلوب میں اس کے دو حصے کرتے ہیں۔ ایک تو وہی ٹریڈیشنل آخرت جو یوم موعود یعنی قیامت کے دن برپا ہوگی، جب سب جی اٹھیں گے۔ دوسری آخرت کو انھوں نے اسی دنیا میں ظہور پذیر ہونے والی نتائجیت سے موسوم کیا ہے۔ ان کی نظر میں یہ دنیا cause and effect کے محور پر اصرار کرتی ہے۔ نتائج آفرینی ایک عجیب تعامل ہے جو کسی مرحلے میں بھی معطل نہیں ہوتا۔ چاہے یہ کتنا ہی غیر محسوس کیوں نہ ہو۔ ایسا لگتا ہے کہ پرویز صاحب Butterfly effect کی معنویت کو کامل لطافت کے ساتھ جزوِ شعور بنا چکے تھے۔ اب اس فہم کی فراہمی پرویز صاحب کا ایسا گناہ نہیں تھا جسے معاف کر دیا جاتا۔ بغاوت کا یہ جرم ان کے نامۂ اعمال میں درج ہو کے رہا۔ اس صراحت کو فاضل ہی سمجھنا چاہیے کہ مکافات عمل کے قانون کو نظر انداز کر کے جملہ فیصلوں کو آخرت میں موخر کر دینا۔۔۔ کسے بینیفیشری بناتا ہے۔۔۔ انصاف کو معرض التوا میں ڈالنا ایسی دراک عیاری ہے کہ نظیر عنقا! اور وہ عدالت بھی کب کام کرے گی لاکھوں سالوں کے بعد! یہی وہ زریں شاخ تھی جس سے جڑ کر زر و جواہر کے انبار لگائے گئے اور عظیم الشان محلات تعمیر کرائے گئے۔ شراب اقتدار کو جرعہ جرعہ نوش جاں کرنے کا شغل اپنایا گیا۔ توارث۔۔۔ جی ہاں! تاج و تخت کو بڑے محفوظ بندوبست کے ساتھ اپنی نسلوں میں منتقل کیا گیا۔ ستم یہ کہ سلطانیٔ جمہور میں بھی وہی مجرب روش سب کے مشاہدے کا حصہ ہے۔ ادھر رعایا کو گھٹی پلائی گئی کہ یہ مال و دولت دنیا تو نری آزمائش ہے، یہیں رہ جانے ہیں یہ سنگ و خشت کے دلکش مجموعے۔۔۔ سب ٹاٹھ پڑا رہ جائے گا جب لاد چلے گا بنجارا! آگے بہشت میں تمہارے لیے دودھ اور شہد کی نہریں تیار ہیں۔ سونے اور چاندی کے گھر تمہارے منتظر ہیں۔ حور و قصور پر مبنی اس سہانے سپنے نے ایسی فینٹسی کو فروغ دیا کہ قناعت کے

نام سے بے عملی نے ڈیرے ڈال لیے۔ ایسے میں تقدیر کے روایتی تصور نے اپنے حصے کا کام کیا۔ یوں سڑے ہوئے چمڑے اور ابھری ہوئی پسلیوں کے ساتھ مزدور لقمۂ تر کو ترستا رہا؛ سلیوری نے ٹائٹل بدل لیا مگر غلامی اپنی بدترین شکلوں میں آج بھی موجود ہے۔ اس پر مستزاد یہ بھی کانوں میں انڈیلا گیا کہ اگر اس دنیا میں تمہارے ساتھ کوئی زیادتی ہوگئی ہے تو کوئی مسئلہ نہیں! Day of judgment کو تمام حساب چکا دیے جائیں گے۔ تمھیں انصاف مل جائے گا اور زیادتی کرنے والے کو دوزخ میں دھکا دے دیا جائے گا۔ اب اسی دنیا میں آخرت کے ایک فیز کا مطالبہ کرنا اور ایسے مرکزِ ملت کے قیام پر مصر ہونا جس میں مظلوم کو اس کا حق ملے اور نادار مالدار کی ناجائز ثروت پر سوال اٹھائے بھلا کب سہا جا سکتا تھا! یوں مزاحمت پر آمادہ کرنے کی تقصیر پر محولہ تکون نے مثالی یگانگت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایسے مفکر کو تو کارنر کرنا ہی تھا۔ یہی پرویز صاحب کی فکر کا جوہر ہے۔۔۔ اس تناظر میں فکرِ پرویز علامہ غلام احمد پرویز کی شخصی حیثیت میں نہیں سمٹتی، اسے آگے بڑھنا ہے۔۔۔ اس کونٹیکسٹ میں پرویز صاحب منزل نہیں نشانِ منزل قرار پائیں گے۔۔۔ رواں زماں میں علامہ جی اے پرویز وہ بیکن ٹاور ہیں جنھیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔۔۔ انہیں دنیا سے گئے چالیس برس بیت چکے، اب تعصّبات کو ایک طرف رکھتے ہوئے ان کی علمی منزلت کا اعتراف ہونا چاہیے۔۔۔ یہ ان کا حق ہے۔۔۔ اور ان کا یہ حق بہرحیث انہیں مل کر رہے گا!!!

سانحہ ارتحال

انتہائی دکھ اور افسوس کیساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ بزم طلوع اسلام سوات کے ایک فعال بزرگ رکن محمد ایوب صاحب عرف غوریجو مولوی صاحب وفات پا گئے۔ مرحوم انتہائی مخلص، نڈر اور صاف گو انسان تھے۔ انہوں نے درس نظامی کے بعد مولانا پنج پیر سے بھی درس قرآن لیا ہوا تھا۔ مگر انہوں نے اس علم کو قرآن کریم کی تبلیغ کے لئے وقف کر رکھا تھا اور خود اپنی زمینوں میں باغات اور فصلیں کاشت کیا کرتا تھے۔ جب بھی کسی نے تحریک طلوع اسلام کے خلاف کوئی سازش کی تو مولوی صاحب مدمقابل ہوتا تھا۔ اس وجہ سے ہر وقت مخالفت کا سامنا کیا کرتے تھے۔ وہ انتہائی باوقار طریقے اور دلائل سے مدمقابل کو خاموش کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کی خدمات کو حلقہ طلوع اسلام میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ مولوی محمد ایوب صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عنایت فرمائے۔

غمگسار

خورشید انور

پرویزؒ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ہلالِ عید ہماری ہنسی اُڑاتا ہے

15 دسمبر 1968 کو بتقریب جشنِ نزولِ قرآن ۔ عیدالفطر

خصوصی درس قرآن کریم

آسمان سے رزق:

بنیادی طور پر لفظ عید کے معنی ہیں بار بار لوٹ کر آنے والا واقعہ' لیکن اصطلاحاً اس سے مراد ہے وہ جشنِ مسرت جو بار بار آئے۔ قرآن کریم میں یہ لفظ صرف ایک جگہ آیا ہے' اور وہ ہے وہ مقام جہاں حضرت عیسیٰؑ کے جاں نثار حواریوں نے' آپ سے عرض کیا تھا کہ آپ خدا سے درخواست کیجئے کہ وہ ہمارے لئے ''مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ'' اتارے تاکہ اس سے ہماری جسمانی پرورش کے علاوہ ہمارے قلوب کو بھی اطمینان حاصل ہو۔ اس پر حضرت عیسیٰؑ نے خدا سے درخواست کی کہ: رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۱۱۴﴾ (5:114)۔ اے ہمارے پروردگار! ہماری نشوونما کا سامان ''آسمان'' سے عطا فرما تاکہ وہ رزق' اس جماعت کے السابقون الاولون کے لئے بھی موجبِ جشنِ مسرت ہو اور ان کے بعد آنے والوں کے لئے بھی۔۔ تو بہترین رزق عطا کرنے والا ہے۔'' سوال یہ ہے کہ یہ مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ آسمان سے اترنے والا رزق۔۔ کیا تھا جس کی درخواست خدا سے کی گئی تھی اور جو ان سب کے لئے باعثِ جشنِ مسرت تھا۔ اعجوبہ پسندوں نے تو حسب معمول' اسے بھی ایک چیستان بنا دیا اور کہا کہ حواریوں کے لئے آسمان سے پکے پکائے کھانے کا طشت اترا کرتا تھا حتیٰ کہ اس میں جو کھانے اترتے تھے ان کی تفاصیل تک بھی دینے لگ گئے۔ لیکن جن کی نگاہیں قرآنی حقائق پر ہیں' وہ جانتے ہیں کہ جماعت مومنین جب ''آسمان سے رزق'' طلب کرتی ہے تو اس سے ان کی مراد کیا ہوتی ہے۔ ایک رزق وہ ہے جو انسانوں کے خودساختہ نظام کی رو سے ملتا ہے۔ یہ وہ رزق ہے جس سے جسم تو زندہ رہتا ہے لیکن شرفِ انسانیت کی موت واقع ہو جاتی ہے اور دوسرا رزق وہ ہے جس سے جسم انسانی کی نشوونما کے ساتھ' شرف وتکریم انسانیت کی بھی بالیدگی ہوتی ہے۔۔ اقبال کے الفاظ میں ؎

ایں خدا نانے دہد جانے بُرد آں خدا نانے دہد جانے دہد

(مفہوم: یہ خدا (لوگوں کو) روٹی دیتے ہیں اور اس کے بدلے میں جان نکال لیتے ہیں۔ جبکہ وہ حقیقی خدا (قرآن کی

تعلیمات کے ذریعے) رزق، روٹی بھی دیتا ہے اور زندگی (کی خوشگواریاں بھی عطا کرتا ہے۔)

یہی وہ سماوی اقدار کے مطابق ملنے والا رزق تھا جس کے متعلق حواریوں نے کہا تھا کہ ''ان تاکل منھا و تطمئن قلوبنا'' وہ ہمارے لئے وجہ زیست بھی ہو اور باعثِ اطمینان قلب بھی۔ مومن کے لئے باعثِ مسرت وہی رزق ہوسکتا ہے جس سے اطمینانِ قلب بھی حاصل ہو۔۔ اور ظاہر ہے کہ مومن کو اطمینان قلب اسی زندگی میں حاصل ہوسکتا ہے جو قوانین خداوندی کے مطابق بسر ہو۔۔۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ (13:28)۔ یہی تھا وہ رزق جسے وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ (5:114)۔ کہا گیا تھا۔ یعنی خدا کے نظام ربوبیت کی صداقت کی نشانی اور اس کے خیر الرازقین ہونے کا ثبوت۔۔۔ یہ رزق انہیں ملا لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا کہ یاد رکھو۔ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ (5:115)۔ جو اس نظام رزق سے انکار اور سرکشی کی روش اختیار کرے گا' جو اسے دوسروں سے چھپا کر رکھے گا' اس پر ایسا عذاب وارد ہوگا جس کی مثال کہیں نہیں ملے گی۔

اس کفران کا نتیجہ:

یہی وہ عذاب ہے جسے سورۂ نحل میں ایک مثال کے ذریعے یوں سامنے لایا گیا ہے کہ:

خدا ایک بستی کی مثال بیان کرتا ہے۔ اس کے رہنے والوں کو امن بھی حاصل تھا اور اطمینان بھی۔ اس کی طرف چاروں طرف سے رزق فراوانیوں سے کھنچے چلا آتا تھا لیکن انہوں نے ان انعامات خداوندی سے کفر برتا اور نظام خداوندی کی جگہ اپنا خود ساختہ نظام اختیار کر لیا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ خوف اور بھوک کے عذاب میں مبتلا ہو گئے۔ (16:112)۔

ایسینی فرقہ:

یہ انسانیت کی بڑی محرومی اور بدنصیبی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اور انکے مقدس ساتھیوں کی اصلی تصویر یا تو ان کے نام لیواؤں کی عقیدت کی شمعوں کے دھوئیں سے ڈھپ چکی ہے اور یا اسے افسانہ طرازیوں کے پردوں میں چھپا دیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہ حقیقت دنیا کے سامنے آ ہی نہیں سکی کہ وہ کیسے عظیم انقلاب کے پیامبر تھے اور انہوں نے کس طرح یہودی پیشوائیت کے خود ساختہ نظام ہیکل اور رومیوں کے قصرِ حکومت کی بنیادوں تک کو ہلا دیا تھا۔ اگر ان کی صحیح تاریخ سامنے آ جاتی تو معلوم ہو جاتا کہ انہوں نے کس قسم کا آسمانی نظام معیشت قائم کیا تھا جس سے انہیں انسانوں کا مرہون منت ہوئے بغیر' سامان زیست میسر آتا اور ان کے لئے وجہ جشن عید بنتا تھا۔ لیکن وادیٔ قمران سے حال ہی میں جو دستاویزات برآمد ہوئی ہیں ان سے اس جماعت کے احوال وظروف پر خاصی روشنی پڑتی ہے جو اس زمانے میں ایسینی فرقہ کے نام سے معروف تھی اور جو حضرت یحییٰ کے زیر تربیت وقیادت پروان چڑھی تھی۔ خود حضرت عیسیٰؑ بھی' اپنے زمانۂ نبوت سے قبل اسی جماعت سے متعلق تھے۔ اس جماعت کی نمایاں خصوصیت یہ تھی کہ ان میں کوئی شے کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ہوتی تھی۔ تمام سامانِ زیست مشترکہ استعمال کے لئے کھلا رکھا جاتا تھا۔ کسی کے پاس کوئی شے اس کی ضرورت سے فاضل نہیں ہوتی تھی۔ حضرت عیسیٰؑ کے بعد' آپ کے

متبعین کی جو جماعت بیت المقدس میں آ کر جمع ہوئی تھی خود اس کے متعلق بھی، موجودہ انجیل میں لکھا ہے کہ:

وہ سب ایک جگہ رہتے تھے اور ساری چیزوں میں شریک تھے اور اپنی جائداد اور اسباب بیچ بیچ کر ہر ایک کی ضرورت کے موافق سب کو بانٹ دیا کرتے تھے۔ (سب مل کر) خوشی اور سادہ دلی سے کھانا کھایا کرتے تھے اور خدا کی حمد کرتے اور سب لوگوں کو عزیز رکھتے تھے۔ (رسولوں کے اعمال۔ 27-2:21)

یہ تھا وہ نظامِ رزق جسے انہوں نے مائدۃ من السماء (سماوی اقدار کے مطابق رزق) کہہ کر پکارا تھا اور جس کے ملنے پر جشن عید منایا گیا تھا۔

رسول اللہ ﷺ کی دعوت کی مخالفت:

اور یہ صرف حضرت عیسیٰؑ اور ان کے حواریوں کی خصوصیت نہیں تھی۔ خدا کا ہر رسول اسی قسم کا انقلابی نظام قائم کرنے کے لئے آتا تھا جس میں ''تیری اور میری'' کا جھگڑا نہ رہے اور جو کچھ جماعت (یا امت) کے پاس ہو وہ سب کے لئے مشترکہ متاع زیست ہو۔ کیا آپ نے حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی اس روایت پر غور نہیں کیا جس میں انہوں نے کہا ہے کہ قبیلہ اشعر کے ہاں یہ دستور تھا کہ جنگ کے زمانے میں، یا ویسے ہی جب ضرورت کا تقاضا ہوتا، قبیلے کے تمام افراد، سارا سامان رزق ایک جگہ جمع کر لیتے اور اس میں سے ہر ایک اپنی اپنی ضرورت کے مطابق لے لیتا۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اس اعتبار سے میں بھی قبیلہ اشعر میں سے ہوں۔ یہی تھا وہ آسمانی انقلاب جسے برپا کرنے کے لئے حضور ﷺ نے اپنی دعوت کو پیش کیا تھا۔ قریش کے تاجروں، مہاجنوں اور کعبہ کے مجاوروں کی طرف سے جو اس دعوت کی اس قدر شدید مخالفت ہوئی تھی تو اس لئے نہیں کہ اس میں ایک خدا کو الٰہ تسلیم کرنے کی تعلیم تھی۔ اس سے ان کا کیا بگڑتا تھا؟ یہ مخالفت اس لئے تھی کہ اس میں وحدت خالق کے ایمان کا فطری نتیجہ وحدت انسانیت کا نظریہ تھا۔ اس سے مساوات انسانیہ کا اصول سامنے آتا تھا جس کی رو سے، مختلف افراد میں کسی قسم کی تفریق باقی نہیں رہتی تھی۔ ''اللہ ایک ہے'' کے عقیدہ سے انہیں کسی قسم کی پرخاش نہیں تھی۔ انہیں مخاصمت تھی اس نظریہ سے کہ تمام انسان ایک جیسے ہیں اور ''تمام انسان ایک جیسے ہیں'' کے نظریہ کا اولین عملی نتیجہ یہ تھا کہ سامان زیست میں تمام افراد یکساں طور پر شریک ہیں۔ کسی کو حق حاصل نہیں کہ وہ رزق کے سرچشموں پر اس طرح سانپ بن کر بیٹھ جائے کہ دوسرے انسان اپنی روٹی تک کے لئے اس کے دست نگر اور محتاج ہو جائیں۔ ابوجہل نے غلاف کعبہ کو تھام کر اپنے خداؤں سے جو فریاد کی تھی وہ یہی تھی کہ اس نئے دین لانے والے کی قیامت خیزیوں کو دیکھو کہ ؎

در نگاہِ او یکے بالا و پست — با غلامِ خویش بر یک خواں نشست
ایں مساوات ایں مواخات اعجمی است — خوب می دانم کہ سلماںؓ مزدکی است

(مفہوم: اس کی نگاہ میں بالا اور پست، اونچا اور نیچ برابر ہیں۔ وہ اپنے غلام کے ساتھ ایک ہی دسترخواں پر، مل کر کھانے کے لئے بیٹھ جاتا ہے۔ اس طرح کی مساوات اور بھائی چارہ عجمی ہیں۔ (عربی اصولوں کے خلاف ہیں) میں

خوب جانتا ہوں کہ یہ سلمان فارسیؓ ''مزدکی'' ہے)

مساواتِ انسانیہ کا اصول:

یہ تھا وہ نظام، جسے ہر رسول پیش کرتا تھا اور جس کی مخالفت اس کی قوم کے متمول طبقے کی طرف سے ہوتی تھی۔ قوم مدین نے حضرت شعیبؑ کی نماز (صلوٰۃ) کے خلاف اعتراض نہیں کیا تھا۔ ان کا اعتراض یہ تھا کہ یہ صلوٰۃ، انہیں اس کی بھی اجازت نہیں دیتی کہ وہ اپنا مال بھی اپنی مرضی کے مطابق خرچ کر سکیں۔ آپ نے غور فرمایا کہ نظام خداوندی میں صلوٰۃ کا دائرہ کس قدر وسیع ہوتا ہے؟ یہ نظام، دولت پر اپنا کنٹرول اس لئے رکھتا ہے کہ اس سے مساوات انسانیہ قائم رہتی ہے۔ مساوات کے سلسلہ میں آپ غور کیجئے کہ محل میں پیدا ہونے والا اور جھونپڑی میں جنم لینے والا، دونوں ایک جیسی حالت میں پیدا ہوتے ہیں۔ محل میں پیدا ہونے والا بچہ نہ اپنی پیٹھ پر سونے اور چاندی کی تھیلیاں لاد کر لاتا ہے اور نہ ہی اس کے ہاتھ میں کوئی خداوندی دستاویز ہوتی ہے کہ ہم نے اسے اتنے مربعے اراضی یا اتنے کارخانوں کا مالک بنا دیا ہے۔ دونوں بچے خالی ہاتھ پیدا ہوتے ہیں۔ پھر دونوں کی بنیادی ضروریاتِ زندگی یکساں ہوتی ہیں۔ یعنی جن اشیاء پر ان کی زندگی کا مدار ہے ان میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ یہ ہے مساوات انسانیہ کی بنیاد۔ لیکن انسانوں کا خودساختہ غلط نظام، ان میں تفریق پیدا کر دیتا ہے۔۔ ایسی تفریق کہ ایک انسان کے بچوں کو اتنا بھی میسر نہیں جتنا دوسرے انسان کے کتوں کو ملتا ہے۔ دین خداوندی اس تفریق کو مٹا کر، مساوات انسانیہ قائم کرنے کے لئے آتا ہے اور خدا کا رسول اس نظام کو عملاً متشکل کر کے دکھاتا ہے۔

روٹی کی اہمیت:

اس میں شبہ نہیں کہ انسانی زندگی کا مدار صرف ''روٹی'' (بنیادی ضروریات زندگی) پر نہیں۔ لیکن اس میں بھی کوئی کلام نہیں کہ ارتقائے حیات کی موجودہ سطح پر، انسان کی طبیعی زندگی کا مدار روٹی ہی پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نظام خداوندی میں روٹی کو اس قدر اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ حضرت ابراہیمؑ جب دنیا میں خدا کے پہلے گھر کی بنیاد رکھتے ہیں۔۔۔ یعنی توحید کا اولین مرکز قائم کرتے ہیں۔۔۔ تو اس کے بعد سب سے پہلی آرزو جو دعا بن کر ان کے لبوں تک آتی ہے، یہی ہے کہ: رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ (2:126)۔ اے میرے نشوونما دینے والے! تو اس بستی کو پرامن بنا دے اور اس کے رہنے والوں کو ہر طرح کا رزق مہیا کر دے۔ قرآن کریم کے متعدد مقامات میں، رزق فراواں کو خدا کا انعام، اور بھوک کا اس کا عذاب قرار دیا گیا ہے۔ اس نے بنی آدم سے واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا۔۔ (20:124) جو ہمارے قوانین سے اعراض برتے گا اس کی روزی تنگ ہو جائے گی۔ وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى (20:124) اور جس کی یہاں روزی تنگ ہوگی اسے قیامت کے دن بھی اندھا اٹھایا جائے گا۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے متعلق کہا کہ لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ (7:40)۔ ان پر آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے۔ یہی تھا خدائے جلیل کا وہ اعلان عظیم جس کی تشریح میں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تھا کہ ''جس بستی میں کسی ایک شخص نے بھی اس طرح صبح

کی کہ وہ رات بھر بھوکا رہا' خدا نے اس بستی سے اپنی حفاظت کا ذمہ اٹھالیا۔'' یہ کیا ہے؟ وہ عدم مساوات انسانیہ جسے مٹانے کے لئے اسلام آیا تھا۔ اگر اس بستی پر کوئی آفت آ گئی تھی (اور ایسا بعض اوقات ہنگامی حالات میں ہو جاتا ہے) تو اس کے تمام باشندوں کو بھوکا رہنا چاہئے تھا لیکن ایسا نظام جس میں بستی کے چند افراد تو پیٹ بھر کر کھالیں لیکن دیگر افراد بھوکے رات کاٹیں' یہ اسلامی نظام نہیں کہلا سکتا۔ اس لئے اس بستی پر سے خدا کی حفاظت کا ذمہ ختم ہو جاتا ہے۔ خدا تو اس نظام کی حفاظت کا ذمہ لیتا ہے جو اس کے قوانین کے مطابق متشکل ہو۔ وہ نظریہ زندگی' وہ نظام حیات' وہ تہذیب' وہ تمدن کبھی باقی نہیں رہ سکتا جس میں انسان اور انسان میں فرق کیا جائے' جس میں طبقاتی تقسیم ہو۔ فلاح اور بقا اسی نظریہ' اسی نظام' اسی تمدن کے لئے ہے جو بلا تفریق تمام نوعِ انسان کے لئے یکساں باعث منفعت ہو۔ مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ط (13:17)۔ حقیقت یہ ہے کہ بھوکے آدمی کے لئے تمدنی ترقی کا کوئی شعبہ بھی وجہِ کشش اور باعث طمانیت و تسکین نہیں ہو سکتا۔۔ کسی بھوکے آدمی کو جناح باغ لے جا کر بہار کی رنگینیاں اور کیف آفرینیاں دکھایئے' وہ انہیں کبھی (Appreciate) نہیں کر سکے گا۔ اسے بتایئے کہ ملک میں بجلی اس قدر عام ہو گئی ہے کہ گھر گھر قمقمے جل رہے ہیں۔ سڑکوں کا جال بچھ گیا ہے۔ سر بفلک عمارات کھڑی ہو گئی ہیں۔ بڑے بڑے گرانڈیل کارخانے مصروفِ گردش ہیں۔ فضا میں طیارے پرفشاں ہیں۔ زمین پر موٹریں سبک خرام ہیں۔ وہ یہ سن کر کہے گا کہ یہ سب ٹھیک ہے لیکن۔۔ میرے دکھ کی دوا کرے کوئی۔۔ بھوک میں بہار کی نزہت آفرینیوں اور بجلی کے قمقموں کی نور افشانیوں سے لطف اندوز ہونا تو ایک طرف' سعدی کے الفاظ میں' بھوکے کی تو کیفیت یہ ہوتی ہے کہ جب وہ رات کو نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو اس سوچ میں غرق ہوتا ہے کہ۔۔ چہ خورد بامداد فرزندم۔۔ صبح میرے بچوں کو روٹی کہاں سے ملے گی۔۔ اس سے بھی آگے بڑھئے جاہلیہ عرب میں قبیلہ بنو حنفیہ نے آٹے کا ایک بت بنا رکھا تھا جس کی وہ پرستش کرتے تھے۔ لیکن جب قحط پڑا تو وہ اپنے اس خدا کو بھی کھا گئے۔ اور ایک قبیلہ بنو حنفیہ ہی پر کیا منحصر ہے' ہر بھوکا اس خدا کو کھا جاتا ہے جو اسے روٹی نہیں دیتا۔ روس کے انقلابیوں نے اسی طرح اس خدا کو کھا لیا تھا جس کے متعلق انہیں بتایا گیا تھا کہ ان کی مفلسی اور مفلوک الحالی کا ذمہ دار وہی ہے۔۔ لہٰذا جس شخص کے پیٹ میں روٹی نہیں' جس کے پاس تن ڈھانپنے کو کپڑا نہیں' جسے سر چھپانے کے لئے چھت میسر نہیں' جس کے پاس دم توڑنے والے بچے کے حلق میں ٹپکانے کے لئے دودھ کے چار قطرے نہیں' اس کے لئے دنیا کی کوئی جاذبیت وجہِ سکون اور باعث دلکشی نہیں ہو سکتی۔ جس شخص کے پاس اپنے بچے کے داخلہ کے لئے پیسے نہیں' اس کے لئے یہ خوش خبری کس طرح وجہِ طمانیت ہو سکتی ہے کہ ملک میں دس ہزار اسکول کھل گئے ہیں اور دو ہزار کالج قائم ہو گئے ہیں۔۔ قوم کی ترقی کا معیار ایک اور فقط ایک ہے۔ اور وہ یہ کہ اسمیں ہر ایک فرد کو کیا میسر آتا ہے۔ یہ نہیں کہ اس میں چند انسانوں کو کیا کچھ حاصل ہو گیا ہے اور حاصل ہو رہا ہے۔۔ جنت کی تو بنیادی خصوصیت ہی یہ ہے کہ اس میں جس قدر سامان آسائش و آرائش ہے' ہر ایک کے لئے یکساں ہے۔ جس جنت میں مساوات انسانیہ نہیں' وہ جنت نہیں جہنم ہے۔

صرف خدا کی ملکیت:

لیکن اس قسم کی عملی مساوات انسانیہ تو اسی صورت میں قائم ہوسکتی ہے جب رزق کے سرچشمے خدا کی ملکیت میں رہیں' افراد کی ملکیت میں نہ چلے جائیں۔ جنت کے متعلق یہ کہیں نہیں کہا گیا کہ اس کی زمین' اس کے چشمے' اس کی نہریں' اس کے باغات' افراد کی ملکیت ہوں گے کہ جس کا جی چاہے اپنے قطعہ اراضی کو پٹہ پر دیدے اور جس کا جی چاہے' اسے گرو رکھ دے یا فروخت کردے۔ توحید کا عملی مفہوم ہی یہ ہے کہ سارے سلسلۂ کائنات کا واحد مالک خدا ہے۔ اگر اس کی ملکیت میں کسی اور کو شامل کرلیا جائے تو یہ شرک ہے۔ ایسے لوگوں کو قرآن اندادا من دون اللہ کہہ کر پکارتا ہے (2:22)۔ جب رزق کے سرچشموں پر انفرادی ملکیت تسلیم کرلی جائے تو جن لوگوں کی اپنی ملکیت نہ ہو' وہ ان مالکوں کے محتاج اور دست نگر ہوجاتے ہیں اور محتاجی کا اگلا قدم ۔۔ یا یوں کہئے کہ فطری نتیجہ ۔۔ محکومی ہے۔ قرآن' اس تصور کی جڑ کاٹ کر رکھ دیتا ہے کہ کوئی انسان کسی دوسرے انسان کا محکوم ہو جب وہ کہتا ہے کہ اِنَّ الَّذِیۡنَ تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ لَا یَمۡلِکُوۡنَ لَکُمۡ رِزۡقًا۔ تم خدا کو چھوڑ کر جن کی محکومی اختیار کرتے ہو' جن کے تابع فرمان رہتے ہو' وہ وسائل رزق کے مالک نہیں۔ اس لئے تم فَابۡتَغُوۡا عِنۡدَ اللّٰہِ الرِّزۡقَ ۔۔ رزق' خدا کے ہاں سے طلب کو۔ وَاعۡبُدُوۡہُ۔ اس طرح محکومی صرف اسی کی باقی رہ جائے گی۔ وَاشۡکُرُوۡا لَہٗ ؕ (29:17)۔ اور سپاس گزاری بھی اسی کی زیبا ہوگی۔ تم اپنے غلط نظام معیشت کی وجہ سے' دوسرے انسانوں کو ذرائع رزق کا مالک بنا دیتے ہو۔ پھر تم ان کے محتاج و محکوم بھی ہوجاتے ہو اور رہین منت اور سپاس گزار بھی۔ اس طرح تم اپنی شرف انسانیت کو بیچ کر' اپنے بدن کو زندہ رکھتے ہو۔ قرآن' اس طرح سے حاصل کردہ رزق کو حلال وطیب قرار نہیں دیتا۔ وہ کہتا ہے کہ: فَکُلُوۡا مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ حَلٰلًا طَیِّبًا ۪ وَّاشۡکُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ اِیَّاہُ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۱۴﴾ (16:114)۔ اگر تم انسانوں کی محکومی کے چنگل سے آزاد ہوکر صرف خدا کی محکومی اختیار کرنا چاہتے ہو تو اس کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ کہ تم رزق صرف خدا کے ہاں سے حاصل کرو اور اس طرح شکر گزار بھی اسی کے بنو۔ یہی وہ رزق ہے جسے حلال وطیب کہا جائے گا۔ یعنی مِمَّا رَزَقَکُمُ اللّٰہُ ۔ وہ رزق جو تمہیں خدا کے ہاں سے ملے جس میں کسی انسان کی ملکیت کا دخل نہ ہو۔ یہی تھا وہ حلال وطیب رزق جس کے لئے حضرت عیسیٰ ؑ کے حواریوں نے درخواست کی تھی اور جس کے حصول کے بعد جشن عید منایا گیا تھا اور یہی تھا وہ رزق طیب جو اس رسول ﷺ آخر الزمان کے متشکل کردہ نظام کی وساطت سے حاصل ہوا تھا جس کی بعثت عظمیٰ کا مقصد یہ بتایا گیا تھا کہ وَیُحِلُّ لَہُمُ الطَّیِّبٰتِ وَیُحَرِّمُ عَلَیۡہِمُ الۡخَبٰٓئِثَ وَیَضَعُ عَنۡہُمۡ اِصۡرَہُمۡ وَالۡاَغۡلٰلَ الَّتِیۡ کَانَتۡ عَلَیۡہِمۡ ؕ (7:157) وہ نوع انسان کے لئے رزق طیب کو حلال قرار دے گا اور رزق خبیث کو حرام ٹھہرائے گا اور اس طرح ان اغلال و سلاسل کو توڑ دے گا جن میں انسانیت جکڑے چلی آرہی تھی اور محتاجی ومحکومی کی استخواں شکن سلوں کے نیچے دبی ہوئی تھی۔ آپ نے کبھی اس پر بھی غور فرمایا ہے کہ جو رزق نظام خداوندی کے تابع ملتا ہے' اسے قرآن نے ہر جگہ ''رزق کریم'' کہہ کر کیوں تعبیر کیا ہے؟ اس لئے کہ رزق تو انسانوں کے خود ساختہ نظام کی رو سے بھی مل ہی جاتا ہے' لیکن وہ رزق ملتا ہے عزت اور توقیر بیچ کر۔ لیکن

خدا کی طرف سے جو رزق ملتا ہے اس میں تکریم واحترام انسانیت بھی باقی رہتی ہے۔ اسی لئے یہ رزق ''رزق کریم'' ہوتا ہے۔

انسانیت کش نظام:

دین خداوندی کا مقصد ایک ایسا نظام قائم کرنا ہے جس میں ہر انسان کی مضمر صلاحیتیں پوری پوری نشوونما پا کر پروان چڑھ جائیں اور اس طرح وہ زندگی کی ارتقائی منازل طے کرنے کے قابل ہو جائے۔ یہ صلاحیتیں اسی صورت میں برومند ہو سکتی ہیں جب وہ سامان زیست کے لئے کسی انسان کا دست نگر نہ ہو۔ رزق کو اپنے ہاتھ میں لے لینے والی قوتیں اتنا ہی نہیں کرتیں کہ وہ لوگوں کو مفلس اور محتاج بنا دیتی ہیں۔ وہ ان کی صلاحیتوں کو ابھرنے نہیں دیتیں۔ اس لئے کہ انہیں خطرہ ہوتا ہے کہ اگر ان کے تابع فرمان کام کرنے والوں کی صلاحیتیں نشوونما پا گئیں تو وہ سر اٹھا کر چلنے کے قابل ہو جائیں گے اور انہیں حیوانات کی طرح دبا کر رکھنا مشکل ہو جائے گا۔ لہٰذا ان کی انتہائی کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ صرف حیوانی سطح پر زندہ رہیں' انسانی سطح پر کبھی نہ آ سکیں۔ آپ سوچئے کہ جب انسانوں کی اکثریت کو اس طرح ابھرنے اور آگے بڑھنے سے روک دیا جائے تو یہ چیز ارتقائے انسانیت کے راستے میں کس قدر سنگ گراں بن جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم نے اکتناز دولت کرنے والے سرمایہ داروں اور ان کے شریک کار مذہبی پیشواؤں کے متعلق کہا ہے کہ وہ کاروان انسانیت کا راستہ روک کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ انہیں خدا کی طرف جانے ہی نہیں دیتے۔ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ (9:34)۔

رسول ﷺ کے بعد:

قرآن بتاتا ہے (اور تاریخ اس کی شہادت دیتی ہے کہ) خدا کا رسول اس قسم کا انقلابی نظام متشکل کر کے چلا جاتا۔ اس کے کچھ عرصہ بعد' مفاد پرست گروہ پھر سے سر نکالتا اور اس نظام کو الٹنے کی کوشش کرتا لیکن وہ تنہا ایسا نہیں کر سکتا تھا۔ اس مقصد کے لئے مذہبی پیشوائیت کو اپنے ساتھ ملاتا۔ یہ مذہبی پیشوا اس سلسلہ میں کیا ٹیکنیک اختیار کرتے' اسے قرآن کریم نے داستان بنی اسرائیل کے ضمن میں بڑے بصیرت افروز انداز میں بیان کیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ان کے معاشرہ کی حالت یہ ہو چکی تھی کہ انکے ہاں کے بڑے بڑے لوگ (جو دولت اور قوت کے مالک بن بیٹھے تھے) کمزور لوگوں کو ان کے گھروں سے نکال باہر کرتے اور جب انہیں دشمن پکڑ کر لے جاتا تو پھر چندہ اکٹھا کرتے تاکہ ان کا فدیہ دے کر انہیں دشمن کی قید سے آزاد کرا لیا جائے۔ وہ (انہیں اس طرح آزاد کرانے کو) بڑا ثواب کا کام سمجھتے۔ اگر مذہب پرستی کی سطحی نگاہ سے دیکھا جائے تو یہ کام واقعی بڑے ثواب کا نظر آئے گا۔۔۔ خود قرآن کریم میں' اسیروں اور غلاموں کو آزاد کرانے کے کام کو بڑا مستحسن قرار دیا گیا ہے۔۔ لیکن قرآن اس قسم کے نظر فریب سطحی جذبات سے بلند ہو کر حقائق کو سامنے لاتا ہے۔ اس نے اس مقام پر کہا کہ اس طرح قیدیوں کا فدیہ دے کر انہیں چھڑانے کو ثواب کا کام سمجھنے والو! تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ: وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ؕ ان لوگوں کو ان کے گھروں سے نکال باہر کرنا' ایسا سنگین جرم تھا جس کی تلافی اس قسم کے خیرات کے کاموں سے نہیں ہو سکتی۔ تمہیں جو ضابطۂ ہدایت دیا گیا تھا اس میں دو احکام تھے۔۔ ایک یہ کہ اپنے ہاں کبھی ایسی صورت پیدا نہ کرو کہ تم میں سے کمزور

لوگوں کو دشمن اچک کر لے جائیں اور دوسرے یہ کہ جن کمزور و ناتواں لوگوں کو مستبد قوتیں قیدی بنالیں انہیں فدیہ دے کر چھڑا دیا کرو۔ یہ بڑا نیکی کا کام ہے۔ تم نے پہلے حکم کو نہ صرف پس پشت ڈال دیا بلکہ عمداً اس کی خلاف ورزی کی اور دوسرے حکم کی تعمیل سے اپنے آپ کو بڑا نیکوکار سمجھنے لگ گئے۔ یہ روش غلط ہے۔ ضابطہ خداوندی کو بتمامہٖ لیا جائے گا تو اس کا نتیجہ خوشگوار مرتب ہوگا۔ لیکن اگر ایسا کیا جائے کہ: اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ اس کے ایک حصہ پر ایمان رکھا جائے اور دوسرے حصہ سے انکار کیا جائے تو اس کا نتیجہ یہ نہیں برآمد ہوگا کہ تمہیں پچاس فیصد نمبر مل جائیں گے۔ بالکل نہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ؕ (2:85) تم دنیاوی زندگی میں بھی ذلیل و خوار ہوگے اور قیامت کے دن بھی سخت ترین عذاب میں گرفتار۔

مذہبی پیشوائیت کرتی ہی یہ ہے کہ نظام خداوندی کے اس حصہ کو جس سے مفاد پرستوں کی منفعت کوششوں پر زد پڑتی ہو، پس پشت ڈال دیتی ہے اور ظواہر و رسوم کی چھوٹی چھوٹی باتوں کو اتنی اہمیت دیتی ہے کہ وہ عین دین بن جاتی ہیں۔ یہ ہے ان کی وہ ٹیکنیک جس سے وہ قوم کو اس فریب میں مبتلا رکھتے ہیں کہ وہ دین خداوندی پر عامل ہے۔

جس طرح سابقہ امتوں کے احبار و رہبان نے یہ چال چلی تھی، اسی طرح مسلمانوں کے ساتھ ہوا۔ ان کے ہاں بھی دین کی اصل و اساس کو پس پشت ڈال دیا گیا اور چھوٹی چھوٹی جزئیات کو بڑھا بڑھا کر عین دین بنا دیا گیا۔ اب سارا زور ان جزئیات کی اہمیت پر دیا جاتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ دین کی اصل و بنیاد کو سامنے نہ آنے دیا جائے۔ اس مقصد کے لئے کچھ روایات اور حکایات وضع کی جاتی ہیں جنہیں کبھی حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات گرامی کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے اور کبھی سلف صالحین کی طرف۔ چند مثالوں سے یہ حقیقت واضح ہو جائے گی۔

(1) قرآن کریم میں ہے:

دولت جمع کرنے کے خلاف:

اے ایمان والو! یاد رکھو۔ ان علماء و مشائخ کی اکثریت ایسی ہے جو لوگوں کے مال کو ناجائز طور پر کھا جاتے ہیں اور اس طرح انہیں خدا کے راستے کی طرف آنے سے روکتے ہیں۔

(اور اسے بھی یاد رکھو کہ) جو لوگ دولت جمع کرتے ہیں اور اسے نوع انسانی کی منفعت کے لئے (فی سبیل اللہ) کھلا نہیں رکھتے، ان کے لئے الم انگیز عذاب ہے۔ جس دن چاندی سونے کے ان سکوں کو جہنم کی آگ میں تپایا جائے گا اور ان سے ان کی پیشانیوں، ان کے پہلوؤں اور ان کی پشتوں کو داغا جائے گا اور ان سے کہا جائے گا کہ یہ ہے وہ دولت جسے تم نے اپنی ذات کے لئے جمع کر رکھا تھا۔ اب اس اکتناز کا مزہ چکھو۔ (35-9:34)

ان آیات سے روز روشن کی طرح واضح ہے (اور قرآن میں اس مضمون کی یہی دو آیات نہیں۔ اس قسم کی متعدد آیات ہیں) کہ اسلام ایک ایسا نظام قائم کرنا چاہتا ہے جس میں دولت جمع نہیں کی جا سکتی۔ اب دیکھئے کہ مذہبی پیشوائیت نے اس کے

خلاف کیا گیا۔اس نے ایک روایت وضع کی جو غور سے سننے کے قابل ہے۔وہ روایت یہ ہے۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ جب (مندرجہ بالا) آیت نازل ہوئی تو مسلمانوں پر اس کا خاص اثر ہوا۔یعنی انہوں نے اس حکم کو گراں خیال کیا۔حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا کہ میں تمہاری اس فکر کو دور کردوں گا۔پس عمرؓ، رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا نبی ﷺ اللہ! یہ آیت آپ کے صحابہؓ پر گراں گذری ہے۔آپ نے فرمایا کہ خداوند تعالیٰ نے زکوٰۃ اس لئے فرض کی ہے کہ وہ تمہارے باقی مال کو پاک کردے اور میراث کو اس لئے فرض کیا ہے کہ جو لوگ تمہارے بعد رہ جائیں ان کو مال مل جائے۔ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کا یہ بیان سن کر عمرؓ نے جوشِ مسرت سے اللہ اکبر کہا۔الخ

(ابوداؤد، بحوالہ مشکوٰۃ، جلد اوّل، اردو ترجمہ ص:309)

آپ غور فرمایئے کہ اس ایک روایت نے کس طرح اسلام کے پورے کے پورے معاشی نظام کو الٹ کر رکھ دیا۔اس روایت سے (جو ظاہر ہے کہ وضعی ہے) یہ ثابت ہوا کہ۔

(1) صحابہؓ سب کے سب سرمایہ دار تھے اور دولت جمع کرنا ان کا شعار تھا۔

(2) صحابہؓ کی (معاذ اللہ) کیفیت یہ تھی کہ خدا ایک حکم نازل کرتا ہے۔اس کا رسول اس حکم کو ان تک پہنچاتا ہے۔لیکن وہ حکم ان پر سخت گراں گزرتا ہے۔وہ اسے بدلوانے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کے لئے (معاذ اللہ) ان سرمایہ پرستوں کا سب سے بڑا نمائندہ حضرت عمرؓ رسول اللہ ﷺ کے پاس جاتا ہے۔

(3) رسول اللہ ﷺ (معاذ اللہ) یہ فرماتے ہیں کہ تم خدا کے اس حکم کا کچھ خیال نہ کرو۔تم جتنی جی چاہے دولت جمع کرتے جاؤ۔بس اس میں سے اڑھائی فیصد زکوٰۃ نکال دیا کرو۔باقی دولت سب پاک ہو جائے گی۔(واضح رہے کہ اڑھائی فیصد زکوٰۃ کا حکم بھی قرآن میں کہیں نہیں)۔

آپ دیکھیں گے کہ اس اڑھائی فیصد زکوٰۃ کی اہمیت اور افضلیت پر اس قدر زور دیا جائے گا اور قرآن کی اس آیت کے متعلق (جس میں دولت جمع کرنے کے خلاف اس قدر تہدید آئی ہے) ایک لفظ بھی نہیں کہا جائے گا۔آپ نے غور فرمایا کہ اس ٹیکنیک سے مسلمانوں کو کس طرح اس خوش فہمی میں مبتلا کر دیا گیا ہے کہ دولت جمع کرنا کوئی جرم نہیں اور زکوٰۃ دیدینے سے سب مال پاک ہو جاتا ہے!

عبوری دور کے احکام:

ایک مثال اور لیجئے۔قرآن کریم کا نصب العین ایک ایسے معاشرہ کی تشکیل تھا جس میں کوئی شخص کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ہر فرد کو اس کی ضروریاتِ زندگی، بطور بنیادی حق انسانیت ملتی رہیں۔آغاز اسلام کے وقت معاشرہ جس حالت میں تھا اس نے اپنے پروگرام کو وہاں سے شروع کرکے، بتدریج اس کے منتہیٰ تک لے جانا تھا۔ظاہر ہے کہ اس وقت معاشرہ میں طبقاتی تفاوت

موجود تھا۔۔ کچھ لوگ امیر تھے، کچھ غریب اور محتاج۔۔ اس عبوری دور کے لئے قرآن نے دولت مندوں کو تلقین و تاکید کی کہ وہ صدقہ و خیرات سے محتاجوں کی مدد کریں۔ وراثت کے احکام بھی بنیادی طور پر اسی دور سے متعلق تھے۔ اس نظام کی آخری شکل یہ تھی جس کے متعلق قرآن میں ہے کہ: وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۙ قُلِ الْعَفْوَ ؕ (2:219)۔ اے رسول ﷺ! یہ تجھ سے پوچھتے ہیں کہ ہم کس قدر مال دوسروں کی ضروریات کے لئے کھلا رکھیں۔ ان سے کہہ دو کہ جس قدر تمہاری اپنی بنیادی ضروریات سے زائد ہے، سب کا سب۔ یہ نظام ایسا تھا جس میں ہر ایک کی ضروریات نظام مملکت کی طرف سے پوری ہوتی تھیں اور کسی کے پاس فالتو روپیہ رہتا ہی نہیں تھا۔

لیکن آپ کو معلوم ہے کہ مذہبی پیشوائیت نے اس کے بعد کیا کیا؟ آپ دیکھیں گے کہ ان کی طرف سے صدقہ، خیرات، فطرانہ کے لئے صبح و شام، دن رات، ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے اور قرآن کی وہ آیت جس میں حکم دیا گیا تھا کہ فالتو دولت کسی فرد کے پاس نہ رہنے پائے، کبھی سامنے نہیں لائی جاتی! جب اس پر زور دیجئے تو کہہ دیا جاتا ہے کہ وہ آیت، زکوٰۃ کے حکم سے منسوخ ہو چکی ہے۔ (بحوالہ روایت حضرت ابن عباسؓ)

صدقہ و خیرات کا نتیجہ:

اور آپ نے کبھی اس پر بھی غور کیا کہ صدقہ اور خیرات کا عملی مفہوم کیا ہے؟ اس کا عملی مفہوم یہ ہے کہ نظام معاشرہ ایسا قائم کیا جائے جس میں ایک طبقہ ہمیشہ اپنی ضروریات زندگی سے محروم، فلہٰذا، دوسروں کا محتاج رہے اور دوسرا طبقہ ایسا ہو جس کے پاس اپنی ضروریات سے زائد دولت ہو۔ یہ دوسرا طبقہ، پہلے طبقہ کو خیرات دے کر ثواب کمائے۔ آپ سوچئے کہ اس دوسرے طبقہ کے پاس یہ فالتو روپیہ آیا کہاں سے ہے؟ بادنیٰ تدبر یہ حقیقت سامنے آ جائے گی کہ یہ روپیہ انہی لوگوں کی محنت کی کمائی ہے، جو معاشرہ میں محتاج بن چکے ہیں۔ اگر ان لوگوں کو ان کی محنت کا پورا پورا ماحصل دے دیا جاتا تو نہ وہ محتاج ہوتے، نہ ان کے پاس فالتو روپیہ آتا۔ لیکن اس نظام نے کیا یہ کہ پہلے ایک طبقہ نے محنت کشوں کی کمائی کو غصب کیا اور اس طرح خود دولت مند بن گیا اور محنت کشوں کو محتاج بنا دیا۔ اور پھر ان محتاجوں کو خیرات کے چند ٹکے دے کر، جنت کا مالک بن بیٹھا۔ حالانکہ، قرآن کے الفاظ میں، ان لوگوں کو محتاج بنانا ایسا سنگین جرم ہے جس کی تلافی صدقہ، اور خیرات سے ہو ہی نہیں سکتی۔ خیرات دینے والے کا نفس موٹا ہو جاتا ہے اور لینے والے کے شرفِ انسانیت کی سخت تذلیل ہوتی ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق۔

الصدقة تميت القلب (خیرات سے انسان کا دل مردہ ہو جاتا ہے۔)

قرآن کریم نے عبوری دور کے لئے (اسلامی نظام کی تشکیل کے زمانے تک بہ تقاضائے حالات) اسے روا رکھا تھا۔ اور اس میں بھی دینے والوں سے تاکید کر دی تھی کہ وہ اس جذبہ کے ماتحت دیں کہ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا (76:9)۔ ہم تم سے کسی معاوضہ کے متمنی ہیں نہ شکریہ کے خواہاں۔ اور اس کی تاکید کر دی تھی کہ وہ محتاج کی امداد کے بعد اسے احسان جتا کر اپنے صدقات کو باطل نہ بنا دیں لیکن موجودہ مذہب نے صدقہ و خیرات کو مستقل کار ثواب قرار دے کر، قوم میں

محتاجوں اور مفلسوں کے گروہ کی موجودگی کو مستقلاً ضروری قرار دے دیا تا کہ ثواب دارین حاصل کیا جائے۔ کیا یہ وہی بنی اسرائیل کی روش نہیں جس سے وہ پہلے اپنے ہم نفسوں کو ان کے گھروں سے نکال دیتے تھے اور پھر فدیہ دے کر انہیں چھڑانے کو بہت بڑی نیکی کا کام تصور کرتے تھے؟ یاد رکھئے! جس نظام معاشرہ میں محتاج اور مفلس مستقلاً موجود رہیں اس سے زیادہ انسانیت سوز نظام کوئی اور نہیں ہوسکتا۔

نظامِ ربوٰ:

ایک مثال اور سامنے لائیے۔ قرآنی تصور معیشت کی رو سے' کوئی شخص جو کسی دوسرے کی محنت کے ماحصل کو کلیتہً یا جزء ہتیا کر لے جائے' وہ چور ہے' ڈاکو ہے' رہزن ہے' فریب کار ہے۔ قرآن ایسا معاشرہ قائم کرتا ہے جس میں کوئی کسی کی محنت کو غصب کر کے نہیں لے جا سکتا۔ اس کی بالکل ضد ایک اور نظام معیشت ہے جس میں ایک شخص محض سرمایہ کے زور پر دوسروں کی محنت کو غصب کر لیتا ہے۔ وہ اسے ربوٰ کے نظام سے تعبیر کرتا ہے۔۔ ربوٰ کے معنی ہیں بڑھوتری۔ یعنی اپنے سرمایہ سے زیادہ وصول کرنا۔ یہ نظام اس قدر قرآنی نظام کی ضد اور اس کا دشمن ہے کہ قرآن کریم نے واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ جو لوگ اس روش سے باز نہ آئیں فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ (2:279)۔ انہیں خدا اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کا الٹی میٹم دے دو۔ آپ نے غور کیا کہ اسلامی نظام کی رو سے ربوٰ کیسا سنگین ترین جرم ہے۔ یہ بغاوت کے مرادف ہے۔

لیکن ہماری مذہبی پیشوائیت نے کیا کیا۔ وہ ربوٰ کو جائز تو قرار نہیں دے سکتی تھی لیکن اس نے ربوٰ کی تعریف (Definition) ایسی کر دی جس میں دوسروں کی محنت کا غصب کر کے لے جانا شیر مادر کی طرح حلال وطیب قرار پا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک شخص کسی کو کچھ روپیہ قرض دے تو اس اصل زر سے کچھ زیادہ وصول کرنا ربوٰ ہے اور بس۔ یعنی زمیندار کا' کاشتکار کی گاڑھے پسینے کی کمائی سے پیدا کردہ فصل کا آدھا سمیٹ لینا ربوٰ نہیں۔ صاحب جائداد کا مکانوں کا کرایہ وصول کرنا ربوٰ نہیں۔ ایک کارخانہ دار کا ہزار ہا مزدوروں کی محنت کے ماحصل میں سے انہیں تین چار روپیہ روزانہ دے کر باقی سارا غصب کر لینا ربوٰ نہیں۔ دکاندار کا' کاریگر کو کم از کم اجرت دے کر' باقی سارا منافع ہڑپ کر جانا' ربوٰ نہیں۔ آپ نے دیکھا کہ مذہبی پیشوائیت نے ربوٰ کی غلط (Definition) سے' (ایک مختصر سی شکل کو چھوڑ کر) ربوٰ کے سارے کاروبار کو کس طرح حلال وطیب قرار دے دیا۔

تجارت کا منافع:

اسی سلسلہ میں' ایک قدم اور آگے بڑھئے۔ قرآن کریم نے لاگت پر کچھ زیادہ وصول کر لینے کو تجارت قرار دے کر' اس منافع کو جائز قرار دیا تھا۔ یہ درحقیقت' اس چیز کے فروخت کرنے والے کی محنت کا معاوضہ تھا۔ قدیم زمانہ میں تجارت جان جوکھوں کا کام ہوتا تھا۔ جو قافلہ ترکستان سے سامان لاد کر' پہاڑوں' دریاؤں' صحراؤں' جنگلوں' پرخطر راستوں' برفانی چوٹیوں کو عبور کرتا ہوا' مہینوں کے بعد ہندوستان پہنچتا تھا' وہ جو کچھ اپنے مال پر زائد وصول کرتا تھا' وہ اس کی محنت کا معاوضہ تھا۔ اسے قرآن نے ربوٰ کی حد سے خارج قرار دیا تھا۔ لیکن اب کیفیت یہ ہے کہ ایک شخص' ایک کمرہ میں میز کے سامنے بیٹھا ٹیلیفون پر سودے پر

سودے کرتا چلا جاتا ہے۔ نہ حقیقتاً کچھ خریدتا ہے نہ بیچتا اور اس طرح شام کو ہزاروں روپے اس کے بینک میں جمع ہو جاتے ہیں۔ اسے تجارت قرار دیا جاتا ہے۔ یہ ہزاروں روپے کہاں سے آتے ہیں؟ ان اشیاء کے صارفین کی جیب سے۔ کیا یہ صارفین کی گاڑھے پسینے کی کمائی کو غصب کر لینے کے مرادف، فلہٰذا ربوٰ نہیں؟ لیکن مذہبی پیشوائیت کا نظام اسے ربوٰ قرار نہیں دیتا۔۔ وہ، دوسروں کی محنت غصب کر لینے کے ان تمام طریقوں کو حلال وطیب قرار دیتا ہے اور اس سے جب محنت کش یا صارفین غریب ہو جاتے ہیں، تو ان زمینداروں، کارخانہ داروں، اور اس قسم کے منافع خور سوداگروں سے اپیل کرتا ہے کہ ان غریبوں کو خدا واسطے کچھ دے کر، اپنا گھر جنت میں الاٹ کرالیں یا حج کر کے اپنے سب گناہ بخشوالیں۔ حالانکہ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ط (2:85) ان محنت کشوں کی محنت کو غصب کر کے اپنی تجوریاں بھرتے چلے جانا ایسا سنگین جرم تھا جسے خدا اور رسول ﷺ کے خلاف بغاوت قرار دیا گیا تھا۔ غلط نظام کی عدالت، چور، ڈاکو، رہزن کو مجرم قرار دے کر مستوجب سزا ٹھہرائے گی لیکن اس قسم کے رہزنوں، اور قزاقوں کو کسی جرم کا مرتکب قرار نہیں دے گی۔ علمائے کرام، روپیہ کا سودی کاروبار کرنے والے کو جہنم کا کندہ بنائیں گے، لیکن ربوٰ کی ان دوسری شکلوں میں، سر سے پاؤں تک ڈوبے رہنے والوں کو پکے اور سچے مومن قرار دیں گے۔۔ ہے ناں یہ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ (2:85) کی بین مثال!

بھوکے کا جرم:

اس کے برعکس، اگر کسی مزدور کو مسلسل کوشش کے باوجود روزگار نہ ملے اور بھوک سے تنگ آ کر کہیں سے روٹی چرا لے تو قانون اسے جیل خانے بھیج دیتا ہے۔ حالانکہ یہ واقعہ بھی ہماری تاریخ میں موجود ہے کہ جب ایک شخص کے ملازموں (غلاموں) نے بھوک سے تنگ آ کر غلہ چرایا تھا، تو حضرت عمرؓ نے انہیں سزا نہیں دی تھی۔ سزا ان کے مالک کو دی تھی، یہ کہہ کر کہ اگر تم انہیں بھوکا نہ رکھتے تو یہ چوری کرنے پر مجبور کیوں ہوتے۔ حضرت عمرؓ کا یہ فیصلہ درحقیقت قرآن کریم کے اس نظریہ پر مبنی ہے کہ اضطراری حالت میں بقدر ضرورت حرام شے کا کھا لینا بھی جائز ہے۔ امام ابن حزم نے اس سلسلہ میں لکھا ہے کہ:

فقہا کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص پیاسا ہے اور اس کی وجہ سے اسے موت کا خطرہ لاحق ہو رہا ہے تو اس کے لئے فرض ہو جاتا ہے کہ وہ جہاں کہیں بھی پانی پائے، لے لے۔ خواہ اس کے لئے اسے جنگ تک بھی کیوں نہ کرنی پڑے۔

اس پر اضافہ کرتے ہوئے امام صاحب فرماتے ہیں کہ:

اگر پیاس کی وجہ سے موت کی مدافعت کے لئے پانی حاصل کرنے کی خاطر جنگ کرنے کی اجازت ہے تو کیا وجہ ہے کہ بھوک اور عریانی کی وجہ سے حفاظت جان کے لئے جنگ کرنے کی اجازت نہ ہو۔ ان دونوں میں فرق کرنا قرآن، سنت، اجماع اور فقہی قانون قیاس کے خلاف ہے۔

اس کے بعد امام ابن حزم کہتے ہیں کہ:

اگر اس مقابلہ میں یہ مجبور شخص مارا جائے تو فریق مخالف کے ذمے اس کی دیت لازم آ جائے گی۔ لیکن اگر وہ شخص مارا

جائے جو اس کے حق کو روک رہا تھا تو اس پر خدا کی لعنت ہوگی۔ کیونکہ اس نے اس کا حق روکا تھا۔ (المحلیٰ، جلد:6)

معاشرہ میں اس قسم کی صورت حالات کے پیدا ہونے کو روکنے کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ نے وہ نسخہ تجویز فرمایا تھا جسے آپ نے تمثیلی انداز میں یوں بیان فرمایا تھا کہ:

کچھ لوگ ایک کشتی میں سوار ہوئے۔ ان میں سے کچھ اوپر کے حصے میں پہنچ گئے اور کچھ نچلے حصے میں رہے جو نچلے حصے میں تھے وہ پانی لینے کے لئے اوپر گئے تو اوپر والوں نے انہیں یہ کہہ کر پانی لینے سے روک دیا کہ اس سے انہیں تکلیف ہوتی ہے۔ نیچے والوں نے کہا کہ بہت اچھا۔ ہم نیچے سوراخ کر کے پانی لے لیں گے۔ اب اگر ان نیچے والوں کو پانی دے کر اس سے روکا نہ جائے تو ظاہر ہے کہ نیچے اور اوپر والے سب غرق ہو جائیں گے۔ اگر انہیں پانی دے کر روک دیا جائے تو سب بچ جائیں گے۔ (ترمذی۔۔ باب الفتن)

آپ دیکھئے، کہ حضور ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ اگر اوپر والے پانی نہیں دیتے تو نیچے والوں کو چاہئے کہ صبر شکر کر کے بیٹھ جائیں اور پیاس سے تڑپ تڑپ کر جان دے دیں۔ حضور ﷺ ایسا فرما ہی نہیں سکتے تھی کوئی ایسا شخص اس قسم کی بات نہیں کہے گا جسے معلوم ہو کہ جان کی حفاظت، ہر جاندار کی زندگی کا بنیادی تقاضا ہے۔ اس تقاضا کو روکا نہیں جا سکتا۔ جو ایسا سمجھتا ہے وہ حقائق سے چشم پوشی کرتا ہے۔ اسی تقاضا کا اعتراف تھا جس کے لئے خدا نے بھوک سے مجبور و مضطر کے لئے حرام کھا لینے کی اجازت دی تھی۔ قرآن کریم کے اسی حقیقت بدوش فیصلہ کی تعمیل تھی جس کے پیش نظر حضرت عمرؓ نے بھوک سے مجبور ہو کر چوری کرنے والوں کو سزا نہیں دی تھی۔ اسی قرآنی فیصلہ کی عملی تشریح تھی جس کے لئے امام ابن حزم نے یہ فتویٰ دیا تھا کہ بھوکے، پیاسے، ننگے کو ضروریات زندگی حاصل کرنے کے لئے جنگ تک بھی کرنی پڑے تو اسے معذور سمجھا جائے گا۔۔۔ اور اسی صورت حال کو روکنے کے لئے حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ کشتی اسی صورت میں سلامت رہ سکتی ہے جب تمام اہل کشتی کو ضرورت کے مطابق پانی ملتا رہے۔

یہ تھا خدا کا فیصلہ اور یہ تھی اس فیصلے کی عملی تشریح جو اس کے رسول ﷺ نے بیان فرمائی۔ لیکن اب یہ فیصلہ سمٹ سمٹا کر صرف اتنا رہ گیا کہ بھوکے کے لئے، اضطراری حالت میں سؤر کا گوشت کھانا جائز ہے۔۔ یعنی جس بھوکے کے پاس روٹی کھانے کے لئے چار آنے کے پیسے نہیں، وہ کہیں سے تلاش کر کے، دس روپے کا لحم خنزیر حاصل کرے تو اس سے اپنی بھوک مٹا سکتا ہے۔۔ آپ نے دیکھا کہ اس فتویٰ کی رو سے کس طرح قرآن کا حکم بھی (بظاہر) اپنے مقام پر باقی رہا اور ''کشتی'' کے اوپر کے حصے والے'' بھی دندناتے پھرتے رہے! لیکن اس قسم کی خود فریبی یا ابلہ فریبی سے حضور ﷺ کے ارشاد کے مطابق، کشتی تو سلامت نہیں رہ سکتی۔

ظواہر پرستی:

دین کے نظام میں، نماز، روزہ، حج وغیرہ وہ ذرائع تھے جن سے دین کا مقصود حاصل ہونا تھا۔ یعنی مساواتِ انسانیہ اور

احترامِ آدمیت کا مقصدِ عظیم۔ لیکن مذہب میں یہی چیزیں مقصود بالذات بن گئیں۔ نتیجہ اس کا یہ کہ اب زور نماز، روزہ وغیرہ کی ظاہر اور رسمی ہیئت کی اہمیت پر دیا جاتا ہے اور اس مقصد کو سامنے لایا ہی نہیں جاتا جس کے حصول کا یہ ذریعہ تھے۔ اس کے برعکس، قرآن کو دیکھئے تو وہ سارا زور مقصد پر دیتا ہے۔ غور سے سنئے کہ وہ اس باب میں کیا کہتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ

نیکی اور کشاد کی راہ یہ نہیں کہ تم اپنا منہ مشرق کی طرف کرتے ہو یا مغرب کی طرف۔ نیکی کی راہ اس کی ہے جو ایمان لائے اللہ پر، اس کے قانون مکافاتِ عمل کے لئے حیات آخرت پر، ملائکہ پر، ضابطہ خداوندی پر اور ان انبیاء پر جن کی وساطت سے یہ ضوابط خداوندی دنیا کو ملے۔ ان امور پر ایمان لائے اور پھر مال کی محبت کے باوجود اسے ان لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کے لئے دے دے جو اس کے قرب وجوار میں (یا رشتہ داروں میں) محتاج ہوں۔ جو معاشرہ میں تنہا رہ گئے ہوں۔ جن کا چلتا ہوا کاروبار رک گیا ہو، یا ان میں کام کرنے کی استطاعت نہ رہے۔ یا ایسے مسافر جن کے پاس زادِ راہ نہ رہے، یا وہ جن کی کمائی ان کی ضروریات پوری کرنے کے لئے کافی نہ ہو۔ یا جو لوگ دوسروں کی محکومی کی زنجیروں میں جکڑے ہوں۔ انہیں آزاد کرانے کے لئے اپنی فاضلہ دولت کو وقف کر دیں۔ نیکی کی راہ ان لوگوں کی ہے۔۔ الخ (2:177)

ایمان کی اہمیت:

اس مقام پر میں، ایک ثانیہ کے لئے رک کر، ایک اہم نکتہ کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ اس آیہ جلیلہ میں قرآن کریم نے بتایا ہے کہ اصل نیکی کا کام یہ ہے کہ تم دوسروں کی مدد کے لئے اپنا مال کھلا رکھو۔ لیکن اس کے ساتھ ایک اہم شرط بھی عائد کر دی ہے اور وہ یہ کہ تم دین کے ان اساسی عناصر پر ایمان لاؤ۔ سوال یہ ہے کہ ایمان کی کیا اہمیت ہے اور اس کے بغیر خود مال کا دینا بھی نیکی کا کام کیوں نہیں قرار پاتا۔ ایمان، درحقیقت وہ آئیڈیالوجی، وہ نظریہ ہے جو زندگی کا صحیح تصور عطا، اور اس کا نصب العین متعین کرتا ہے۔ یہ آئیڈیالوجی ہی ہے جس کی بنیادوں پر اعمال انسانی کی عمارت استوار ہوتی ہے۔ یہی، کسی کام کے غلط یا صحیح ہونے کا معیار بنتی ہے۔ اسی کے مطابق انسانی اعمال اپنے نتائج مرتب کرتے ہیں۔ بلکہ یوں کہئے کہ انسانی عمل کا جذبہ محرکہ ہی اس کا ایمان (آئیڈیالوجی) ہوتا ہے۔ اور یہی اس کے لئے صحیح اقدار حیات متعین کرتا ہے۔ اقدار (Values) نہ ہوں تو انسان اور حیوان میں کوئی فرق ہی نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ جب زندگی کو محض آب وگل کا کھیل سمجھا جائے اور موت کو اس کا انجام، تو انسانی زندگی، حیوانی سطح سے بلند نہیں ہوتی۔ یہ صحیح آئیڈیالوجی کا فقدان ہے جس کی وجہ سے اشتراکیت جیسا معاشی نظام، جو سرمایہ داری کے مقابلہ میں کہیں انسانیت ساز ثابت ہو سکتا تھا، پروان نہیں چڑھ رہا۔ یہ وجہ ہے کہ قرآن، ایمان (آئیڈیالوجی یا صحیح نظریہ حیات) کو اپنے معاشی نظام کی بنیاد قرار دیتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ جو اقتدار یا نظام، نظریۂ حیات یا اقدار کے بجائے اشخاص سے وابستہ ہو، اس کی عمر، شخص متعلقہ کی عمر سے زیادہ نہیں ہوتی۔ نظریہ پر مبنی نظام، اشخاص کا محتاج نہیں ہوتا۔ جب تک وہ اقدار قائم رہیں وہ نظام بھی قائم رہتا ہے۔ یہی وہ عظیم اصولی حقیقت تھی جس کی وضاحت کے لئے کھلے الفاظ میں کہہ دیا گیا کہ۔۔ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ (3:144) یعنی، اور تو اور، خود محمد ﷺ بھی بجز ایں

نیست کہ اللہ کے ایک پیغمبر ہیں۔ ان سے پہلے بھی خدا کے پیغامبر آتے رہے اور اپنی عمر پوری کرنے کے بعد دنیا سے چلے جاتے رہے۔ تو کیا اگر کل کو یہ بھی قتل کر دیئے جائیں، یا وفات پا جائیں، تو تم یہ سمجھ کر کہ دین کا نظام صرف ان کی ذات سے وابستہ تھا، پھر اپنے نظام کہن کی طرف لوٹ جاؤ گے؟ اور اس کی تشریح خلفیہ رسول، حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اس طرح فرمائی کہ جب رسول اللہ ﷺ کی وفات پر امت میں کہرام مچ گیا تو آپ نے حاضرین کو مخاطب کیا اور ان سے کہا کہ اس بات کو غور سے سن لو کہ جس شخص نے محمد ﷺ کی عبودیت اختیار کر رکھی تھی وہ سمجھ لے کہ اس کا معبود مر گیا ہے۔ لیکن جو خدا کا عبد تھا اسے اطمینان رکھنا چاہئے کہ اس کا معبود حیی و قیوم ہے۔ وہ کبھی نہیں مرے گا۔ اس اعلان عظیم نے دین کے نظام کو شخصیتوں سے بلند لیجا کر اقدار و نظریات کے ساتھ وابستہ کر دیا۔ یہ نظام اس وقت بگڑا جب مسلمانوں نے قرآنی نظریۂ زندگی کو چھوڑ کر غیر قرآنی نظریات و تصورات کو اختیار کر لیا، اور سارا زور شخصیتوں پر دینے لگ گئے یا شخصیتیں سارا زور اپنے آپ کو منوانے پر صرف کرنے لگ گئیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ قرآن کریم نے آئیڈیالوجی کی بنیاد پر قومیت کی تشکیل کا ارفع و اعلیٰ نظریہ پیش کیا تھا اور اس نظریہ کے مطابق حضور نبی اکرم ﷺ نے ایک ایسی امت کی تشکیل فرمائی تھی جو رنگ، نسل، زبان، وطن کی نسبتوں سے بلند ہو کر، ایک عالمگیر وحدت بن گئی تھی۔ اس باب میں، میں اتنا عرض کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ آئیڈیالوجی کی وحدت کی بنا پر وحدت امت اس صورت میں وجود پذیر ہو سکتی ہے جب اس آئیڈیالوجی کی نمود ہماری عملی زندگی میں ہو۔ لیکن اگر ایسا نہ ہو اور آئیڈیالوجی محض الفاظ کا مجموعہ بن کر رہ جائے جسے رسمی طور پر دہرا لیا جائے تو نہ صرف یہ کہ اس سے وحدت امت کبھی ظہور میں نہیں آ سکتی، ایسا کرنے والے افراد کبھی ایک قوم نہیں بن سکتے۔ آپ سوچئے کہ اس وقت دنیا میں ساٹھ ستر کروڑ مسلمان بستے ہیں جو زبانی اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ ہمارا خدا ایک، رسول ایک، قبلہ ایک، کلمہ ایک ہے۔ اس اقرار کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم لاشعوری طور پر اس فریب میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ سب مسلمان۔۔ نیل کے ساحل سے لے کر تا بخاک کاشغر۔۔ ایک قوم کے افراد ہیں۔ لیکن عملاً ہماری صورت یہ ہے کہ ساری دنیا میں بسنے والے مسلمان تو ایک طرف، ایک ملک کے مسلمان باشندے بھی ایک قوم کے افراد نہیں۔ اس خود فریبی کا سخت مضرت رساں پہلو یہ ہے کہ، ہم آئیڈیالوجی کی بنیاد پر ایک قوم تو بنتے نہیں، اور دنیا نے آئیڈیالوجی سے الگ ہٹ کر، تشکیل قومیت کے جو عناصر تجویز کئے ہیں، ۔۔ مثلاً نسل، یا وطن کی بنیاد پر قومیت کی تشکیل۔۔ انہیں، نہ صرف یہ کہ ہم اپناتے نہیں بلکہ انہیں خلاف اسلام قرار دے کر مسترد کر دیتے ہیں۔ بالفاظ دیگر، اسلام کو ہم اپنی عملی زندگی میں رائج نہیں کرتے اور کفر کو ہم اپناتے نہیں۔ یعنی ہم نہ آئیڈیالوجی کی بنیادوں پر ایک قوم بنتے ہیں (جو قرآن کا تقاضا تھا) اور نہ ہی باقی اقوام عالم کے معیاروں کے مطابق ایک قوم بنتے ہیں۔ نتیجہ اس کا یہ کہ دنیا میں مسلمان جہاں کہیں بھی ہیں، انفرادی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ قومی اور اجتماعی نہیں۔ اس کا مشاہدہ آپ خود پاکستان میں کر سکتے ہیں۔ ہم اب بھی قوم نہیں بن سکے، انفرادی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ہم میں سے ہر شخص کے سامنے اپنا اپنا انفرادی مفاد ہے۔ اجتماعی مفاد کسی کے پیش نظر نہیں۔ یہ ہوتا ہے حشر اس قوم کا جو آئیڈیالوجی کے الفاظ کو دہرا کر اس فریب نفس میں مبتلا ہو جائے کہ یہ اپنے نتائج عملاً مرتب کر دے گی۔

☆☆☆☆

اب پھر اسی مقام کی طرف آیئے جہاں سے میں نے اس سلسلے کو چھوڑا تھا۔ میں کہہ یہ رہا تھا کہ قرآن کریم نے واضح الفاظ میں بتایا ہے کہ نیکی اور سعادت کی راہ ارکان اسلامی کی رسمی پابندی نہیں۔ نیکی اور کشاد کی راہ اس کی ہے جو دین کے مقصود و منتہیٰ پر نگاہ رکھے۔ اس سلسلہ میں قرآن نے دوسرے مقام پر کہا ہے۔

کیا تم سمجھتے ہو کہ حاجیوں کے لئے پانی کی سبیلیں لگا دینے اور مسجد الحرام کی آبادکاری کے مختلف کام سرانجام دے دینے سے انسان اس شخص کے برابر ہو جاتا ہے جو خدا اور حیات آخرت پر ایمان رکھے اور خدا کی راہ میں مسلسل جدوجہد کرے۔ (تم اپنے خودتراشیدہ تصور مذہب کی رو سے کچھ ہی سمجھ لو) میزان خداوندی میں یہ دونوں کبھی برابر نہیں ہو سکتے۔ (جو ایسا سمجھتے ہیں وہ ظلم کرتے ہیں) اور خدا کا قانون مشیت یہ ہے کہ ظالمین پر فلاح و سعادت کی راہ کبھی نہیں کھلتی۔

یاد رکھو! جو لوگ خدا کے متعین کردہ نصب العین (آئیڈیالوجی) پر یقین محکم رکھتے ہیں اور نظام خداوندی کے قیام و بقا کے لئے اپنی جان و مال سے مسلسل جدوجہد کرتے ہیں اور اس بلند مقصد کے حصول کے لئے جو کچھ چھوڑنا پڑے اسے بلا تامل و توقف چھوڑ دیتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے مدارج معیار خداوندی کے مطابق بہت بلند ہیں اور یہی لوگ درحقیقت کامیاب و فائز المرام ہیں (9:19-20)۔

مساوات کے نمونے:

یہی وہ نظام تھا جس میں کوئی فرد معاشرہ تو ایک طرف (حضرت عمرؓ کے ارشاد کے مطابق) اگر کوئی کتا بھی بھوک سے مرجاتا تو معاشرہ کا سربراہ اپنے آپ کو مجرم تصور کرتا تھا۔ اور یہی تھا وہ نظام جس میں مملکت کا سربراہ اس وقت تک گیہوں کی روٹی نہیں کھاتا تھا جب تک اسے یقین نہ ہو جائے کہ مملکت کے ہر فرد کو گیہوں کی روٹی مل رہی ہے۔ اس لئے کہ اس نظام کا مقصد مساوات انسانیہ تھا۔ آپ ہمارے واعظوں کو جھوم جھوم کر بیان کرتے دیکھیں گے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کا کوئی کپڑا کبھی تہہ کر کے نہیں رکھا اور حضرت عمرؓ منبر پر کھڑے تھے تو دیکھا گیا کہ ان کے تہبند میں دس بارہ پیوند تھے وہ ان واقعات کو بیان کر کے تاثر یہ دیں گے کہ یہ ان حضرات کی ذاتی اور انفرادی خوبیاں تھیں۔ وہ کبھی یہ نہیں کہیں گے کہ فطری نتیجہ تھا اس نظام کا جس کی بنیاد انسانی مساوات پر تھی۔ وہ نظام جس میں تمام افراد معاشرہ کا معیار زیست ایک جیسا تھا جس میں جو ایک کو میسر آتا تھا وہی سب کو مہیا ہوتا تھا۔

مساوات سے مقصود:

آگے بڑھنے سے پہلے میں اس مساوات کی تھوڑی سی تشریح ضروری سمجھتا ہوں۔ یہ مساوات ایسی نہیں تھی جیسے جیل خانہ میں قیدیوں کو ایک جیسی وردی پہننے کو اور ایک جیسی روٹی کھانے کو ملتی ہے (ضمناً اب تو جیل خانوں میں بھی یہ مساوات باقی نہیں رہی۔ ایک امیر آدمی اور غریب آدمی ایک ہی جرم کے مرتکب ہوتے ہیں اور عدالت سے انہیں ایک ہی جیسی سزا ملتی ہے۔ لیکن جیل خانہ میں امیر آدمی کو اے کلاس دے دی جاتی ہے اور غریب آدمی کو سی کلاس۔ اور دیگر آسائشوں کے علاوہ یہی سی کلاس قیدی اس اے کلاس والے کو بطور خدمت گار عطا کر دیا جاتا ہے۔ یعنی دونوں ایک جیسے مجرم ہیں لیکن ان میں سے

وہاں بھی ایک آقا ہے اور دوسرا اس کا غلام) بہر حال، میں کہہ یہ رہا تھا کہ مساوات انسانیہ سے مراد، جیل خانہ کی سی مساوات نہیں اس سے مراد ایسی مساوات ہے جو ایک شریف گھر کے افراد میں ہوتی ہے۔ اس میں، گھر کی آمدنی میں سے ہر ایک فرد خاندان کو اس کی ضروریات کے بقدر ملتا جاتا ہے۔ ان میں فرق ضروریات کا ہوتا ہے۔ معیار زندگی کا نہیں۔ یہی کیفیت قرآنی نظام میں افراد معاشرہ کی ہوتی ہے۔ اس میں، قوم کے سارے بچوں کو ابنائے ملت سمجھا جاتا اور ان کی مضمر صلاحیتوں کی نشوونما کے لئے یکساں انتظام کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد، ہر ایک کی صلاحیتوں کے مطابق تقسیم کار کر دی جاتی ہے۔ ہر فرد اس کام کو نہایت محنت اور دیانت سے سرانجام دیتا ہے جو اس کے سپرد کیا جاتا ہے، اور نظام معاشرہ اس کی اور اس کے بال بچوں کی ضروریات زندگی مہیا کئے چلا جاتا ہے۔ اس میں معیار زیست تو سب کا ایک ہوتا ہے، لیکن انفرادی ذوق ور پسند کا میدان وسیع ہوتا ہے۔۔ یعنی انسان اور انسان سب برابر (اس میں مرد اور عورت کی بھی کوئی تخصیص و تمیز نہیں) معاشرہ میں مدارج ہر ایک کے جوہر ذاتی، بلندی سیرت و کردار اور حسن کا کردگی کے مطابق۔ اور ضروریات زندگی کے مہیا کئے جانے میں انفرادی حسن ذوق کے مطابق انتخاب کی گنجائش۔ جوں جوں قومی دولت بڑھتی جائے، معاشرہ کا معیار زیست بلند ہوتا چلا جائے۔ یہ ہے نقشہ قرآنی نظام معاشرہ میں مساوات انسانیہ کا۔ یہی تھی وہ مساوات جس کے لئے اس نظام کے ارکان۔۔ صلوٰۃ، صیام، حج، زکوٰۃ وغیرہ۔۔ کا تعین کیا گیا تھا۔ ہمارا واعظ اب بھی مساوات کا ذکر کرتا ہے، اور بڑے فخر کے ساتھ کرتا ہے۔ لیکن اب اس مساوات کی صرف رسم باقی ہے۔ اس کی روح اور حقیقت غائب ہے۔ اب بھی ہماری مسجدوں میں ''محمود و ایاز'' ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے ہیں لیکن ان میں یہ مساوات صرف مسجد کی صف تک محدود ہوتی ہے۔ مسجد سے باہر نکلتے ہی۔۔ بلکہ اس صف سے اٹھنے کے بعد، صحن مسجد میں ہی ء۔۔ محمود، محمود ہوتا ہے اور ایاز، ایاز۔۔ عرفات کے میدان میں بھی بے شک امیر اور غریب سب ایک بن سلی چادر میں ملبوس کھڑے ہوتے ہیں لیکن وہاں سے لوٹنے کے بعد، امیر حاجی جس ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں رات بسر کرتا ہے، غریب بیچارا اس کا تصور مرنے کے بعد کی جنت میں ہی کر سکتا ہے اس زندگی میں کبھی نہیں کر سکتا۔

ہمارا واعظ اب بھی بتاتا ہے کہ دیکھئے۔ روزہ میں غریب اور امیر ایک ہی طرح سارا دن بھوکے اور پیاسے رہتے ہیں۔ یہ اسلامی مساوات ہے۔ لیکن وہ اس فرق کو کبھی سامنے نہیں لاتا جو ان دونوں کی سحری اور افطار میں ہوتا ہے۔ امیر کے بیٹے کی پہلی افطاری کے جشن میں جو کچھ ایک شام کو صرف ہو جاتا ہے وہ اس غریب کی سال بھر کی آمدنی سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔

اجتماع عید کا منظر:

اس رسمی اور روایتی مساوات کا بھانڈ بالآخر، عید گاہ میں جا کر پھوٹتا ہے۔ جس انداز سے عید کے چاند کا انتظار ہوتا ہے اور جس ذوق و شوق اور جوش و خروش سے اس کا استقبال کیا جاتا ہے، اس سے یوں نظر آتا ہے گویا ساری قوم ہمہ تن جشن مسرت ہے لیکن صبح جب عید کے اجتماع کے لئے جایئے، تو دور ہی سے یہ آوازیں فضا میں تھرتھری پیدا کرتے دکھائی دیتی ہیں کہ ''بابا! خدا کے نام پر۔ چار پیسے دیتے جایئے۔ میرے بچے بھوکے ہیں۔'' ''میاں صاحب! اللہ کے واسطے میری جھولی میں کچھ ڈالتے جایئے۔ میں ایک لاوارث بیوہ ہوں جس کے بچوں کے تن پر سردی سے بچنے کے لئے کپڑا تک نہیں۔'' دوسری طرف

سے یہ دلگداز اور جگر خراش صدا وجۂ سوہان روح بنتی ہے کہ ''بابا! میں تین مہینے سے بیمار اور لاچار ہوں۔ میری دوائی کے لئے کچھ دیتے جایئے۔ خدا تمہاری نماز، روزے قبول کرے گا۔'' یہ زہرہ گداز اور دل سوز آوازیں سنتے سنتے آپ عیدگاہ میں داخل ہوں، تو وہاں اس سے بھی زیادہ جگر پاش منظر دکھائی دے گا۔ فاقوں کے مارے ہوئے زرد زرد چہرے۔ افلاس و غربت کے جھنجھوڑے ہوئے ہڈیوں کے ڈھانچے، افسردہ پیشانیاں، پژمردہ آنکھیں۔ پوری فضا پر عبرت انگیز مایوسیوں کی ہولناکی مسلط۔۔ اس سے پہلے، پھر بھی ایسا ہوتا تھا کہ ہر شخص کو بالعموم اور بچوں کو بالخصوص کم از کم سال میں ایک بار، عید کے موقعہ پر، نئے کپڑے ضرور مل جاتے تھی اب آپ عیدگاہ کے اجتماع پر نگاہ ڈالئے۔ شاید ایک فیصد نمازی بھی ایسے نظر نہ آئیں گے جو نئے کپڑوں میں ملبوس ہوں۔ باقی سب نے انہی پرانے کپڑوں کو دھو کر تن ڈھانپ رکھا ہوگا۔ اور ان میں بھی اکثر ایسے جنکے کپڑوں کے چیتھڑے اڑے ہوئے ہوں۔۔ ادھر چندہ مانگنے والے صفوں میں جھولیاں لئے پھر رہے ہیں۔ ادھر امام صاحب صدقۂ فطر کے فضائل بیان فرما رہے ہیں۔۔ اس سے وہ سرمایہ داروں کو جنت کی بشارتیں دیتے ہیں اور غریبوں اور محتاجوں کو تقدیر خداوندی پر شاکر رہنے کی تلقین فرماتے ہیں اور اس طرح ان کی نگاہ کبھی اس باطل نظام کی طرف اٹھنے نہیں دیتے جس کی پیدا کردہ ناہمواریوں کا نام تقدیر خداوندی رکھ دیا جاتا ہے۔ یہ ہے اس قوم کا جشن عید، جسے جشن کہتے ہوئے شرم آتی ہے۔ یاد رکھئے! جس جشن میں قوم کا ایک فرد بھی حقیقی مسرت سے محروم رہ جائے، وہ جشن، جشن نہیں۔ قوم کی بدنصیبی کا ماتم ہے۔ عید اسی قوم کی ہے جسے رزق (حضرت عیسیٰؑ کے الفاظ میں) خدا کے آسمانی نظام کی رو سے ملتا ہے اور جس میں ہر فرد معاشرہ، بلا منت غیرے، بطور استحقاق، برابر کا شریک ہوتا ہے۔ جس قوم کو انسانوں کے خودساختہ نظام کے تابع رزق ملے۔۔ جس کا نتیجہ یہ ہو کہ چند افراد تو قارون کے خزانے کے مالک ہوں اور باقی افراد معاشرہ روٹی کے ٹکڑے کے لئے بھی ترس رہے ہوں۔ اور اگر انہیں وہ ٹکڑہ ملے بھی تو شرف و تکریم انسانیت بیچ کر ملے۔۔ اس قوم کی عید، ایک مقدس فریب سے زیادہ کچھ حیثیت نہیں رکھتی۔ یہی وہ عید ہے جس کا ہلال، اس قوم کی ہنسی اڑاتا ہے، اور دنیا کی قومیں جس کی فریب خوردگی کا تماشہ دیکھنے کے لئے دور دور سے آتی ہیں۔

دین جب مذہب میں تبدیل ہو جاتا ہے تو اس کا نتیجہ یہی ہوتا ہے۔ اسی (عید کی) نماز کے لئے امام نے بتایا تھا کہ اس میں چھ زائد تکبیریں ہوتی ہیں۔ تکبیر کے معنی ہیں۔۔ اللہ اکبر کا اعلان۔۔ مذہب میں چھ چھوڑ کر، چھ سو مرتبہ بھی اللہ اکبر کہئے تو اس کا، دو لفظ دہرانے سے زیادہ نہ کوئی مفہوم ہوتا ہے، نہ کوئی نتیجہ۔ لیکن دین کے نظام میں اللہ اکبر کے اعلان کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ خدا کے قانون سے بالا کوئی قانون نہیں اور آسمانی نظام سے برتر کوئی نظام نہیں کائنات میں اقتدار اعلیٰ صرف خدائی نظام کو حاصل ہے اور اس کا منطقی نتیجہ یہ ہے کہ انسانوں میں اکبر و اصغر کی کوئی تفریق نہیں اس لئے کہ نہ کوئی کسی کا محتاج ہے نہ محکوم۔۔ سوچئے کہ اس تکبیر میں اور نماز عید کی موجودہ تکبیروں میں کس قدر فرق ہے۔ اقبال کے الفاظ میں:

الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن ملا کی اذاں اور مجاہد کی اذاں اور
پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

جشنِ عید شاہیں بچوں کا حق ہوتا ہے۔۔ مردار خور کرگسوں کا نہیں! والسلام

عید مبارک

جشنِ نزولِ قرآن مجید

پر پیشگی ہدیہ تبریک قبول فرمایئے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ (10:58-57)

اے نوعِ انسانی! تمہارے پاس تمہارے نشوونما دینے والے کی طرف سے ایک ضابطۂ حیات آ گیا ہے جو ہر اس کشمکش کا علاج ہے جو تمہارے سینوں کو وقفِ اضطراب رکھتی ہے۔ جو قوم اس کی صداقتوں پر یقین رکھتی ہے یہ اس کی راہنمائی، زندگی کی منزلِ مقصود کی طرف کرتا ہے اور اسے سامانِ نشوونما سے بہرہ یاب کر دیتا ہے۔

کہو کہ یہ خدا کے فضل و رحمت سے عطا ہوا ہے۔ لہٰذا تمہیں چاہئے کہ ایسے ضابطۂ حیات کے ملنے پر جشنِ مسرت مناؤ۔ یہ اس تمام ساز و سامان سے بہتر ہے جسے تم جمع کرتے ہو۔

مرتبہ محمد سلیم اختر خاں

قیامِ پاکستان کے بعد پہلی عید کی کہانی پرویز صاحب کی زبانی

(ماخوذ از درسِ قرآن از پرویز، مورخہ 15 اگست 1980ء۔ تصویر اگلے صفحہ پر دیکھئے۔)

عید آزاداں شکوہِ ملک و دیں عید محکوماں ہجومِ مومنین

مفہوم: آزاد قوم کی عید، ملک اور دین کی شان و عظمت کا شہکار ہوتی ہے جبکہ غلاموں کی عید صرف مسلمانوں کا ایک پریشان حال ہجوم ہے۔ (س۔ا)

''عید تو میں نے کہا آزاد لوگوں کی ہوتی ہے، محکوموں کی عید کیا صاحب! ایک ہجوم ہے اکٹھا ہو گیا۔ وہاں جو آئے تو ذہن میں آیا کہ اب جو عیدِ آزاداں ہے، اس کی پہلی عید ہمیں میسر ہوگی، وہ ساری خوشیاں ہمارے ذہن میں تھیں اور ہمیں پہلی عید جو آئی اپنی آزاد مملکت میں تو وہ اس کیفیت سے عید آئی تھی۔ عجب کیفیت ہے، میں اس کیف اور سرور کو نہیں بھول سکتا جو وہاں عید کی دو رکعتوں میں مجھے سعادت نصیب ہوئی۔ قائداعظمؒ (محمد علی جناح) اگلی صف میں تھے، ان کے بعینہٖ ٹھیک پچھلی صف میں، بالکل ان کے پیچھے، میں کھڑا تھا۔ ایک عظیم شخصیت جس نے ہندو جیسی قوم کی غلامی کی زنجیروں سے چھڑا کر ہمیں آزادی دی تھی۔ وہ مردِ مومن جنہیں میں دس سال سے قریب سے جانتا تھا، دل بھی مومن، دماغ بھی مومن بڑی بلند شخصیت اور ان کے پیچھے یہ سعادت کہ دو رکعتیں نماز کی ادا کی گئیں۔ اقبالؒ (1877-1938ء) نے ''جاوید نامہ'' میں کہا ہے، عجیب چیز ہے۔ وہاں تو دو رکعتیں وہ جلال الدین افغانی اور سید حلیم پاشا کے ذکر میں آیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ ؎

با چنیں مرداں دو رکعت طاعت است

اس قسم کے انسانوں کے ساتھ اگر کہیں دو رکعت نماز کی مل جائے، اطاعت اس کو کہتے ہیں۔

ورنہ آں کارے کہ مزدش جنت است

''ورنہ او دیہاڑی ہوندی ہیگی اے، جیہدی جنت ملدی ہوندی ہیگی آ'' کیا بات ہے اقبالؒ کی!

با چنیں مرداں دو رکعت طاعت است ورنہ آں کارے کہ مزدش جنت است

میں نے کہا ہے کہ اس کے لئے دیہاڑی کا ہی لفظ صحیح آتا ہے، ورنہ یہ وہ کام ہے جس کی مزدوری جنت مل جاتی ہے۔ اطاعت تو اس قسم کے مردوں کے ساتھ دو رکعتیں ادا کرنا ہیں۔ عزیزانِ من! وہ دو رکعتیں جو میں نے ادا کی ہیں، اس مردِ مومن کے پیچھے کھڑے ہو کر، میں ساری عمر ان کا کیف و سرور نہیں بھول سکتا۔ لیکن اس عید کے بعد جب وہ کھڑے ہوئے اور ہجوم کر کے لوگ ملنے کے لئے جا رہے تھے، ان کی آنکھوں کا جو نم تھا وہ مجھ سے ہزار داستانیں کہہ رہا تھا۔ عید کی خوشی میں مل رہے تھے لوگوں سے، جگر میں ٹیس لب ہنسنے پہ مجبور، عزیزانِ من! وہ پہلی عید جس طرح سے غم آلود گزری، 33 سال ہو گئے، 33 عیدیں آئیں، ایک عید بھی تو خوشی کی نصیب نہیں ہوئی ہے۔ پتہ نہیں کہ یہ طرح ایسی پڑ گئی اس پہلی عید کی ہمارے ہاں، میں کچھ نہیں کہہ سکتا کہ کیا ہوا۔ ''عیدِ آزاداں شکوہِ ملک و دیں'' ایک شاعر کا مصرع ہے، وہ اس لئے کہ اس نے سچ کہا تھا اس نے عیدِ آزاداں کہا تھا۔ آزادی محض مملکت کے نقشے کے اوپر لکیر کھینچنے سے تو حاصل نہیں ہو جاتی۔ آزادی اور چیز ہوتی ہے۔ ملک کا آزاد ہو جانا اور چیز ہوتا ہے، انسانوں کا آزاد ہونا اور چیز ہوتا ہے۔ وہ نہیں نصیب ہو سکی۔ اس کے باوجود آپ جانتے ہیں کہ میں تو ان میں سے ہوں جو کہا کرتا ہوں کہ ؎

مِلّت کے ساتھ رابطۂ اُستوار رکھ پیوستہ رہ شجر سے، اُمیدِ بہار رکھ! (اقبال: بانگِ درا)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مکتوبِ پرویزؒ بنام خالد گل صاحب

عزیز محترم

آپ دیارِ عرب میں قرآنی شمع کو فرزاں رکھنے کے لئے جس قدر گرم جوشی سے کام کر رہے ہیں اس سے میں بے حد مطمئن اور پر مسرت تھا کہ آپ کو پورا پورا اطمینانِ قلب حاصل ہے لیکن اگلے دنوں ڈاکٹر صاحب اور عزیزہ بیٹی رشیدہ آئے تو انہوں نے بتایا کہ آپ ان دنوں کچھ پریشان خاطر رہتے ہیں اس سے مجھے تعجب بھی ہوا۔ تاسف بھی اور صدمہ بھی۔

تعجب اس بات سے کہ آپ جیسا گرم جوش مطمئن قلب پریشان کس طرح ہو گیا۔ تاسف اس پر کہ آپ نے اپنی پریشانی کے متعلق مجھ سے ذکر کیوں نہ کیا اور صدمہ اس سے کہ آپ جیسی قیمتی زندگی بلا وجہ کم ہو رہی ہے۔

عزیز من! یوں تو ہر زندگی قابل قدر ہوتی ہے لیکن جس شخص کے سامنے زندگی کا کوئی بلند مقصد ہو اس کی زندگی کا تو ایک ایک لمحہ بے بہا ہے۔ میں اب عمر کے اعتبار سے اس مقام پر ہوں جہاں اگلا ساحل زیادہ قریب ہوتا ہے۔ وہ جوان سال جن پر مجھے بھروسہ ہے کہ یہ میرے بعد بھی اس شمع کو روشن رکھیں گے ان میں ایک آپ بھی ہیں۔ میں نے آپ کا باہر جانا اس لئے گوارہ کر لیا تھا کہ آپ وہاں کچھ مالی مفاد حاصل کر کے واپس آئیں گے تو پھر اقتصادی طور پر مطمئن ہو کر اس بلند مقصد کے فروغ کے لئے کوششیں کر سکیں گے۔ اندریں حالات آپ سمجھئے کہ آپ کی زندگی آپ کے بچوں کے لئے کس قدر متاعِ حیات ہے۔

ان بچوں کے لیے جنہیں دنیا میں لانے کے آپ ذمہ دار ہیں ان کی پرورش تعلیم و تربیت آپ کا اولین فریضہ ہے اور اس سے اگلی سطح پر قرآنی مشن کے لیے آپ کی زندگی کس قدر بے بدل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری زندگی ہماری رہتی ہی نہیں۔ یہ ہمارے پاس امانت ہوتی ہے وہ امانت جس کے (غالب کے الفاظ میں) ایک ایک قطرے کا ہمیں حساب دینا ہوتا ہے (خدانخواستہ) کوئی ایسا طبیعی حادثہ ہو جائے جس پر ہمیں اختیار نہ ہو۔ تو وہ اور بات ہے ورنہ ہمارا فریضہ یہ ہے کہ جس اقدام سے زندگی یا صحت کے کم ہو جانے کا اندیشہ ہو اس کی روک تھام کا فوری انتظام کریں۔ اس کا ہمیں حساب دینا ہوگا اور اسی کی ہم سے پرسش ہوگی۔ ذرا سوچئے کہ وہ زندگی جس نے قرآنی مشن کے لئے وجہ فروغ ہونا تھا اگر ہم اس کی حفاظت کی طرف سے غفلت برتیں تو اس سے انسانیت کا کس قدر نقصان ہوگا اور عدالت خداوندی میں یہ کتنا بڑا جرم! ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمِ ﴿۸﴾ (102:8) تم سے ان بے بہا نعمتوں کی بابت پوچھا جائے گا۔ مجھے معلوم ہے کہ آپ کو کوئی جسمانی عارضہ نہیں (یہ اللہ کا فضل ہے) اس لئے آپ کی پریشانی کی وجہ نفسیاتی (Psychological) ہے۔ مجھے اس کا احساس ہے کہ والدہ

مرحومہ کی وفات کا آپ پر بڑا اثر ہوا ہے۔ آپ کو ان سے اور انہیں آپ سے بڑا پیار تھا۔ لیکن اس غم کو دل پر لگاتے وقت آپ نے قرآن کے اس عظیم سبق کو نظر انداز کر دیا جس میں اس نے کہا کہ ''اور تو اور'' اگر محمد ﷺ جیسی شخصیت بھی کہ جو تمہارے لئے متاع کونین ہے کل کو وفات پا جائے تو تم یہ نہ سمجھ لینا کہ بس! زندگی کے مقاصد ختم ہو گئے۔ اگر تم نے ایسا سمجھ لیا تو وہ تو اپنی طبعی موت سے وفات پا گئے تھے تم اپنے ہاتھوں اپنی زندگی کا خاتمہ کر لو گے۔ اس لئے عزیزم کسی بڑی سے بڑی اور پیاری سے پیاری شخصیت کی جدائی کو ہمارے لیے نا قابل تلافی نقصان کا موجب نہیں بن جانا چاہئے۔ اس قسم کا اثر نفسیاتی ہوتا ہے اور اس کا علاج انسان کے خود اپنے ہاتھ میں یعنی عزم راسخ (Determination) اس امر کو مستحکم کیجئے کہ مجھے زندگی کے بلند مقاصد کے لئے جینا اور تندرست رہنا ہے یہ احساس تم سے زائل ہو جائے گا۔ آپ نے پچھلی دفعہ اپنی بچی کی الجھن کا مجھ سے ذکر کیا تھا۔ مجھے معلوم ہوا ہے کہ اب کسی اسکول میں جانے لگی ہے۔ یہ بہت اچھا ہے۔ معلوم نہیں کہ یہ اسکول کیسا ہے اگر کوئی ایسا سکول ہو جس میں استانیاں یورپین ہوں تو وہ زیادہ اچھا رہتا ہے ان استانیوں کو بچوں کی سائیکالوجی کے لئے خاص طور پر تیار کیا جاتا ہے۔ اور وہ انہیں نہایت عمدگی سے (handle) کرتی ہیں۔

لیکن جہاں تک میں اندازہ کر سکا ہوں آپ کی (اور دیگر اہلِ خاندان کی) پریشانی کی بنیادی وجہ عزیزہ بیٹی کا مسئلہ ہے آپ چونکہ ایسے معاملات میں زیادہ حساس واقعہ ہوئے ہیں اور عزیزہ آج کل آپ کے پاس ہی ہے۔ اس لئے آپ نے اس قدر شعوری یا غیر شعوری طور پر اس کا زیادہ اثر لیا ہے لیکن اس مسئلہ کا حل تو خود اس بیٹی کے پاس ہے۔ رشتے اچھے مل سکتے ہیں بشرطیکہ وہ اس کے لئے آمادہ ہو۔ کوشش کیجئے کہ وہ اس کے لیے آمادہ ہو جائے تو آپ کا ہی نہیں پورے خاندان کا ایک مسئلہ حل ہو جائے گا۔

لیکن یہ مسائل حل ہوں یا نہ۔ آپ کو ان کا ایسا اثر نہیں لینا چاہئے جس سے آپ کی صحت (اور بامقصد زندگی) متاثر ہو جائے۔ اس کا علاج اس عزم کا پختہ کرنا ہے کہ آپ نے ایک عظیم مقصد کے حصول کے لئے زندہ اور تندرست رہنا ہے۔ اس سے آپ کی قوت ارادی میں استحکام پیدا ہو گا اور وہ اس قسم کی نفسیاتی الجھن کی مدافعت کر دے گی۔ مجھے اُمید ہے کہ آپ اس پر توجہ سے غور کریں گے۔

یاد رکھئے! مجھے آپ کی بڑی ضرورت ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ انگلیوں کی تکلیف کی وجہ سے اب خطوط خود نہیں لکھا کرتا۔ املا کرا دیا کرتا ہوں۔ لیکن یہ خط مجھے خود ہی لکھنا تھا۔ بمشکل لکھ پایا ہوں۔ اس کے جواب کا مجھے شدت سے انتظار رہے گا۔

والسلام

خیر طلب

باباجی

18 اگست 1980ء

علامہ غلام احمد پرویز علیہ الرحمہ

کیا قائداعظم پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانا چاہتے تھے؟

(سردار شوکت حیات کو غلط فہمی ہوئی ہے)

مفکرِ قرآن علامہ غلام احمد پرویزؒ کی زندگی کا آخری مضمون

جو پریس میڈیا میں شائع ہوا

مفکرِ قرآن علامہ غلام احمد پرویزؒ نے اپنی نہایت کمزور صحت کے باوجود 25 اپریل 1984ء کو 25 بی گلبرگ 2، لاہور میں روزنامہ جنگ لاہور کے نمائندگان جناب ضیا شاہد صاحب، جناب اسد اللہ غالب صاحب اور جناب ارشاد عارف صاحب کو انٹرویو دیا جس کی ویڈیو بھی ادارہ طلوع اسلام کے پاس دستیاب ہے۔ روزنامہ جنگ لاہور نے 4 مئی 1984ء کے جمعہ میگزین میں جناب پرویزؒ کے انٹرویو میں دیئے گئے جوابات پر مشتمل مضمون کی صورت میں شائع کیا۔ چونکہ یہ مضمون نہایت اہم ہے۔ اور جناب پرویزؒ کا پریس میڈیا میں شائع ہونے والا آخری مضمون ہے اور آج بھی نہایت تازہ حالات کی روشنی میں پاکستانیوں کی خصوصاً اور عوام الناس کی عموماً راہنمائی کے لئے بہت ضروری معلومات کا حامل ہے، اس لئے بشکریہ روزنامہ جنگ لاہور اس مضمون کو دوبارہ ماہنامہ طلوع اسلام کی زینت بنایا جا رہا ہے۔

روزنامہ جنگ (لاہور) کے جمعہ میگزین ایڈیشن (بابت 13 الغایت، 19 اپریل 1984ء) میں سردار شوکت حیات کا ایک انٹرویو شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے (ملخصاً) کہا ہے کہ قائداعظمؒ پاکستان کو اسلامی مملکت نہیں بلکہ سیکولر فلاحی مملکت بنانا چاہتے تھے۔ اس کی تائید میں انہوں نے قائداعظمؒ کی 11 اگست 1947ء کی تقریر کا حوالہ بھی دیا ہے۔ یہ کوئی نئی بات نہیں جو سردار شوکت حیات نے کہی ہو۔ اس سے پہلے بھی اس قسم کے شوشے چھوڑے جاتے رہے ہیں۔ مدون طور پر اسے جسٹس محمد منیر (مرحوم) نے اپنی کتاب From Jinnah To Zia میں چھوڑا تھا جس کا تفصیلی جواب میں نے اپنے ایک مقالہ میں دیا تھا۔

چونکہ سردار شوکت حیات نے اپنے انٹرویو میں وہی اعتراضات دہرائے ہیں جنہیں جسٹس (مرحوم) نے اپنی کتاب میں پیش کیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں کہ میرے مذکورہ صدر مقالہ کی اشاعت اس کوشش کو ناکام بنانے میں موثر ثابت ہوگی جو تاریخ کو مسخ کرنے اور قائداعظمؒ کے خلاف الزام تراشنے کے لئے کی جارہی ہے۔ تحریک پاکستان کے سلسلے میں بالعموم اور قائداعظمؒ کے ضمن میں بالخصوص، جو کچھ میں کہتا چلا آرہا ہوں اور کہوں گا، وہ شنیدنہیں، دید ہے۔ میں (اپنے متعلق اکثر کہا کرتا ہوں کہ میں) 1930ء کا پاکستانی ہوں۔ جب علامہ اقبال نے (الٰہ آباد کے مقام پر) اپنے خطبہ صدارت میں فرمایا تھا کہ اسلام ایک زندہ حقیقت صرف اپنی آزاد مملکت میں بن سکتا ہے اور اس مقصد کے لئے انہوں نے مسلمانان ہند کے لئے ایک جداگانہ مملکت کا تصور پیش کیا تھا۔ اس کے بعد جب قائداعظمؒ اس شمع کو لے کر آگے بڑھے تو میں نے ملازمت میں ہونے کے باوجود تقریباً دس سال تک ان کی معیت اور قیادت میں اپنے انداز سے تحریک پاکستان میں بھرپور حصہ لیا۔ اس زمانہ کے طلوع اسلام کے فائل اس کے شاہد ہیں۔

قائداعظمؒ کے ساتھ اس قرب کی بنا پر مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ وہ کس قسم کا اسٹیٹ بنانا چاہتے تھے لیکن میں جو کچھ عرض کروں گا وہ میرے ذاتی علم پر مبنی نہیں ہوگا کیونکہ کسی کا ذاتی علم تاریخی سند قرار نہیں پاسکتا۔ میں جو کچھ کہوں گا وہ قائداعظمؒ کے ان بیانات اور تقاریر پر مبنی ہوگا جو چھپ کر محفوظ ہو چکی ہیں عام طور پر یہ مغالطہ پیدا کیا جاتا ہے کہ چونکہ قائداعظمؒ تھیاکریسی نہیں چاہتے تھے۔ اس لئے اس سے ثابت ہوا کہ وہ سیکولر سٹیٹ چاہتے تھے، بڑی رکیک اور بودی ہے۔ تھیاکریسی اسی طرح خلاف اسلام ہے جس طرح سیکولرازم۔ لہٰذا قائداعظمؒ جس طرح سیکولرازم کے خلاف تھے، اسی طرح تھیاکریسی کے بھی خلاف تھے۔ تھیاکریسی کہتے کسے ہیں، اسے انہوں نے اپنے اس پیغام میں واضح کر دیا تھا جو انہوں نے بحیثیت گورنر جنرل، فروری 1948ء میں اہل امریکہ کے نام براڈ کاسٹ کیا تھا۔ اس میں انہوں نے پاکستان کے دستور کے متعلق فرمایا تھا۔۔۔

> پاکستان کی دستور ساز اسمبلی نے ابھی پاکستان کا آئین مرتب کرنا ہے میں نہیں جانتا کہ اس آئین کی آخری شکل کیا ہو گی۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ اسلام کے بنیادی اصولوں کا آئینہ دار جمہوری انداز کا ہوگا۔ اسلام کے یہ اصول بھی اسی طرح عملی زندگی پر منطبق ہو سکتے ہیں جس طرح وہ تیرہ سو سال پہلے ہو سکتے تھے۔ اسلام نے ہمیں وحدت انسانیت اور ہر ایک کے ساتھ عدل و دیانت کی تعلیم دی ہے۔ آئین پاکستان کے مرتب کرنے کے سلسلہ میں جو ذمہ داریاں اور فرائض ہم پر عائد ہوتے ہیں، ان کا ہم پورا پورا احساس رکھتے ہیں۔ کچھ بھی ہو، یہ امر مسلمہ ہے کہ پاکستان میں کسی صورت میں بھی تھیاکریسی رائج نہیں ہوگی جس میں حکومت مذہبی پیشواؤں کے ہاتھ میں دے دی جاتی ہے کہ وہ (بزعم خویش) خدائی مشن کو پورا کریں۔

(تقاریر بحیثیت گورنر جنرل، ص65)

تھیا کریسی کی مخالفت:

اس براڈ کاسٹ کے آخری فقرہ میں قائداعظمؒ نے واضح الفاظ میں بتا دیا کہ تھیا کریسی وہ نظام حکومت ہوتا ہے جس میں اقتدار مذہبی پیشواؤں کے ہاتھ میں دے دیا جاتا ہے کہ وہ (بزعم خویش) خدائی مشن کو پورا کریں۔ قائداعظمؒ اس طرز حکومت کے خلاف تھے کیونکہ یہ اسلام کے خلاف ہے اور قرآن آیا ہی اسے مٹانے کے لئے تھا۔

علامہ اقبالؒ اور قائداعظمؒ دونوں تھیا کریسی کے خلاف تھے اور سخت خلاف۔ اس لئے کہ تھیا کریٹک سٹیٹ اور اسلامک سٹیٹ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ علامہ اقبالؒ نے تھیا کریسی کے خلاف کیا کچھ اور کتنا کچھ لکھا تھا' اس کی وضاحت کا یہ مقام نہیں۔ یہاں ان کے صرف ایک بیان پر اکتفا کیا جاتا ہے جو روزنامہ انقلاب (لاہور) کی 23 مارچ 1932ء کی اشاعت میں شائع ہوا تھا اور جس میں انہوں نے قوم کو مخاطب کر کے فرمایا تھا:

''تمہارے دین کی یہ عظیم الشان بلند نظری' ملاؤں اور فقیہوں کے فرسودہ اوہام میں جکڑی ہوئی ہے اور آزادی چاہتی ہے۔ روحانی اعتبار سے ہم حالات وجذبات کے ایک قید خانے میں محبوس ہیں' جو صدیوں کی مدت میں ہم نے اپنے گرد خود تعمیر کر لیا ہے اور ہم بوڑھوں کے لئے شرم کا مقام ہے کہ ہم نوجوانوں کو ان اقتصادی' سیاسی' بلکہ مذہبی بحرانوں کا مقابلہ کرنے کے قابل نہ بنا سکے جو زمانہ حاضر میں آنے والے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ساری قوم کی موجودہ ذہنیت کو یکسر تبدیل کر دیا جائے تا کہ وہ پھر نئی آرزوؤں' نئی تمناؤں اور نئے نصب العین کی امنگ کو محسوس کرنے لگ جائے۔

انہوں نے اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا تھا کہ اس قسم کا انقلاب بڑی ذہنی جدوجہد کا متقاضی ہو گا اور یہ اسی صورت میں ممکن ہو گا کہ ''اسلامی دنیا اس کی طرف عمرؓ کی روح کو لے کر آگے بڑھے۔ وہ عمرؓ جو اسلام کا سب سے پہلا حریت پسند قلب ہے۔ وہ جسے رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ کے آخری لمحات میں یہ کہنے کی جرأت نصیب ہوئی کہ...... حسبنا کتاب اللہ...... ''ہمارے لئے خدا کی کتاب کافی ہے۔''

(خطبات اقبالؒ)

قائداعظمؒ نے 5 فروری 1938ء کو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی یونین سے خطاب کرتے ہوئے نوجوان طالب علموں سے کہا تھا کہ:

''مسلم لیگ نے ایک کام تو کر دیا اور وہ یہ کہ اس نے تمہیں رجعت پسند عناصر کے چنگل سے چھڑا دیا ہے اور اس خیال کو عام کر دیا ہے کہ جو لوگ خود غرضی کا' مفاد پرستانہ کھیل کھیل رہے ہیں وہ قوم کے غدار ہیں۔ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ اس نے تمہیں اس ناپسندیدہ عنصر کی جکڑ بندیوں سے آزاد کر دیا ہے جسے مولوی یا مولانا کہتے ہیں۔''

(تقاریر قائداعظمؒ حصہ اول' ص 48)

اس سے ان کی مراد تھیا کریسی کی مخالفت تھی۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے 11 اپریل 1946ء کو دہلی میں مسلم لیجسلیٹرز کنونشن کے آخری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا:

اسے اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ ہم کس مقصد کے لئے یہ جنگ کر رہے ہیں۔ ہمارا نصب العین تھیا کریسی نہیں۔ ہم تھیا کریٹک سٹیٹ نہیں بنانا چاہتے۔

(تقاریر جناح، شائع کردہ شیخ محمد اشرف، جلد دوم، ص 386)

اسلامی حکومت کی امتیازی خصوصیات:

وہ تھیا کریٹک سٹیٹ نہیں بلکہ اسلامک سٹیٹ بنانا چاہتے تھے۔ اسلامک سٹیٹ کے اصول و معانی کیا ہوتے ہیں یہ موضوع بڑی تفصیل چاہتا ہے (میں اس کے متعلق صدہا صفحات لکھ چکا ہوں) اس کا نقطۂ ماسکہ یہ ہے کہ اس میں کسی انسان کو حق حکومت حاصل نہیں ہوتا۔ اس حقیقت کو انہوں نے حیدرآباد (دکن) میں عثمانیہ یونیورسٹی کے طلبہ کو 1941ء کو انٹرویو دیتے ہوئے ایسے جامع انداز میں سمٹا کر بیان کر دیا تھا جس کے بعد کچھ اور کہنے کی ضرورت ہی نہیں رہتی..... انہوں نے فرمایا تھا:

اسلامی حکومت کے تصور کا یہ امتیاز ہمیشہ پیش نظر رہنا چاہئے کہ اس میں اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع خدا کی ذات ہے جس کی تکمیل کا واحد ذریعہ قرآن مجید کے احکام اور اصول ہیں۔ اسلام میں اصلاً نہ کسی بادشاہ کی اطاعت ہے نہ کسی پارلیمان کی، نہ کسی اور شخص یا ادارہ کی۔ قرآن کریم کے احکام ہی سیاست یا معاشرت میں ہماری آزادی اور پابندی کے حدود متعین کرتے ہیں۔ اسلامی حکومت دوسرے الفاظ میں قرآنی اصول اور احکام کی حکمرانی ہے اور حکمرانی کے لئے آپ کو علاقہ اور مملکت کی ضرورت ہے۔

(اورینٹ پریس بحوالہ روزنامہ انقلاب، لاہور، مورخہ 8 جنوری 1942ء)

مطالبہ پاکستان کا مقصد:

اب آیئے اس حقیقت کی طرف کہ وہ مقصد کیا تھا جس کے حصول کے لئے پاکستان کا مطالبہ کیا گیا تھا اور قائداعظمؒ اور مخالفین مطالبہ پاکستان کے مابین جنگ کس بات پر ہوئی تھی؟ وہ جنگ صرف اس بنا پر لڑی گئی تھی کہ قائداعظمؒ اسلامی ریاست متشکل کرنا چاہتے تھے اور مخالفین پاکستان (ہندو اور مسلمان نیشنلسٹ) سیکولر سٹیٹ کے حامی تھے۔ تفصیل اس اجمال کی بڑی وسعت طلب ہے۔ میں چند ایک مثالوں پر اکتفا کروں گا۔۔۔ قائداعظمؒ نے جب مذہب (دین) کی بنیادوں پر مملکت قائم کرنے کا مطالبہ پیش کیا تو (اس زمانے کے) کانگریس کے ایک نامور لیڈر، مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نے ایوان اسمبلی میں (جس میں وہ کانگریس پارٹی کے لیڈر تھے) پکار کر کہا۔۔۔

اب یہ ناممکن ہے کہ کوئی ایسا نظام حکومت قائم کیا جا سکے جس کی بنیاد مذہب پر ہو، وقت آ چکا ہے کہ ہم اعتراف

کرلیں اور اسے اچھی طرح ذہن نشین کرلیں کہ ضمیر، مذہب اور خدا کو ان کے مناسب مقام، یعنی آسمان کی بلندیوں پر رکھ دیا جائے اور خواہ مخواہ زمین کے معاملات میں گھسیٹ کر نہ لایا جائے۔ اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ اگر مذہب کو سیاست سے الگ نہ کیا جائے تو کوئی نظام حکومت قائم رہ سکتا ہے۔ عصر حاضر میں بہترین نظام حکومت اس نظریہ پر قائم ہوسکتا ہے کہ جغرافیائی حدود کے اندر گھرا ہوا ایک ملک ہو اور اس ملک کے اندر رہنے والے تمام افراد معاشی اور سیاسی مفاد کے رشتے میں منسلک ہو کر ایک قوم بن جائیں۔

(ہندوستان ٹائمز، 5-9-1938)

اس پر حاشیہ آرائی کرتے ہوئے ہندوستان ٹائمز نے لکھا تھا:

حکومت الٰہیہ کا تصور ایک داستان پارینہ ہے اور مسلمانوں کا فعل عبث ہوگا اگر وہ ہندوستان جیسے ملک میں اس کے احیاء کی کوشش کریں جہاں مختلف جماعتیں ایک دوسرے سے گتھی ہوئی ہیں یا اس امر کا خیال کریں کہ اس مقصد کے لئے ملک کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ یہ علامت خوش آئند ہے کہ خود مسلمانوں کے ذمہ دار رہنما اس سراب کے پیچھے لگنا نہیں چاہتے۔

(ہندوستان ٹائمز، 14-11-1939)

1940ء میں جب قرارداد پاکستان منظور ہوئی تو اس پر تبصرہ کرتے ہوئے مسٹر گاندھی نے کہا تھا:

اگر مذہب کو علیٰ حالہٖ رہنے دیا جائے یعنی ایک نجی کا معاملہ اور خدا اور بندے کے درمیان ایک ذاتی تعلق، تو پھر ہندوؤں اور مسلمانوں کے کئی ایک اہم مشترک عناصر نکل آئیں گے جو مجبور کریں گے کہ یہ دونوں ایک مشترکہ زندگی بسر کریں اور ان کی راہ عمل بھی مشترک ہو۔

(ہندوستان ٹائمز، 9-6-1940)

اسی رو میں مسٹر گاندھی نے 1946ء میں لکھا تھا:

اگر میں ڈکٹیٹر ہوتا تو مذہب اور حکومت کو الگ الگ کر دیتا۔ مجھے میرے مذہب کی قسم، میں اس کے لئے جان تک دے دیتا۔ مذہب میرا ذاتی معاملہ ہے۔ حکومت کو اس سے کیا واسطہ؟ حکومت کا منصب یہ ہے کہ وہ تمہاری دنیاوی ضروریات کا خیال رکھے..... مذہب سے اس کا کوئی واسطہ نہیں، مذہب ہر شخص کا پرائیویٹ معاملہ ہے۔

(ہریجن، 9-12-1946)

مسٹر گاندھی کا یہ ردعمل، قائداعظمؒ کے اس خط کا نتیجہ تھا جو انہوں نے اول الذکر کو یکم جنوری 1940ء کو لکھا تھا۔ اس میں انہوں نے (مسٹر گاندھی سے) کہا تھا:

آج آپ اس سے انکار کرتے ہیں کہ قومیت کی تشکیل میں مذہب ایک بہت بڑا عنصر ہے، لیکن جب خود آپ

سے یہ سوال کیا گیا تھا کہ زندگی میں آپ کا مقصود کیا ہے اور وہ کونسی قوت محرکہ ہے جو ہمیں آمادہ بہ عمل کرتی ہے۔ کیا وہ مذہب ہے یا سیاست یا عمرانی اصلاح؟ تو آپ نے کہا تھا کہ وہ خالص مذہبی جذبہ ہے۔ (لہٰذا مذہب اور سیاست دو الگ الگ شعبے ہو نہیں سکتے) آپ تمدنی، معاشی، سیاسی اور خالص مذہبی امور کو الگ الگ شعبوں میں تقسیم کر ہی نہیں سکتے، جس مذہب کو انسانی معاملات سے واسطہ نہیں، میں اسے مذہب ہی تسلیم نہیں کرتا۔ مذہب انسان کے ہر معاملہ کے لئے اخلاقی بنیاد مہیا کرتا ہے۔ اگر مذہب نہ ہو تو انسانی اعمال اس بنیاد سے محروم رہ جاتے ہیں اور جب زندگی ایسی بنیاد سے محروم رہ جائے تو وہ زندگی انسانی نہیں۔ محض غوطہ آرائی اور ہنگامہ پروری بن کر رہ جاتی ہے جس میں شور وشغب تو بہت ہوتا ہے، لیکن مقصد کچھ نہیں ہوتا۔

(تقاریر جناح، جلد اول، ص 140-139)

قرآن مجید کی عظمت:

ہم پہلے دیکھ چکے ہیں کہ قائداعظمؒ نے واضح الفاظ میں بتا دیا تھا کہ اسلامی مملکت وہ ہے جس میں قرآن عظیم کی حکمرانی ہو۔ انہوں نے قرآن مجید کی عظمت اور جامعیت کا کسی ایک بیان میں ذکر نہیں کیا، وہ پوری تحریک پاکستان کے دوران اس حقیقت کو دہراتے رہے۔ مثلاً اپریل 1943ء کا ذکر ہے۔ صوبہ سرحد کی مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن نے قائداعظمؒ سے ایک پیغام کے لئے درخواست کی۔ آپ نے جواب میں فرمایا:

تم نے مجھ سے کہا کہ میں تمہیں کوئی پیغام دوں۔ میں تمہیں کیا پیغام دوں جبکہ ہمارے پاس پہلے ہی ایک عظیم پیغام موجود ہے جو ہماری راہنمائی اور بصیرت افروزی کے لئے کافی ہے۔ وہ پیغام ہے خدا کی کتاب عظیم، قرآن کریم۔

(تقاریر، جلد اول، ص 516)

13 نومبر 1939ء کو آپ نے قوم کے نام عید کا پیغام نشر فرمایا۔ اس زمانے میں ملک میں ہنگامے اور فساد برپا ہو رہے تھے۔ آپ نے قوم سے کہا:

جب ہمارے پاس قرآن کریم ایسی مشعل ہدایت موجود ہے تو پھر ہم اس کی روشنی میں ان اختلافات کو کیوں نہیں مٹا سکتے؟

(تقاریر، جلد اول، ص 108)

دسمبر 1943ء میں کراچی میں مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اس کے آخری اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے آپ نے خود ہی سوال اٹھایا۔

وہ کونسا رشتہ ہے جس سے منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسد واحد کی طرح ہیں، وہ کونسی چٹان ہے جس پر ان کی

ملت کی عمارت استوار ہے، وہ کونسا لنگر ہے جس سے اس امت کی کشتی محفوظ کر دی گئی ہے؟

اس کے بعد خود ہی ان سوالات کا جواب ان الفاظ میں دیا!

وہ بندھن، وہ رشتہ، وہ چٹان، وہ لنگر خدا کی عظیم کتاب، قرآن مجید ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جوں جوں ہم آگے بڑھتے جائیں گے ہم میں زیادہ سے زیادہ وحدت پیدا ہوتی جائے گی..... ایک خدا، ایک کتاب، ایک رسول ﷺ، فلہٰذا ایک قوم۔

(تقاریر، جلد دوم، ص 50)

انہوں نے 1945ء میں، ملت کے نام عید کے پیغام میں ایک ایسی حقیقت کشا بات کہی جس پر نگہ بصیرت ہمیشہ وجد کرتی رہے گی..... آپ نے فرمایا:

اس حقیقت سے ہر مسلمان واقف ہے کہ قرآن کے احکام مذہبی اور اخلاقی حدود تک محدود نہیں۔ مشہور مورخ گبن نے ایک جگہ لکھا ہے کہ ''بحر اٹلانٹک سے لے کر گنگا تک ہر جگہ قرآن کو ضابطہ حیات کے طور پر مانا جاتا ہے۔ اس کا تعلق صرف الٰہیات تک نہیں بلکہ وہ مسلمانوں کے لئے سول اور فوجداری قوانین کا ضابطہ ہے جس کے قوانین نوع انسان کے تمام اعمال و احوال کو محیط ہیں اور یہ قوانین غیر متبدل، منشائے خداوندی کے مظہر ہیں۔

اس کے بعد قائداعظمؒ فرماتے ہیں:

اس حقیقت سے سوائے جہلاء کے ہر شخص واقف ہے کہ قرآن مسلمانوں کا بنیادی ضابطہ زندگی ہے جو معاشرت، مذہب، تجارت، عدالت، فوج، دیوانی، فوجداری اور تعزیرات کے ضوابط کو اپنے اندر لئے ہوئے ہے۔ مذہبی تقاریر ہوں یا روزمرہ کے معمولات۔ روح کی نجات کا سوال ہو یا بدن کی صفائی کا، اجتماعی حقوق کا سوال ہو یا انفرادی واجبات کا۔ عام اخلاقیات ہوں یا جرائم۔ دنیاوی سزا کا سوال ہو یا آخرت کے مواخذہ کا۔ اس سب کے لئے اس میں قوانین موجود ہیں۔ اسی لئے نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا تھا کہ ہر مسلمان قرآن کریم کا نسخہ اپنے پاس رکھے اور اس طرح اپنا مذہبی پیشوا آپ بن جائے۔ (انہیں الگ مذہبی پیشواؤں کی ضرورت نہیں)۔

(تقاریر، جلد دوم، ص 300)

حیدرآباد (دکن) کے جس انٹرویو کا ذکر پہلے آچکا ہے، اس میں جب طلبہ نے یہ سوال کیا کہ ''مذہب اور مذہبی حکومت کے لوازم کیا ہیں؟ تو اس کے جواب میں انہوں نے فرمایا تھا:

جب میں انگریزی زبان میں مذہب (Religion) کا لفظ سنتا ہوں تو اس زبان اور محاورے کی رو سے میرا ذہن لامحالہ خدا اور بندے کے باہمی پرائیویٹ تعلق کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔ لیکن میں خوب جانتا ہوں کہ اسلام کے نزدیک مذہب کا یہ محدود اور مقید مفہوم نہیں۔ میں نہ کوئی مولوی ہوں نہ مُلّا۔ نہ مجھے دینیات میں مہارت کا دعویٰ

ہے۔ البتہ میں نے قرآن مجید اور قوانین اسلام کے مطالعہ کی اپنے طور پر کوشش کی ہے۔ اس عظیم کتاب کی تعلیمات میں انسانی زندگی کے ہر باب کے متعلق ہدایات موجود ہیں۔ زندگی کا روحانی پہلو ہو یا معاشرتی' سیاسی ہو یا معاشی' غرضیکہ کوئی شعبہ ایسا نہیں جو قرآنی تعلیمات کے احاطہ سے باہر ہو۔ قرآن کریم کی اصولی ہدایات اور طریق عمل نہ صرف مسلمانوں کے لئے بہترین ہیں بلکہ اسلامی حکومت میں غیر مسلموں کے لئے حسن سلوک اور آئینی حقوق کا جو حصہ ہے' اس سے بہتر کا تصور ناممکن ہے۔

انہوں نے اپنی اس پکار کو اس شدومد سے دہرایا کہ ہندوستان کا بچہ بچہ اس سے واقف ہو گیا کہ قائداعظمؒ کس قسم کی مملکت بنانا چاہتے ہیں۔

دشمنوں کی گواہی:

یکم نومبر 1941ء کو لدھیانہ میں اکھنڈ بھارت کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت ہندوؤں کے مشہور رہنما مسٹر منشی نے کی۔ انہوں نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا:

تمہیں کچھ معلوم بھی ہے کہ پاکستان ہے کیا؟ نہیں معلوم تو سن لیجئے کہ پاکستان کا مفہوم یہ ہے کہ مسلمانوں کو اس کا حق حاصل ہے کہ وہ ملک کے ایک یا ایک سے زیادہ علاقوں میں اپنے لئے ایسے مسکن بنالیں جہاں طرز حکومت قرآنی اصولوں کے ڈھانچے میں ڈھل سکے اور جہاں اردو ان کی قومی زبان بن سکے' مختصر یوں سمجھئے کہ پاکستان مسلمانوں کا ایک ایسا خطہ ارض ہوگا جہاں اسلامی حکومت قائم ہوگی۔

(ٹریبیون' 2-11-1941)

ضمناً' اوائل 1977ء کا ذکر ہے۔ جرمنی میں پاکستان ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام قائداعظمؒ کے جشن صد سالہ کی ایک تقریب منائی گئی۔ اس میں ایک جرمن سکالر' پروفیسر ڈاکٹر کراہنن (Krahnan) نے اپنی تقریر کے دوران کہا تھا:

قائداعظم محمد علیؒ کے سامنے ماڈل' قرآن مجید تھا۔

(پاکستان ٹائمز' 3 فروری 1977ء)

یعنی بھارت کے مسٹر منشی اور جرمنی کے سکالر تک تو جانتے تھے کہ قائداعظمؒ کس قسم کی مملکت بنانا چاہتے تھے لیکن نہیں جانتے تھے تو ہمارے محترم جسٹس محمد منیر صاحب!

بوٹا بوٹا' پتہ پتہ' حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے' گل ہی نہ جانے' باغ تو سارا جانے ہے

قائداعظمؒ کی وفات کے بعد' ہندوستان ٹائمز نے اپنی 19 اکتوبر 1948ء کی اشاعت کے مقالہ افتتاحیہ میں لکھا تھا:

پاکستان بالخصوص مشرقی بنگال کی اقلیتوں کو اتنا خوف و ہراس اور کسی چیز سے پیدا نہیں ہوا جتنا اس حقیقت سے کہ

پاکستان کے راہنماؤں نے متعدد بار اعلان کیا ہے کہ وہ پاکستان میں اسلامی اصول و روایات کے مطابق ایک اسلامی مملکت قائم کرنا چاہتے ہیں۔

اس کے بعد اس نے کہا:

اگر کشمیر کا مسئلہ پرامن طریقے سے طے ہو جائے اور پاکستان اسلامی سٹیٹ کے خیال کو ترک کر دے اور اپنے سامنے ایک جمہوری ریاست کی تشکیل کا نصب العین رکھے تو اس سے پاکستان اور ہندوستان اور ہندوؤں اور مسلمانوں میں خوشگوار تعلقات کا ایک نیا دور شروع ہو جائے گا۔

کیا محترم جسٹس منیر صاحب نے اندازہ فرمایا ہے کہ قائداعظمؒ اور مخالفین میں باعث نزاع کیا مسئلہ تھا؟ یہ مسئلہ کہ قائداعظمؒ اسلامی ریاست بنانا چاہتے تھے اور مخالفین سیکولر سٹیٹ پر زور دیتے تھے جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے، ہندو تو اس کے لئے بھی تیار تھا کہ اگر پاکستان اسلامی سٹیٹ بنانے کے دعوے کو ترک کر دے تو وہ اس کے ساتھ مفاہمت کرے گا۔

ہم نے پہلے کہا ہے کہ قائداعظمؒ کی طرف سے پیش کردہ مطالبہ پاکستان کی مخالفت، ہندو نے بھی کی تھی اور قومیت پرست مسلمان لیڈروں نے بھی۔ ان میں سرفہرست نیشنلسٹ علماء کا طبقہ تھا۔ اگر ان کی بناء مخالفت سامنے آ جائے تو اس سے بھی یہ واضح ہو جاتا ہے کہ قائداعظمؒ کس قسم کی مملکت قائم کرنا چاہتے تھے اور ان کے مخالفین کس قسم کی؟ یہ مخالف علماء باستثناء چند، دارالعلوم دیوبند کے مسلک سے متعلق تھے۔ دیوبند کا مسلک کیا تھا، اس کے متعلق متحدہ ہندوستان کے مشہور نیشنلسٹ اخبار مدینہ (بجنور) کی سترہ اپریل 1963ء کی اشاعت میں مولانا اسرار احمد آزاد دیوبندی کا ایک مقالہ شائع ہوا تھا جس میں انہوں نے لکھا تھا:

یہ الزام بے بنیاد ہے کہ علماء ہند اس ملک میں اسلامی حکومت کے لئے کوشاں رہے ہیں۔ دارالعلوم دیوبند سے تعلق رکھنے والے علماء نے کم از کم اس صدی کے آغاز سے ہندوستان میں جمہوری اور سیکولر حکومت کو اپنا واضح نصب العین قرار دے لیا تھا۔

یہ مقالہ ہی اس حقیقت کے ثبوت کے لئے محکم دلیل ہے کہ یہ حضرات سیکولر حکومت کے قائل تھے اور قائداعظمؒ اس طرز حکومت کے مخالف اور یہی ان دونوں میں بنا مخاصمت تھی، سیکولر نظام حکومت سے یہ مراد ہوتی ہے کہ اس میں ہر اہل مذہب کو اعتقادات، عبادات، رسوم و رواج اور شخصی قوانین (پرسنل لاز) کی آزادی حاصل ہو اور امور مملکت میں مذہب کو کوئی دخل نہ ہو۔ یہ تھی وہ سیکولر حکومت جس کے داعی نیشنلسٹ علماء تھے۔ اس زمانے میں اس گروہ کے سرخیل، دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث اور جمیعت العلمائے ہند کے صدر (مولانا) حسین احمد مدنی (مرحوم) تھے..... ان کا ارشاد تھا:

ایسی جمہوری حکومت جس میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سب شامل ہوں، حاصل کرنے کے لئے سب کو متحدہ کوشش کرنی چاہئے، ایسی مشترکہ آزادی اسلام کے اصول کے عین مطابق ہے اور اسلام میں اس آزادی کی اجازت ہے۔ (زمزم، مورخہ 7 جولائی 1938ء)

(جاری ہے)

محمد انوار خان، اسلام آباد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قرآن اور سنت

قرآن اور سنت یہ جو قرآنِ کریم کے ساتھ ''اور'' لگایا گیا ہے یعنی قرآن اور سنت، قرآن اور حدیث، قرآن اور اہلِ بیت یہ بھی بڑی بنیادی سازش ہے قرآنِ کریم کے ساتھ ''اور'' لگانے کی، اس کی ضرورت اس لیے پیش آئی ہے کہ قرآن کریم میں تبدیلی نہیں کی جاسکتی تھی۔ پہلے قرآن کریم کے ساتھ سنت اور حدیث کو دین میں حجت اور سند قرار دیا گیا اور پھر قران کریم کو ایک طرف کر دیا گیا اور ہر ایک نے سنت اور حدیث کے حوالے دیکھ کر اپنی مرضی اور اپنے فرقے کے مطابق دین کی تشریح کر دی اب ہر ایک فرقے کا جدا جدا اسلام ہے اور قرآن کریم کی آیات کو مردوں کو ثواب پہنچانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ جبکہ وحی ہم سے سوال کر رہی ہے کہ کیا ہمارے لیے قرآن کریم کافی نہیں ہے؟

کیا کافی نہیں ہے ان کے لیے جو کتاب ہم نے نازل کی ہے ان پر جو پڑھ کر سنائی جاتی ہے انہیں۔ (العنکبوت:51)

اللہ کی ہدایت ہی اصل ہدایت ہے۔ (البقرہ:120)

قرآن کریم اس سفر زندگی کی طرف راہنمائی کرتا ہے جو سب سے سیدھی ہے۔ (بنی اسرائیل:9)

اگر یہ قرآن کریم کو ہی دین میں سند مانتے تو کبھی فرقوں میں نہ بٹتے اور نہ ہی ان میں کوئی اختلاف ہوتا مگر سازش یہ تھی کہ مسلمان قرآن کریم سے راہنمائی نہ لے سکیں اس لیے قرآن کریم کے ساتھ اور چیزوں کو بھی سند قرار دیا گیا کبھی کسی مسلمان نے سنت کا مفہوم جاننے کی کوشش ہی نہیں کی کہ دین میں سنت سے کیا مراد ہے؟ سنت کے معنی ہیں ''طریقہ'' سنت رسول کا مطلب ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قرآنِ کریم کے علاوہ کوئی اور طریقہ تھا؟ یقیناً آپ کا طریقہ قرآن کریم کے مطابق تھا اس لیے آپ کی زندگی کو قرآن کریم نے انسانوں کے لیے نمونہ قرار دیا ہے آج بھی جو عمل قرآن کریم کے مطابق ہوگا وہ اصل سنت رسول ہے خالص قرآن کریم سے راہنمائی لینا بھی سنت رسول ہے لہذا قرآن کریم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ سنت ایک ہی چیز ہے اگر قرآن اور سنت دونوں کو الگ الگ دین میں سند قرار دو گے تو پھر قرآن اور سنت کے مطابق کوئی ایسا پبلک لاء نہیں بن سکے گا جو تمام فرقے قبول کر لیں کیونکہ ہر فرقے کی سنت الگ ہے مودودی مرحوم بھی قرآن اور سنت کے مطابق نظام قائم کرنے کا دعویٰ کرتے رہے ہیں مگر کامیاب نہیں ہو سکے بالآخر

مودودی صاحب نے بھی یہ تسلیم کرلیا تھا کہ قرآن اور سنت کے مطابق کوئی ایسا قانون نہیں بن سکتا جس کو سارے فرقے مان لیں (ایشیا ویک 23 اگست 1970) اس کے باوجود علماء نے آئین پاکستان میں یہ شق ڈلوائی ہے کہ کوئی قانون قرآن اور سنت کے علاوہ نہیں بن سکتا۔ پاکستان میں 70 کی دہائی میں نظام مصطفیٰ کی بہت کوشش کی گئی تھی مگر نافذ نہ ہوسکا اس کی بنیادی وجہ مولانا نورانی بریلوی اور مفتی محمود دیوبندی فرقے سے تھے ان دونوں حضرات نے نظام مصطفیٰ کے لیے ایک ساتھ کوشش تو کی مگر ایک ساتھ نماز نہیں پڑھی، نظام تو نہیں قائم ہوسکا البتہ اس کوشش میں بہت سارے سادہ لوح مسلمانوں کا خون ضرور ہوا ہے۔ مولانا نورانی اور مفتی محمود قرآن کریم کے بغیر نظام مصطفیٰ قائم کرنا چاہتے تھے یہ اس بات کو سمجھتے ہی نہیں تھے کہ جو نظام خالص قرآن کریم کے مطابق ہوگا وہ نظام مصطفیٰ ہوگا قرآن اور سنت کو الگ الگ کرکے کوئی قانون کوئی نظام قائم نہیں ہوسکتا نظام تو دور کی بات ہے یہ ایک جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھ سکتے۔ جنرل ضیاء الحق صاحب نے بھی بڑے خلوص سے کوشش کی تھی کہ پاکستان میں قرآن وسنت کا نظام قائم ہوجائے مگر کامیاب نہیں ہوسکا اگر جنرل ضیاء الحق صاحب اتنی کوشش خالص قرآنی نظام کے لیے کرتے تو پاکستان کی بلکہ دنیا کی تقدیر ہی بدل جاتی۔ نظام صرف قرآن کریم کے مطابق قائم ہوسکتا ہے قرآن کریم مکمل ضابطہ حیات ہے اور کسی بھی مکمل کے ساتھ ''اور'' لگ ہی نہیں سکتا اگر اس کے ساتھ اور لگا دیا گیا تو یہ آدھا ہو جائے گا جیسے ہم کہتے ہیں سرخ تو اس کا مطلب ہے 100 فیصد سرخ اور جونہی اس کے ساتھ اور لگا دیا یہ آدھا ہوگیا جیسے سرخ اور سفید یعنی آدھا سرخ اور آدھا سفید۔ ہر فرقہ حجۃ الوداع کے خطبے کا حوالہ دیتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہے کہ میں دو چیزیں تم میں چھوڑ کر جارہا ہوں جب تک ان کو پکڑو گے گمراہ نہیں ہوگے، کوئی فرقہ کہتا ہے کہ آپ نے کہا ہے قرآن اور میری سنت، دوسرے نے کہا ہے قرآن اور حدیث، فقہ جعفری والے بلکہ بہت سارے سنی حضرات بھی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا تھا ''قرآن اور اہل بیت''۔ ہر ایک کو سند مل رہی ہے ہر فرقہ اپنے آپ کو حق پر سمجھتا ہے، مگر حقیقت یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کے علاوہ امت کے لیے کچھ نہیں چھوڑا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کے علاوہ دین میں کسی اور چیز کو سند قرار نہیں دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کے مطابق ہر فیصلہ کیا ہے قرآن کریم کے مطابق حکومت قائم کی ہے سارا نظام قرآن کریم کے مطابق تھا آج بھی قرآن کریم کے مطابق نظام قائم ہوجائے تو فرقے ختم ہوجائیں گے جو اس نظام کو قبول کریں گے وہ حزب اللہ ہوں گے جو اس نظام کی مخالفت کریں گے وہ حزب الشیطان ہوں گے۔ قرآن کریم میں متعدد مقامات میں کتاب وحکمت کی اصطلاح آئی ہے مگر ایک مقام پر بھی کتاب وسنت نہیں آیا کیونکہ کتاب وسنت کو دین میں سند مذہبی پیشوائیت نے قرار دیا ہے اور یہ بھی یاد رہے کہ قرآنِ کریم میں کسی مقام پر سنت نبی یا سنت رسول بھی نہیں آیا، اس کے باوجود مولویوں کا سارا کاروبار سنت رسول کے نام پر چلتا ہے بڑی اہم اور گہری سازش تھی قرآن کے ساتھ ''اور'' لگانے کی اس سے اسلام کو بہت شدید نقصان پہنچایا گیا ہے۔ اللہ کی اطاعت، رسول کی اطاعت اور قرآن کی اطاعت مختلف اطاعتیں نہیں ہیں بلکہ یہ ایک ہی اطاعت ہے۔

نفیسہ فریاد چاہل

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اقبال کا شاہین ہو کہ پرویز کا سلیم

سلسلہ ''اقبال کا شاہین ہو کہ پرویز کا سلیم'' شروع کرنے کا خیال ہمیں آٹھ نو مہینے پہلے آیا تھا۔ جس کا اظہار ہم نے طلوعِ اسلام کی رو سے ایک حضرت سے کیا تو ان کی طرف سے مثبت اشارہ ملنے پر اس پر کام شروع کر دیا۔ پہلے تو سوچا تھا کہ ہر ماہ اس پر جتنا کام ہوا ہوگا وہ چھپے گا اور اس طرح یہ سلسلہ جب تک چلا چلاتے رہیں گے۔ چونکہ اس کا مقصد ان تعلیمات کو ایک جگہ اکٹھا کرنا تھا جو علامہ اقبال اور علامہ پرویز نے مختلف پیرایوں میں بیان کی ہو، مگر موضوع ایک ہی ہو۔ پھر جیسے جیسے ہم اس پہ تحقیق کرتے گئے یہ مزید واضح ہوتا گیا۔ کیوں کہ پرویز صاحب بھی اسی راستے کے مسافر ہیں جو اقبال کا تھا۔ یہ واقعی ایک خوبصورت اقدام تھا جس کا مواد ہمیں وقتاً فوقتاً ملتا رہا ہے اور میں اس نتیجے پر پہنچی ہوں کہ ان دونوں (اقبال اور پرویز) کی سوچ تقریباً ایک ہی طرز پر چلتی ہے کیونکہ مقصد دونوں کا ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ عوام الناس کو زندہ رہنے کا تحفظ مل سکے۔ جہاں اقبال خودی کی بات کرتے ہیں وہیں پرویز خدا کے احکامات یعنی قرآن کا پیغام انسان کے کان تک پہنچا کر اسے ارفع و اعلیٰ بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس ماہ کے حصے میں فروری کے شمارے میں شائع ہوئی تحریر کا موضوع ہی زیرِ بحث رہے گا۔ البتہ اس میں کچھ مزید تفصیل سے بیان سامنے آئیں گے۔ وہاں زمین اللہ کی پر مشتمل اقبال اور پرویز کی تعلیمات کو باہم ملایا گیا تھا۔ اس حصے میں دونوں بزرگوں کی تعلیمات کو یکجا کیا جائے گا۔ پرویز صاحب کی تصنیف ''خدا اور سرمایہ دار'' اور علامہ اقبال کی ''ارمغانِ حجاز'' میں سے نظم ''ابلیس کی مجلسِ شوریٰ'' سے موقع محل کی مناسبت سے اشعار درج کیے جائیں گے۔ یہاں قوسین میں درج معانی و مفہوم ہماری طرف سے کیا جائے گا۔ پرویز صاحب رقمطراز ہیں: ''انسان نے جب اس اہم مسئلہ (روٹی) کے حل کے لیے مذہب کے دروازے پر دستک دی۔ مذہب سے میری مراد انسان کا خود ساختہ مذہب (جس میں جس بھی انسان کی طرف سے جو بھی بات کہی جائے اس پر عمل کرنا لوگوں کا فرض بن جانا چاہیے اور اللہ کے احکامات پر بغیر تحقیق و جستجو محض ثواب کی نیت سے کان، آنکھیں اور زبان بند کر لی جاتی ہے)۔ تو اس نے یہ کہہ کر پیچھا چھڑا لیا میرا مقصد انسان کو مرنے کے بعد کی زندگی میں عذاب سے نجات دلانا ہے۔ اس لیے دنیا کے مسائل سے ہمارا کوئی سروکار نہیں۔ یہ مادی دنیا کثافت اور غلاظت سے بھری ہوئی ہے۔ اس لیے خدا کے نیک بندوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسے قابلِ نفرت سمجھیں اور جہاں تک ہو سکے اس سے دور بھاگیں۔'' (وہ یہ کہہ دیں کہ جن کو خدا نے تنگ دست رکھا ہے یہ اس کا امتحان ہے اور انسان

